اے عزیزان کرام احوال و اعمال کو دیکھو تا کہ ان کے جمال کے اسرار تم پر منکشف ہوں کہ ان کی طاعت ان کے نزدیک تمام تر گناہ مگر ان کی معصیت بگناہ پوشوں کی گناہ پوش ہے۔

نصیحت :- الشیخ ھو الذی قدس الذات و فانی الصفات یعنی شیخ کو پاکیزہ نفس اور فنافی الصفات ہونا چاہیے۔ اگر اتنا مقام حاصل ہے تو شیخی کی اہلیت رکھتا ہے۔

بندگی مخدوم قوام الدین کا وصال بست ماہ شعبان روز دوشنبہ سنہ آٹھ سو چھ ۸۰۶ھ ہے۔

---

# ذکر بندگی مخدوم شیخ سارنگ قدس اللہ سرہٗ

بندگی مخدوم سارنگ سلطان فیروز شاہ کے امرا میں تھے ملک سارنگ کے لقب سے یاد کیے جاتے۔ جب دنیاداری میں تھے تو بارہ سو سوار آپکی چاکری میں تھے۔

بیعت حضرت مخدوم قوام الدین سے تھی۔ ترک دنیا کے بعد حضرت مخدوم شیخ صدرالدین راجو قتال اور مخدوم جہانیاں سے خلافت حاصل کی۔

صدرالدین سید راجو کو قتال اسلیے کہتے ہیں کہ کسی میں اتنی تاب نہیں تھی کہ ان کی نظر کی تاب لاسکے۔ ان کی زبان سے جو بات نکل جاتی تھی قطعی ہو کے رہتی تھی۔

ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ خود آپ کے صاحبزادہ نے ایک بے جرم کے سر کے بال اور داڑھی کے مونڈ دینے کا حکم دیا۔ اس فریادی غریب نے حضرت کی خدمت میں عرض حال کیا۔ آپکی زبان مبارک سے یہ جملہ نکل گیا وہ خود اپنی داڑھی تراشے گا۔ اسی وقت آپ کے صاحبزادہ پر ایک حالت طاری ہوئی: نائی کو بلایا اپنے روبرو بٹھلایا اور حکم دیا کہ جلدی کر دو میری داڑھی تراش دو۔ نائی ڈرا، آئینہ اور استرا ان کے سامنے رکھ کر ہاتھ دھونے کے بہانے سے باہر نکل گیا اور کہیں چھپ گیا۔ ان صاحبزادے نے جب دیکھا کہ آئینہ سامنے رکھا ہے استرہ اٹھایا اور داڑھی مونڈ لی۔

منقول ہے کہ حضرت سارنگ بیعت کے بعد حضرت قوام الدین کی قدمبوسی کے لیے آیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ قوام الدین ایک کیفیت خاص میں تھے۔ فرمانے لگے ملک سارنگ اکہرا کپڑا برساتی کی طرح بنا ؤ تم کو ذکر تلقین کردوں گا۔ انھوں نے ان کا مشورہ قبول کیا۔ تلقین ذکر کے بعد فرمایا۔ یہی اکہرا کپڑا پہنو، انشاءاللہ کسی نہ کسی وقت یہ تلقین کام آئے گی۔

بندگی مخدوم سارنگ نے اپنے دور رتوں میں بعض اشغال کی تعلیم حضرت راجو قتال سے سلطان فیروز شاہ کے عہد میں پائی تھی۔ جبکہ حضرت راجو قتال نواہوں کے قضیہ کے سلسلے میں تشریف لائے تھے۔

نواہوں کا قصہ سیر العارفین میں اس طرح لکھا ہے کہ نواہوں نام کا ایک ہندو تھا جو فارسی نویس تھا۔ سلطان فیروز شاہ نے داروغگی کی خدمت پر مامور کر کے شہر اوچ بھیجا تھا۔ انھیں دنوں حضرت مخدوم جہانیاں مرض موت میں گرفتار تھے۔ نواہوں ان کو دیکھنے گیا۔ مخدوم جہانیاں کی خدمت میں آیا۔ اس کی زبان سے یہ جملہ نکلا کہ حضرت مخدوم کو اللہ صحت بخشے کہ آپ خاتم اولیا ہیں جس طرح محمد رسول اللہ

خاتم الانبیا تھے۔ مخدوم جہانیاں نے جب یہ بات سنی حضرت راجو قتال کی طرف دیکھ کر فرمایا سنتے ہو کیا کہتا ہے۔ مخدوم راجو قتال نے عرض کیا سن رہا ہوں۔

نواہون نے سمجھا مجھے مسلمان ہونے کو کہتے ہیں۔ اسی وقت اوچ سے بھاگ کر سلطان فیروز شاہ کے پاس دہلی چلا آیا، اور تمام واقعہ کہہ سنایا۔

سلطان فیروز شاہ نے کہا اگر ایسا ہے تو مسلمان ہو جاؤ۔

نواہون نے کہا میں جان دیدوں گا۔ مگر مسلمان نہ ہوں گا۔

اس واقعہ کے چند دنوں کے بعد مخدوم جہانیاں نے رحلت فرمائی۔ فاتحہ سوم کے بعد حضرت راجو قتال سواری کا انتظام کر کے دہلی کی طرف روانہ ہو گئے۔ جب شہر کے قریب پہنچے سلطان فیروز شاہ کو تشریف آوری کی خبر ملی سمجھا کہ اسی نواہون کے قضیے کے سلسلے میں تشریف لا رہے ہیں۔ سلطان نواہون کو بہت عزیز رکھتا تھا۔ دو تین علما کو جو شہر میں بہت ممتاز تھے بلایا۔ اور نواہون کا واقعہ بیان کر کے ان سے دریافت کیا کہ شرعی اعتبار سے اس واقعہ کی کیا حیثیت ہے؟ قاضی عبدالمقتدر کے ایک بیٹے جن کا نام محمد تھا، بہت ذہین تھے انھوں نے بادشاہ سے عرض کیا کہ آپ خود حضرت کے استقبال کے لیے جائیے اور پہلی ملاقات میں حضرت سے پوچھئے کیا آپ اسی کافر کے قضیے میں آئے ہیں، جب کہیں ہاں اسی کافر کے قضیے میں آیا ہوں، تو ہم استفسار سے بری ہو جاتے ہیں۔ بادشاہ چند علما کو ہمراہ لے کر استقبال کیلئے گیا۔ پہنچنے کے وقت ہی اس نے پوچھا کیا حضرت مخدوم اس کافر کے قضیہ میں آئے ہیں۔ حضرت شیخ راجو قتال نے فرمایا ہاں اسی مسلم کے قضیہ میں آیا ہوں۔ شیخ محمد نے کہا، اب تک اس کے اسلام کا ثبوت شرعی طریقے پر نہیں ملا ہے اور آپ اسلام کا حکم لگا رہے ہیں۔ آپ نے ان کی طرف تیز نظر کی اور زبان مبارک سے فرمایا۔ تمہاری باتوں سے دیانت کی بو نہیں آتی جاؤ۔ آپ کے کہتے ہی ان کے پیٹ میں سخت درد ہوا اپنے مکان میں لے جائے گئے۔ قاضی مقتدر دوڑے اور حضرت سے عرض کیا یہی ایک آنکھ ہے اس کو بخش دیجیے۔ آپ نے فرمایا، اس کا وقت پورا ہو گیا اور رہ جا چکا البتہ اس کے گھر ولادت ہو گی اور وہ بہت اہل تقویٰ ہو گا۔

اس کے بعد شیخ محمد انتقال کر گئے ان کی اہلیہ امید سے تھیں، جب ولادت ہوئی تو ایک صاحبزادہ پیدا ہوئے جن کا نام ابوالفتح رکھا گیا۔ یہ اپنے وقت کے درویش کامل ہوئے۔ ان کا مقبرہ جون پور میں موجود ہے۔ نواہون کے معاملے میں اس رگڑے جھگڑے کے بعد یہی ہوا کہ لوگوں نے اس کی گردن ماردی شیخ بھی دہلی سے اپنے وطن واپس آ گئے۔

اس حکایت کے لکھنے کی غرض یہ تھی کہ حضرت راجو قتال اسی تقریب سے دہلی آئے تھے۔ مخدوم شیخ سارنگ کو انھوں نے پسند کیا اور بعض اشغال کی تعلیم دی۔ یہ بات بھی کہی جاتی ہے کہ بادشاہ حضرت راجو قتال کے پاس کھانا شیخ سارنگ ہی کی معرفت بھیجا کرتے تھے بندگی مخدوم نے چند لقمے اسی کھانے کے اپنے ہاتھ سے حضرت شیخ سارنگ کو کھلائے۔ چند ہی دنوں میں اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں ایک جذبہ پیدا

گویا بکلیت ان کا دل تمام املاک، مال و متاع، گھربار سے پھر گیا۔ تمام اشیا درویشوں میں تقسیم کر دی اور خانہ کعبہ کی طرف چل پڑے۔ حج اور روضۂ طیبہ حضرت رسالت پناہ سے فارغ ہو کر اپنے مقام کی طرف لوٹے اور ایک گاؤں موضع پچکوان میں مستقل مقیم ہو گئے یہ فتحپور کا ایک دیہات ہے لکھنؤ سے بارہ کوس پر واقع ہے یہیں مختلف ریاضات وطاعات میں مشغول رہے۔

انھیں ایام میں حضرت راجو قتال نے اوچہ سے جامہ خلافت اور مثال آپ کے پاس بھیجی۔ شیخ سارنگ نے اس عذر کے ساتھ واپس کیا کہ میں ایک نومسلم ہوں، مجھ میں یہ صلاحیت کہاں ہے کہ درویشوں اور اولیا کا لباس پہنوں میں خود کو اس کا اہل نہیں سمجھتا میں اس لباس کے محافظت کی صلاحیت نہیں رکھتا ہوں۔

اس کے جواب میں حضرت راجو قتال نے لکھ بھیجا کہ میں نے یہ خرقہ و مثال خدا کے حکم، رسول اللہ کے فرمان اور پیران سلسلہ رضوان اللہ علیہم کے حکم وارشاد سے بھیجا ہے۔ کسی وسوسے اور دغدغے کو دل میں لائے بغیر بے فکر ہو کر پہنو۔ اللہ تم کو مبارک کرے اس کے بعد شیخ سارنگ نے خرقۂ خلافت پہن لیا۔ اس کے بعد ہر وہ شخص جو بیعت طارادت کی نیت سے سرکار لکھنؤ کے اطراف سے حضرت راجو قتال کے پاس پہنچتا اس کو لوٹا دیتے۔ اور فرماتے کہ میں نے اس جگہ شیخ سارنگ کو متعین کر دیا ہے۔ تم لوگ کس لیے اتنی مسافت طے کر کے یہاں آتے ہو۔ وہیں جاؤ اور شیخ سارنگ سے مرید ہو۔

نقل ہے کہ شیخ سارنگ کی ایک سو بیس سال کی عمر ہو گئی تھی شیخ فانی ہو گئے تھے۔ رمضان کے روزے رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ رمضان میں کچھ کھا لیتے تھے۔ پیر دستگیر مخدوم شاہ مینا قدس سرہٗ ان کی خدمت میں ان کے روبرو کھڑے تھے ان کے دل میں یہ بات آئی کہ مخدوم اپنا پس خوردہ عنایت فرما دیں تو میں فوراً کھا جاؤں۔ کھانے کے ساتھ روزے رکھ لوں گا۔ حضرت مخدوم نے اپنا سر اٹھایا اور فرمایا۔ شیخ مینا تم قطب ہو گیا یہ مناسب ہے کہ میں تمھیں کسی نامناسب شے کا حکم دوں۔ مجھکو شریعت نے روزہ نہ رکھنا مباح کیا ہے۔ اگر رات میں کوئی چیز کھاؤں گا تو کچھ اس میں دوں گا۔

اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ منصب قطبیت حضرت مینا کو اپنے پیر دستگیر سے حاصل تھا اور مدت دراز سے رئیس درویشاں اور محبوب عارفاں شیخ قوام الدین بھی تھے جیسا کہ پیر دستگیر (شاہ مینا) کے ذکر میں مذکور ہوگا۔

حضرت مخدوم شیخ سارنگ کے دو خلیفہ تھے۔ ایک پیر دستگیر شیخ مینا اور دوسرے مخدوم شیخ حسام الدین صوفی فتحپوری۔ اسی طرح حضرت پیر دستگیر (شیخ مینا) کے بھی دو خلیفے ایک مخدوم عالم شیخ سعد قدس سرہٗ اور دوسرے آپ کے برادر زادہ وجانشین شیخ قطب الدین اور کوئی دوسرا خلیفہ نہ تھا۔ حضرت شیخ سارنگ عیال دار تھے۔ کئی صاحبزادے تھے کہ ان صاحبزادوں کی اولاد موضع پچکوان میں ان کے روضہ کی خادمی اور جاروب کشی کرتی ہے۔

شیخ سارنگ قولاً وفعلاً اپنے شیخ، حضرت قوام الدین کے تبع تھے ایک تیر شیخ سارنگ کا جبہ بر ساتی تھا جیسا کہ علما میں مروج ہے

پہنے ہوئے تھے۔ مخدوم شیخ مینا نے دریافت کیا حضرت شیخ قوام الدین بھی اس قسم کا جبہ بارانی پہنتے تھے شیخ سارنگ نے فرمایا یاد نہیں اور فوراً اتار کر درزی کو دیا کہ اس کو تراش کر شلوار بنادو۔

بندگی مخدوم شیخ سارنگ کی وفات شب پنجشنبہ اور دفن روز پنجشنبہ ۸۵۵ھ آٹھ سو پچپن ہجری میں ہوئی۔

جس روز حضرت مخدوم شاہ سارنگ کا وصال ہوا، پیر دستگیر (شاہ مینا) نے خیال کیا میرے پیر نے ایسی جگہ انتقال کیا ہے کہ کوئی شخص نماز جنازہ میں شرکت کیلئے بھی حاضر نہیں ہے کیوں کہ یہ جگہ ویران ہے اور حضرت کو ازدہام خلق پسند بھی نہ تھا حضرت مخدوم نے فوراً چہرہ سے کفن ہٹالیا اور فرمایا شیخ مینا فکر نہ کر اللہ کفایت کرنے والا ہے۔

جب جنازہ تیار ہوگیا برقعہ پوشوں کا ایک عظیم لشکر ہر طرف سے آنا شروع ہوا، باجماعت نماز پڑھی دفن کیا اور غائب ہوگیا۔

# ذکر بندگی مخدوم شیخ محمد قطب المشہور شیخ مینا لکھنوی قدس اللہ تعالیٰ سرہ

جن کا قول یہ ہے کہ خراب دل سے اگر ایمان بھی صادر ہو کفر ہے اور اگر آباد دل سے کفر صادر ہو تمام تر ایمان ہے۔

منقول ہے کہ جب پیر دستگیر (شاہ مینا) پیدا ہوئے تو بندگی شیخ قوام الدینؒ نے ہندی زبان میں فرمایا "او امورا مینا" اسی سبب سے ان کا عرف مینا ہو گیا۔ بعض لوگوں سے اس طرح منقول ہے کہ پیر دستگیر (شاہ مینا) حضرت قوام الدین کے انتقال کے بعد پیدا ہوئے۔ مخدوم قوام الدین نے ایک روز اپنی اہلیہ سے فرمایا کہ میرے بعد برادرم قطب الدین کو ایک بیٹا پیدا ہوگا جو قطب ہوگا اور میرا سلسلہ اسی سے جاری و روشن ہوگا۔ تم اس کو دودھ پلاؤ گی اور میری خانقاہ اس کے حوالہ کر دو گی۔ بی بی صاحبہ نے کہا مدت ہوئی میرا دودھ خشک ہو گیا۔ بندگی مخدوم شاہ نے فرمایا تم کو کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری قسمت میں ایک ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ جب پیر دستگیر پیدا ہوئے تب بی بی صاحبہ کو بندگی مخدوم کی وصیت یاد آئی گود میں لے کر سینے سے قریب کیا۔ دودھ اس طرح رواں ہوا کہ تمام دیکھنے والیاں حیران تھیں۔ لوگوں کا بیان ہے کہ چالیس سال کے بعد یہ دودھ پیدا ہوا تھا۔

منقول ہے۔ بی بی صاحبہ فرماتی ہیں کہ جس وقت میں بے وضو ہوتی تھی میاں مینا دودھ نہیں پیتے تھے۔ اور تمام مدت شیر خوارگی میں یہی حال رہا۔

بی بی صاحبہ یہ بھی فرماتی ہیں کہ جب تین سال کے ہوئے تو جو پرندہ گوریا وغیرہ کی قسم سے ان کے سامنے سے گذرتا ہوتا اس کو بلاتے فوراً چلا آتا اور ان کے سامنے بیٹھ جاتا۔ جب تک اس کو جانے کو نہیں کہتے نہیں جاتا تھا۔ جب چار سال چار مہینے کے ہوئے۔ ان کو مکتب میں بٹھایا گیا۔ معلم کو یہ معلوم ہو گیا تھا کہ یہ ولی اللہ ہیں، اس سبب سے ان کی تعلیم سے فکرمند نہیں رہتے تھے۔ دوسرے لڑکے پڑھتے تھے لوگ یہ مشغول رہا کرتے تھے۔ جب فرصت کا وقت ہوتا اور لڑکے استاد کے پاس پہنچ کر یکبارگی سلام کر کے روانہ ہوتے۔ دعا و سلام کی آواز پر پیر دستگیر حاضر ہوتے اور معلم کو سلام کر کے رخصت ہوتے۔

جب آپ کی عمر دس سال کی ہوئی بندگی مخدوم راجو قتال کے ایک خادم لکھنؤ آئے ہوئے تھے معرفت میں کمال نسبت حاصل تھی۔ انھوں نے پیر دستگیر (مخدوم مینا) کو بعض اشغال کی تعلیم دی۔ جب بارہ سال کے ہوئے قطب وقت ہوئے۔

ان کی قطبیت کا اعلان حضرت شاہ مدار کے واسطے سے ہوا اور یہ واقعہ اس طرح ہے کہ قاضی شہاب الدین ساکن مقام پیلانی جو دریاباد کا ایک دیہات ہے بعض قاضی شہاب الدین کی جگہ قاضی محمود کنتوری کا نام لیتے ہیں جو شاہ مدار کے مرید تھے۔ اور شہاب الدین

آتش پرکالے مشہور ہیں۔ ایک مرتبہ اپنے پیر سے ملنے جا رہے تھے راستے میں جب لکھنؤ پہنچے اکثر مخلوق اپنی حاجات کے سلسلے میں ان کی خدمت میں آئی۔ قاضی شہاب نے کہا میں اپنے پیر کی ملاقات کو جا رہا ہوں تم لوگ ہر ایک کی حاجت کو لکھ کر ان کے سامنے پیش کردوں گا تاکہ جو جواب دیئے ویسا ہی کیا جائے۔ قاضی شہاب حضرت شاہ مدار کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ چند روز ٹھہرے پھر رخصت کے وقت ہر ایک کی حاجت کو جو کاغذ پر لکھی تھی پیش کی۔ حضرت شاہ مدار نے فرمایا کہ قاضی شہاب تم کو معلوم نہیں کہ ولایت شیخ مینا کے حوالہ ہوئی ہے ان لوگوں سے کہو کہ شیخ مینا سے رجوع کریں۔ قاضی شہاب نے کہا شیخ مینا کون ہیں حضرت شاہ مدار نے فرمایا کہ تمہاری آنکھوں پر تو مرغ کی چربی چڑھ گئی ہے۔ کیوں کہ قاضی شہاب کے پاس نذور و فتوح میں مرغ بہت آیا کرتے تھے۔ پھر حضرت شاہ مدار نے بتایا کہ یہ ایک کم عمر بچہ ہے جس کی عمر بارہ سال ہے اور ان کا حلیہ بھی بتایا۔ اور یہ فرمایا کہ یہ قطب ہیں۔ اور تم کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یہ ولایت میرے حوالہ ہے لیکن وہاں کے لوگوں کو معلوم نہیں ہے۔ تم جاؤ اور تمام لوگوں کو خبر کر دو کہ لوگ اپنی حاجتیں ان کے سامنے پیش کریں۔ تم بھی ان سے جاکر ملاقات کرو اور میرا دعا و سلام پہنچاؤ اور ایک مصلیٰ دیا کہ میری طرف سے شاہ مینا کو نذر پیش کرو حضرت شاہ مدار کا نام بدیع الدین ہے اور مدار لقب۔ یہ بزرگ اویسی نسبت تھے۔ سادات حسینی سے ہیں۔ والد کا نام ابو اسحٰق شامی اور والدہ کا نام بی بی ہو یدا جد بزرگوار حضرت زین العابدین ابو موسیٰ کاظم ابن جعفر صادق ابن محمد باقر ابن زین العابدین بن امام حسین شہید کربلا رضوان اللہ علیہم

بعضوں نے شجرہ طریقت اس طرح لکھا ہے۔

شاہ بدیع الدین مدار ہو مجاز من شیخ عبداللہ المکی ہو مجاز من شیخ طیفور الشامی ہو مجاز من ابی بکر الصدیق ہو مجاز من خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نسبت علویہ۔ بعضوں نے شیخ عبداللہ المکی ہو مجاز شیخ ابو ربیع المقدسی ہو من شیخ یمین الدین الشامی ہو من اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالب۔ واللہ اعلم۔

تاریخ وفات "ساکن بہشت" ہے کہ جس سے آٹھ سو انتیس ۸۲۹ برآمد ہوتا ہے۔

جب قاضی شہاب الدین لکھنؤ واپس آئے حاجتمند جمع ہوئے قاضی شہاب الدین نے کہا کہ میرے پیر نے فرمایا ہے کہ وہ ولایت شیخ مینا کے سپرد ہوئی ہے۔ وہ قطب ہیں تم لوگ ان کے پاس اپنے مہمات میں جایا کرو اس وقت قاضی شہاب الدین تمام حاجتمندوں کے ساتھ مخدوم مینا کی خدمت میں حاضر ہوئے ملاقات کی اور دعا و سلام کے بعد مصلیٰ پیش کیا اور حاجتمندوں کیلیے سفارش کی اور مودب بیٹھ گئے۔ ایک حاجتمند فوراً کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا میرے پیر بیمار ہیں۔ پیر دستگیر نے دوات و قلم طلب کیا اور ہر حاجتمند کو دعا تعویذ وغیرہ دینے لگے۔ ایک حاجتمند جس نے پیر کی علالت کے متعلق عرض کیا تھا، اسی طرح کھڑا رہا۔ بندگی مخدوم نے سر جھکایا پھر بہت دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا "بابا جاؤ صبر کرو ہر چند اس کی شفا میں نے درگاہ حق سے چاہی مگر حکم ملا کہ ان کی عمر اسی قدر تھی اور یہ دوہڑہ پڑھا۔

ٹوٹی پیت اکاس جتنا جوڑوں نہ جڑے ۔۔۔ جنہ سر جن کی آس لیے سر جن دو جن بھئی

تک اوپر سے ٹوٹ چکی ہے میں جوڑ نہیں سکتا۔ دوست نے دشمنی ابھار دی دوستی کا رشتہ توڑ دیا۔

اب آپکا کام روز بروز بڑھتا چلا گیا۔ اس کے بعد آپ مخدوم شاہ سارنگ کی خدمت میں گئے اور مرید ہوئے اور سالہا سال انکی خدمت کرتے رہے۔

روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سارنگ نے مخدوم مینا کو کسی کام سے کسی دیہات میں بھیجا۔ اس کام کو حسن و خوبی انجام دے کر واپس ہوئے۔ مخدوم شاہ سارنگ نے فرمایا اس دیہات میں ایک بزرگ بھی رہتے ہیں ان سے بھی ملے تھے؟ آپ نے عرض کیا نہیں۔ مخدوم شاہ سارنگ نے فرمایا جب کہیں جاؤ وہاں کے بزرگوں سے بھی ملا کرو۔ آپ نے عرض کیا ؎

ہمہ شہر پر ز خوبان منم و خیال ماہے　　چکنم کہ چشم بد خو نکند بکس نگاہے

بندگی مخدوم شاہ سارنگ نے پیر دستگیر مخدوم شیخ مینا کو اجازت و خلافت عطا فرمائی کہ آپ اپنے مقام پر جاؤ اور یاد حق میں مشغول ہو۔

منقول ہے کہ پیر دستگیر (شیخ مینا) کے والد کے دو صاحبزادے تھے۔ شیخ احمد اور شیخ محمد المعروف بہ شیخ مینا، پیر دستگیر حصور رہے۔ حصور اس کو کہتے ہیں جو قدرت کے باوجود عورت کے قریب نہ جائے تاکہ نفس شہوات سے محفوظ رہے۔ شیخ احمد کے دو لڑکے ہوئے۔ ایک شیخ قطب الدین دوسرے شیخ زید۔ شیخ قطب الدین کو پیر دستگیر (شیخ مینا) نے اپنا متبنیٰ بنا لیا تھا۔ آخر میں انہی کو انھوں نے اپنا خلیفہ اور جانشین بنایا۔ آج کل ان کے نواسوں کے ہاتھ میں آستانہ کی خادمی ہے۔

منقول ہے کہ پیر دستگیر کو بیعت و خلافت سلطان العارفین شیخ سارنگ سے تھی۔ جملہ حرکات و سکنات میں اپنے پیر کے متبع تھے۔ اپنے پیر کے سوا کسی دوسرے کی طرف توجہ نہ کرتے تھے۔ فرماتے تھے مرید اگر اپنے پیر کی زندگی میں کسی دوسرے کی اتباع اور تلقین کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو بہرہ ور نہیں ہوتا۔ پیر کی موجودگی کے باوجود کسی دوسرے سے محبت ہوتی اور خلافت قبول کرنی جائز نہیں ہے اگرچہ اپنے پیر کے ساتھ محبت و رابطہ قلبی بہت زیادہ ہی کیوں نہ ہو ترقی زیادہ نہیں ہوتی۔

جو رنج و مشقت کہ حضرت پیر دستگیر نے راہ خدا میں دیکھی ہے وہ طاقت بشری سے باہر ہے۔ بجز عنایت الٰہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ جاڑے کے موسم میں جبکہ سردی شدت کی ہوتی بیدار رہنے کے لیے کہ نیند کا غلبہ نہ ہو۔ پانی میں لباس تر کر کے جسم پر ڈال لیتے اور حضرت قوام الدین کے صحن خانہ میں جہاں سرد ہوا نہایت تیزی سے آتی ہوتی وہاں بیٹھ جاتے۔ سردی شدت سے جسم پر اثر انداز ہوتی اور نیند کا غلبہ دور ہو جاتا۔ کبھی ایسا ہوتا کہ اپنی ٹوپی پانی میں تر کر کے اپنے منڈے ہوئے سر پر پہن لیتے۔ کبھی سنگ ریزہ جمع کر کے اس پر بیٹھتے۔ تمام رات عبادت خدا میں مشغول رہتے۔ جب بھی نیند کا غلبہ ہوتا ان سنگ ریزوں پر لوٹتے یہاں تک کہ نیند جاتی رہتی۔ معلوم ہے کہ سنگ ریزے پر کیا نیند آ سکتی اور کیا آرام مل سکتا۔ کبھی ایسا ہوتا کہ بلند دیوار کے سرے پر بیٹھ جاتے تھے۔ گرنے کے خوف سے نیند نہ آتی تھی۔ تمام رات اللہ کی یاد میں گزرتی تھی۔ بعض اوقات جبکہ پانی گرم کر دیتے تھے اور نفس اس کی گرمی سے قدرے آرام حاصل کرتا، یا کچھ کاہلی اثر انداز

ہوتی یا یہ خطرہ دل میں گزرتا کہ وضو میں قدرے تاخیر ہو جائے گی فوراً اٹھ جاتے گرم پانی چھوڑ دیتے اور سرد پانی سے غسل کرتے۔ کتنی راتیں صلوٰۃ معکوس میں گزریں صوم طے اکثر رکھا کرتے تھے کھڑاؤں پہنتے اور بار بار کوس پیدل چلتے تھے۔

مردان بسعی و رنج بجائے رسیدہ اند　　　　تو بیخبر کجا رسی از نفس پروری

قطب العالم حضرت سعد خیرآبادی فرماتے ہیں کہ پیر دستگیر کے عرس میں جو میں اس قدر طعام داری کرتا ہوں یہ مخلوق کیلیے کرتا ہوں ورنہ مجھ کو پیر دستگیر سے شرم آتی ہے کہ کبھی بھی پیر دستگیر نے بلا فاقہ کھانا نہیں کھایا۔

پیر دستگیر کو چرب دار کھانے سے نفرت تھی یہاں تک کہ چربی یا روغن کی بو اگر دماغ میں پہنچتی تو تحمل نہیں کر سکتے تھے۔ وہ اس کو مسکر سمجھتے تھے۔

منقول ہے کہ پیر دستگیر نے اربعینات بہت کی ہیں لیکن ان کی شہرت نہ تھی صائم اور مشغول رہا کرتے تھے۔ لوگوں سے ملنے کیلیے باہر آتے تھے۔ خانقاہ میں تھوڑی دیر ٹھہرتے اور پھر حجرہ میں چلے جاتے اور مشغول رہتے۔ بعض اوقات انتیس روز گزرنے کے بعد اچانک کوئی عزیز یا معتقد آپکا جوٹھا پانی طلب کرتا۔ چوں کہ پوشیدگی کا لحاظ رہتا تھا اسلیے نہیں کہتے تھے کہ میں روزہ دار ہوں۔ جو اس کی خوشی ہوتی دہی کر دیتے تھے۔ پھر نئے سرے سے اربعین کی نیت کرتے۔ اس قہر نفس کا مقصد صرف یہ تھا کہ اربعین کی تکمیل سے نفس مغرور نہ ہو اور ایک مسلمان بھائی کی دل شکنی نہ ہو۔

بزرگان بیان کرتے ہیں کہ حضرت پیر دستگیر کی عادت تھی کہ نیند سے بیدار ہوتے ہی تیمم کرتے تھے پھر وضو کیلیے مستعد ہوتے۔ فرماتے تھے کہ آدم کی اصل خلقت مٹی اور پانی ہے۔ انہی دونوں سے آگ بجھتی ہے۔ کل قیامت میں بھی بڑی امید ہے کہ خداوند تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے آخرت کی آگ کو بھی ان دونوں کی وجہ سے بجھا دے گا۔

حضرت پیر دستگیر کو اگرچہ ہر وقت وضو ہوتا تھا مگر ہر ایک دو گھنٹے کے بعد اٹھتے وضو کرتے اور دو رکعت نماز پڑھتے تھے۔ فرماتے تھے۔ تازہ وضو قساوت ظاہری اور تاریکی قلب کو دور کرتا ہے اور ایک تازہ نور دل میں پیدا کرتا ہے۔ کہ شیطان جب اس کو دیکھتا ہے کڑھتا ہے۔ جب تک یہ پانی برتن میں رہتا ہے وضو کا ثواب اس شخص کے نام سے لکھا جاتا ہے۔

قطب العالم مخدوم شیخ فرماتے ہیں کہ بیس سال تک میں پیر دستگیر کی خدمت میں رہا۔ لیکن کبھی میں آپ کو پاؤں کھڑا کرکے یا پاؤں پھیلا کے بیٹھتے نہ دیکھا۔ ہمیشہ قبلہ رخ نماز کے ارادے میں بیٹھے رہا کرتے تھے۔ میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے کوئی چیز اپنے لیے طلب کرکے کھائی ہو یا اپنے لیے کوئی فرمائش کی ہو۔ یا اپنی خواہش اور پسند سے کوئی کپڑا اپنے لیے سلوایا ہو۔ یا یہ کہا ہو کہ یہ کپڑا اچھا نہیں ہے یا درزی پر خفا ہوں کہ یہ کپڑا ایسا کیوں سیا۔ یا یہ کپڑا ایسا کیوں کر دیا۔ فرماتے تھے صوفی ہوائے نفس سے نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ کپڑا پہنتا ہے۔ حاشا کلا ایسا شخص صوفی نہیں ہے دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا رہزن ہے۔ کبھی اپنا جوتا قبلہ کی طرف نہ رکھتے تھے نہ اتارتے تھے

منقول ہے. فرماتے تھے جو شخص کھانا پانی بغیر وضو کے کھاتا پیتا ہے شیطان اس میں شریک ہو جاتا ہے اور یہ بات معلوم ہے کہ جس کھانے میں شیطان شریک ہو اس سے طہارت باطنی اور سلامتی سینہ کیسے حاصل ہو سکتی ہے۔

آپ کی عادت تھی کہ جب کھانے کا ارادہ کرتے وضو ہوتے ہوئے بھی تازہ وضو کر لیتے تھے. فرماتے تھے جو کھانا کہ باوضو کھایا جاتا ہے، وہ دل میں تسویح کرتا رہتا ہے اور وہ کھانا دل کو منور اور روشن کر دیتا ہے عبادت میں کاہلی پیدا نہیں ہوتی ہے۔

جب کھانے سے فارغ ہوتے تھے اس وقت بھی وضو کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو وضو کھانے کے بعد کیا جاتا ہے، گرانی شکم سے محفوظ رکھتا ہے. نور علی نور کا جلوہ دکھاتا ہے۔

پیر دستگیر کی یہ بھی عادت تھی کہ بے وضو گفتگو بھی نہیں کرتے تھے، نہ بے وضو کبھی سوتے تھے. فرماتے تھے کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص باوضو سوتا ہے اس کے برابر فرشتہ سوتا ہے اور جب تک وہ سویا رہتا ہے فرشتہ دعا کرتا ہے اے خدا اس بندے کو بخش دے کہ یہ بندہ باوضو سویا ہے۔

یہ بھی عادت تھی کہ جب پہلو پر سوتے تھے بیدار ہوتے تو پھر دوسرے پہلو پر بے وضو نہیں سوتے تھے۔ اٹھ جاتے وضو کرتے دوگانہ ادا کرتے پھر سوتے. یا ذکر میں مشغول ہو جاتے. فرماتے تھے جس طرح قرآن ایمان و اسلام نور رکھتے ہیں وضو بھی نور رکھتا ہے۔

منقول ہے. فرماتے تھے. بہت زیادہ نماز پڑھنی. کثرت سے روزہ رکھنا کلام مجید کی تلاوت کرنی ہر شخص سے ممکن ہے. لیکن درد محبت کا حاصل کرنا جو اس راہ کی اصل ہے ہر ایک کے بس کی بات نہیں، اس وقت یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

ما را زمرید درد خواں می باید — نے زاہد و حافظ قرآن می باید

صاحب درد سوختہ جان می باید — آتش زدہ بخانماں می باید

اس درد سے متعلق یہ اشعار بھی پڑھا کرتے تھے ؎

در سینہ چو دردِ یار دارم — صد ملک درین دیار دارم

اے دردِ مرو زسینہ بیرون — زنہار کہ با تو کار دارم

ایک مرتبہ حضرت پیر دستگیر نے فرمایا کہ مولانا عمدہ بدایونی جو بہت بڑے عالم صاحب عزت و جاہ تھے. حضرت نظام الدین اولیا کے زمانے میں سیر و سیاحت میں مشغول رہا کرتے تھے، عنایت الٰہی جو ان پر ہوئی تو سب کچھ ترک کر کے طریقہ ملامتیہ اختیار کر لیا. زنانہ لباس زنانہ سنوار، بناؤ کر کے ایک گال سیاہ ایک گال سرخ کر کے حضرت نظام الدین اولیا کی خدمت میں حاضر ہوئے. زانو سے زانو ملا کر روبرو بیٹھ گئے، اور کہنے لگے مولانا نظام الدین آپ سے یہ سب کچھ ہو گا جو میں نے کیا ہے؟ ہمیشہ سجادہ کبر اور نہالچہ رعونت پر بیٹھے رہتے ہیں. اور خود کو سالکان، طالبان اور صادقان میں شمار کرتے ہیں۔

حضرت نظام الدین اولیا خاموش رہے۔ مولانا عمدہ نے مکرر سہ کر رہی بات کہی پھر کہا مولانا جواب کیوں نہیں دیتے۔؟
حضرت نظام الدین اولیا نے فرمایا" جو کام آپ نے کیا ہے سہل ہے۔ یہ بیہودہ عورتوں اور مخنثوں کا کام ہے۔ لیکن مردان خدا کا کام دوسرا ہے۔

مولانا عمدہ کو تعجب ہوا۔ پوچھا کہ وہ کیا کام ہے۔ حضرت نظام الدین اولیا نے فرمایا: "مردان خدا کا کام یہ ہے کہ ہمیشہ خدائے تعالیٰ کے درد عشق کی آگ میں جلتے ہیں۔ دل کے پاسباں رہتے ہیں کہ خطرات سے محفوظ رہے"۔

حضرت پیر دستگیر شیخ (مینا) نے فرمایا ایک مرتبہ ایک شخص شیخ الاسلام حضرت شیخ نظام الدین اولیار کی خدمت میں حاضر ہوا اور ایک بزرگ کا تذکرہ کرنے لگا۔ کہ وہ ایسا کشف رکھتے ہیں اور ایسی ایسی ان کی کرامتیں ہیں۔ حضرت نظام الدین اولیا نے دریافت فرمایا "آں دارد" ؟ یعنی عشق۔ صوفیا کی اصطلاح میں عشق کیلئے سو کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

شیخ الاسلام شیخ نصیر الدین (چراغ دہلی) فرماتے ہیں "چوں محبت شد ہمہ شد" جب محبت ہوئی تو سب کچھ ہوا اور آپ نے یہ بھی فرمایا "ہمارے خاندان میں دو چیزیں ہیں، ایک محبت دوسرے اتفاق"۔ ایک مرید نے پوچھا محبت کس طرح حاصل ہوتی ہے۔ آپ (چراغ دہلی) نے فرمایا۔ اللہ کی عنایت سے۔ مرید نے دریافت کیا۔ اس کے علاوہ دوسری چیز؟ فرمایا "احسان"۔ مرید نے پوچھا کوئی ایسا ورد نہیں ہے جس کے پڑھنے سے اللہ کی محبت پیدا ہو۔؟ آپ نے فرمایا" جو شخص بعد نماز عصر پانچ بار سوۂ نبا یعنی سورۂ عم روزانہ پڑھے گا اس کو اللہ کی محبت حاصل ہوگی اور آپ (چراغ دہلی) نے یہ بھی فرمایا کہ میں نے شیخ الاسلام شیخ نظام الدین اولیا سے سنا ہے کہ جو شخص مسبعات عشر کے بعد یہ دعا پڑھے "اللھم الرزقنی حبالک امتنی محبالک احشرنی تحت اقدام احبابک" اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھ کر اس دعا کو پڑھے۔ اللہ اپنی محبت میں اسیر فرمائے گا۔

پھر فرمایا انسان کو اپنی کوشش جاری رکھنی چاہیے۔ عطاو بخشش کا تعلق اللہ کے ساتھ ہے ؎

اندریں رہ اگر تواں نکنی  جان بدہ جان بدہ زبان نکنی

اے عزیز سالکان راہ طریقت نے عشق و محبت کے درمیان فرق بنایا ہے۔ عشق انتہائے محبت کو کہتے ہیں۔ محبت کی ابتدا موافقت سے ہے۔ (پھر مدارج ہیں) پھر میل کا مرتبہ ہے اس کے بعد موانست ہے پھر مودت پھر مواصلت کی منزل ہے۔ اس کے بعد مقام خلت ہے۔ اس کے بعد محبت۔ اس کے بعد شفقت اس کے بعد مرتبۂ وہم، اسکے بعد مرتبۂ ولا اور آخری مرتبہ عشق ہے۔ ان میں سے ہر ایک کی تشریح رسالہ مکیہ کی شرح میں موجود ہے۔

پیر دستگیر نے فرمایا لفظ عشق عشقہ سے ماخوذ ہے یہ ایک بیل ہے جو تر و تازہ درختوں پر لپٹتی ہے۔ درخت کو خشک کر دیتی ہے اور خود تر و تازہ رہتی ہے یہی حال عشق کا ہے جس جسم پر لپٹ گیا غیر محبوب کو خشک کر دیتا ہے۔ پھر فرمایا، عشق و محبت خدا، یا غیر

شرعی امور سے بابئی اللہ کی مدد اور توفیق ہی سے حاصل ہوتی ہے۔ اس کے بعد ایک عجیب و غریب اور نصیحت آموز واقعہ بیان فرمایا۔

ایک مرتبہ قاضی شہاب الدین شاہی لشکر کے ساتھ جا رہے تھے۔ راستے میں پڑاؤ تھا۔ قضائے حاجت کی وجہ سے صحرا کی طرف گئے۔ راہ میں قحبہ خانے کی طرف سے گزر ہوا، ایک خیمے سے رونے کی آواز آرہی تھی، حیرت ہوئی اس طرب آباد میں گریہ وزاری کیسی؟ آواز آتی دل دوز تھی کہ آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہوئی گھوڑے کو روک لیا۔ اتر پڑے، دیر تک متأمل رہے۔ مخلوق کے خوف اور لوگوں کی بدگمانی کے ڈر سے خیمے کے اندر جانے کی ہمت نہ ہو رہی تھی لیکن جب دیر ہوئی تو طبیعت نہ مانی، خیمے کے اندر چلے گئے۔ دیکھا ایک طوائف بیٹھی رو رہی ہے۔ آپ کو دیکھ کر اس نے کہا جاؤ جاؤ میں آجکل اچھی نہیں ہوں۔ یہ میرے ایام ماہواری کے دن ہیں معذور ہوں، تم سے پہلے بھی ایک آشنا آیا تھا اس کو بھی یہی کہہ کر واپس کر دیا ہے۔ تم بھی واپس جاؤ۔

قاضی شہاب نے کہا دیکھو میں ایک سن رسیدہ آدمی ہوں میرے لباس کو بھی دیکھو صالحین کا لباس ہے۔ میں بدوضع بدقماش نہیں ہوں جو تم ایسا گمان کرتی ہو۔

اس نے پوچھا تم کس لیے آئے ہو؟

قاضی صاحب نے کہا مجھ کو تمہارے رونے کی آواز کھینچ لائی ہے۔ آخر تمہارے رونے کا سبب کیا ہے؟ اس نے کوئی جواب نہیں دیا جب آپ نے بہت اصرار کیا تو اس نے کہا محترم! آج میرے دل میں یہ خیال آیا کہ دنیا میں لوگ مجھے فاحشہ کہتے ہیں کل قیامت میں خدائے تعالیٰ اس نام کی بنا پر مجھے عذاب نہ دیدے۔

قاضی صاحب نے کہا نام کا کیا اعتبار ہے جبکہ تم ایسے قبیح فعل میں مبتلا نہیں ہو۔

اس نے کہا نعوذ باللہ منہا لوگ آتے ہیں، میں نوع بنوع حیلے کر کے ان کو لوٹاتی ہوں اور خود کو اس فعل قبیح سے بچاتی ہوں۔

قاضی صاحب نے پوچھا اے ولیہ تم آزاد ہو، یا کسی کی باندی ہو۔

اس نے جواب دیا، ایک شخص کی باندی ہوں اس کے کہنے کے مطابق یہاں آکر بیٹھی ہوں تمام روز مصلے پر بیٹھی عبادت الٰہی میں مشغول رہتی ہوں۔ جب شام ہوتی ہے یہاں سے روانہ ہوتی ہوں۔ چار جیتل درم جو روزانہ میرے آقا نے مجھ پر مقرر کیا ہے۔ مصلے پر پاتی ہوں اور اپنے آقا کو جا کر دیدیتی ہوں۔

پھر مخدوم قاضی شہاب نے پوچھا اگر کوئی آشنا رات کے وقت آتا ہے اور تمہارا مالک تم کو اس کے پاس بھیجنا چاہتا ہے تو کیا کرتی ہو۔

اس نے جواب دیا کہ میں اٹھتی ہوں کہ مکان میں جاؤں لیکن اتنا شدید بخار آتا ہے کہ مجھے تن بدن کا ہوش نہیں رہتا۔ بالکل بےخبر

ہو جاتی ہوں۔ اس طرح بفضل خدا اس خیانت سے بچ جاتی ہوں۔

پیر دستگیرؒ نے فرمایا صوفیا کا طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی ان پر جور و ستم کرتا ہے یا چور ان کا مال لیجاتا ہے تو اس کے لیے بد دعا نہیں کرتے۔ اور اگر کوئی بد دعا کرے گا تو توکل باطل ہو جائے گا۔ اگر چوری ہو یا مال گم ہو جائے تو غمگین ہونے کے بجائے یہ کہے اس میں دین و دنیا کی کوئی بھلائی پوشیدہ ہوگی جب ہی مال چوری ہوا ہے یا گم ہوا ہے۔

ایک مرتبہ مریدنے آپ (شیخ مینا) کو ایک گھوڑا نذر کیا۔ رات کو چور آئے اور چرا کر لے گئے۔ جب چوروں کو یہ خبر ملی کہ یہ گھوڑا مخدوم شاہ مینا صاحب کا ہے، تو کہلا بھیجا کہ آپ کا گھوڑا ہمارے پاس ہے کچھ دیجئے تو میں آپ کو واپس کر دوں۔

آپ نے جواب دیا کہ خدا کا منشا یہی تھا کہ گھوڑا چوری ہو جائے۔ اس میں کچھ بھلائی ہی پوشیدہ ہوگی۔ میں نے تو چوری ہی کے بعد یہ ارادہ کر لیا تھا کہ جس نے چرایا ہے میں نے اس کو دیدیا ہے۔ دی ہوئی چیز واپس نہیں ہوتی۔ میں گھوڑے سے درگزرا۔ اس کو بیچوا در کھاؤ۔ مجھے اس گھوڑے سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

منقول ہے کہ کسی حاضر مجلس نے حضرت پیر دستگیر سے دریافت کیا کہ حضرت سری سقطی کا قول ہے کہ بندے کو اپنا گناہ فراموش نہ کرنا چاہیے۔ اور توبہ میں مشغول رہے۔ اور حضرت جنید فرماتے ہیں کہ گناہوں کو فراموش کر دینا چاہیے۔ ان دونوں قولوں میں تضاد ہے۔

حضرت پیر دستگیر نے فرمایا تضاد نہیں ہے۔ سری سقطی نے مبتدی کے متعلق کہا ہے توبہ میں مشغول رہے تاکہ عبادت و ریاضت میں عجب و غرور نہ پیدا ہو۔ اور جنید منتہی کی بات کرتے ہیں جس کو اللہ نے مقام بلند پر نواز دیا ہے۔ اس مقام میں گناہ کو فراموش کر دینا چاہیے۔ وہ مقام قرب کا ہے۔ وہاں ایسا ذکر جائز نہیں ہے۔ لان ذکر الجفاء فی حالۃ الوفاء جفاء۔ ورنہ اس مقام سے الگ ہو کر سب ہی کیلئے توبہ استغفار ہے

منقول ہے کہ ایک روز ادب کا ذکر نکل آیا پیر دستگیر نے فرمایا نفس ادب کے باب میں لوگوں کا تین گروہ ہے۔

اول اہل دنیا:۔ ان کا ادب یہ ہے کہ فصاحت و بلاغت، علم اور اسرار و معانی کو حاصل کریں جن میں یہ خصائل نہیں ہوتے ان کو بے ادب کہتے ہیں۔ زہے کم بینی و نادانی کہ بس اسی ادب میں رہتے ہیں اہل شریعت اور اہل خصوص کے ادب کی حصول کی ہمت نہیں کرتے ہیں۔

دوسرا گروہ اہل شریعت و دین کا ہے۔ علوم کی تحصیل، ریاضت نفس، اعمال جوارح کا لحاظ، طبیعت کی پاکیزگی۔ حدود الٰہی کی نگہداشت۔ ترک شہوات و شبہات سے کنارہ کشی، حسنات و خیرات کی طرف میلان یہ اہل شریعت کا ادب ہے۔

تیسرا گروہ اہل خصوص کا ہے ان کا ادب دل کی نگہداشت، کہ ہمیشہ دل کی پاسبانی کرتے ہیں۔ اور ان اسرار کی نگہبانی جو اللہ کی طرف سے ان کے دلوں پر منکشف ہوتے ہیں۔ یہ کام سب سے مشکل ہے۔ وہ نفاق سے دور رہیں، ظاہر و باطن میں یکسانی کی کوشش کرتے ہیں۔ کیا تم نے نہیں دیکھا ہے کہ بعض اہل سلوک صفت و نفاق کے دور کرنے میں عاجز رہے ہیں تو انھوں نے کمر میں زنار باندھ

لی ہے اور کہاہے۔ اگر مسلمان نہ رہوں گا تو منافق بھی نہ رہوں گا۔

منقول ہے حضرت سعد خیرآبادی نے حضرت پیر دستگیر مخدوم شیخ مینا قدس سرہٗ سے دریافت کیا کہ " علما اور مجتہدین دنیا میں بہت ہوئے اس کی کیا وجہ ہے ؟ "

حضرت مینا قدس سرہٗ نے جواب میں فرمایا ، ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا میں نے خواب دیکھا ہے۔ حضرت مصطفیٰؐ نے فرمایا کیا خواب دیکھا ہے ؟

اس نے کہا میں نے دیکھا ایک خیمہ آسمان و زمین کے درمیان معلق ہے۔ اس خیمے کی چار طنابیں ہیں اور ایک ایک طناب ایک ایک شخص کے ہاتھ میں ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معلق خیمہ دین اسلام ہے اور چار طنابیں جو دیکھیں یہ وہ لوگ ہیں جو ہمارے بعد ظاہر ہوں گے۔

منقول ہے کہ حضرت پیر دستگیر نے فرمایا ایک بار موسیٰؑ نے بارگاہ الٰہی میں مناجات کی۔ الٰہی وہ عبادت سکھا دے جس میں تکلیف و مشقت ہو۔ رب العزت کا حکم ہوا لا الٰہ الا اللہ کہو۔ موسیٰؑ نے کئی ہزار مرتبہ پڑھا۔ پھر درخواست کی کوئی ایسی عبادت کی تعلیم دیجئے جس میں انتہائی مشقت ہو اس کلمے سے تو مجھے راحت و مسرت کا احساس ہوتا ہے۔ فرمان الٰہی پہنچا۔ اے موسیٰ اس کلمے کے رنج و مشقت کو فرعون سے پوچھو۔ میں نے تم پر آسان کر دیا ہے۔ تمہارے دل کو پاک و صاف کر دیا ہے۔ اس لیے یہ کلمہ تم کو آسان معلوم ہوتا ہے۔

منقول ہے کہ پیر دستگیر نے فرمایا ۔ . . . . . . . . . مصطفیٰؐ نے فرمایا " الدنیا خمر الشیطان من سکر منہا لا اصحوا الا بذھابہ " دنیا شیطان کی شراب ہے جس پر اس کا نشہ چڑھا وہ ہوش میں نہیں آتا مگر اس دن ) جب وہ یہاں سے چلا جائے گا۔

نیز آپ نے یہ بھی فرمایا ہے۔ الدنیا جیفۃ وطالبھا کلاب دنیا مردار ہے اور اس کا طلبگار کتا ہے۔

منقول ہے پیر دستگیر فرماتے تھے ، عشق آمدنی بھی ہے اور آوردنی بھی۔ آمدنی یہ ہے کہ از خود بے اختیار او رہنمیر کسب کے اللہ اپنے بندے کو اپنے عشق میں مبتلا کر دیتا ہے۔ آوردنی وہ کہ اپنے اختیار اور کسب سے حاصل کرتے ہیں کہ خانہ دل میں منتظر بیٹھتے ہیں۔ ع

رو خانہ روب کہ شاہ سحرگاہ آید (کذا)

حضرت پیر دستگیر نے فرمایا ۔ طعام حلال اور چیز ہے اور طعام پاک اور چیز ہے۔ اس کے بعد یہ حکایت بیان فرمائی ۔ ایک بزرگ ایک بادشاہ کے دسترخوان پر مہمان ہوئے ۔ جب دسترخوان چن گیا ۔ ان بزرگ نے اپنی آستین سے چند روٹیاں نکالیں اور کھانے لگے ۔ بادشاہ نے کہا یہ کھانا حلال طریقے پر فراہم کیا گیا ہے کیوں نہیں کھاتے ۔ کھایئے ۔

ان بزرگ نے کہا واللہ اعلم حلال ہو گا ، پاک نہ ہو گا ، کیوں کہ میرا دل اس پر فتویٰ نہیں دے رہا ہے ۔ بادشاہ نے رعونت سلطانی میں آکر کہا بار بار کہہ رہا ہوں ، مگر آپ کھاتے نہیں ہیں ۔ کھایئے اس کھانے سے آپکا ایمان نہیں جائیگا ۔ ان بزرگ نے فرمایا ایمان نہیں

جائے گا مگر حلاوت ایمانی چلی جائے گی۔

پیر دستگیر نے فرمایا، درویش کو چاہیے فضول گفتگو سے احتیاط کرے اس کے بعد یہ حکایت بیان فرمائی۔ ایک بزرگ نے چاہا کہ ایک مرید کو خرقۂ خلافت پہنا کر دعوت و ارشاد کیلئے متعین کرے۔ چند بزرگوں کو جمع کیا کہ ان کی موجودگی میں خرقۂ خلافت پہنائیں اور مسند رشد و ہدایت پر بٹھلائیں۔ ہوا گرم تھی اور آفتاب کی تابش تیز تر تھی۔ اس شخص کی زبان سے نکل گیا کہ کس قدر سخت گرمی ہے۔ ہر ایک بزرگ جو جمع ہوئے تھے سب اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے یہ شخص اس لائق نہیں کہ یہ کام کر سکے لغو اور بے فائدہ بات کرتا ہے اس گفتگو میں کیا نفع تھا۔

منقول ہے کہ امیر المومنین ابوبکر صدیق فضول گوئی سے بچنے کے لیے ریزہ منہ میں رکھا کرتے تھے۔ جو نماز ذکر اور کھانے کے وقت منہ سے نکال لیتے تھے ورنہ کسی وقت بھی منہ سے نہ نکالتے تھے اور یہ سب اسلیے کرتے تھے تاکہ لایعنی گفتگو سے محفوظ رہیں۔

منقول ہے کہ حضرت مخدوم شیخ مینا قدس سرہٗ جب کسی کو مرید کرتے تو یہ ہدایت فرماتے جو کچھ اللہ نے حکم کیا ہے اس پر عمل کرو۔ جس سے منع کیا ہے اس سے بچو۔ غسل جمعہ، نماز باجماعت، روزہ ایام بیض اور چار رکعت نماز چاشت کا اپنے کو پابند بنالو۔

حضرت پیر دستگیر جب اس آیت کی تفسیر بیان کرتے فاذکروا اللّٰہ قیاما وقعودا وعلی جنوبکم، تو یہ دوہرہ بھی پڑھتے تھے۔

اوٹھت بیٹھت سب کہیے کسی پور کھا مر نہ کہیے

پیر دستگیر مخدوم مینا قدس سرہٗ نے اپنی تصنیف کردہ کتاب خوان اساسین میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے متعلق لکھا ہے کہ حضرت خواجہ فرماتے ہیں کہ جس زمانے میں میں حضرت یوسف چشتی کی خدمت میں تھا، بزرگوں کا تذکرہ چھڑ گیا۔ اسی اثنا میں ایک شخص حضرت یوسف چشتی کی خدمت میں بیعت کے ارادے سے آیا قدمبوس ہوا، حکم ہوا بیٹھ جاؤ، کیسے آئے۔ اس نے بیعت کا ارادہ ظاہر کیا۔ اس وقت خواجہ یوسف چشتی کسی اور عالم میں تھے۔ آپ نے فرمایا ایک کام کرو تو میں مرید کر لوں۔ اس نے کہا فرمائیے آپ نے کہا لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ کہتے ہو۔ اسی طرح ایک بار اقرار کرو لا الہ الا اللّٰہ چشتی رسول اللّٰہ چونکہ وہ مرید راسخ تھا اس نے اس طرح کہہ دیا۔

اس کے بعد آپ نے اس کو مرید کر لیا خلعت و نعمت عطا فرمایا۔ اس کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا میاں میں کون ہوں، میں تو محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا ایک ادنیٰ غلام ہوں۔ اصلی کلمہ یہی ہے لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ لیکن یہ جانچنے کیلئے کہ تم کو کس قدر میرے ساتھ اعتقاد ہے۔ یہ سخت امتحان میں نے لیا۔ جب تمہاری عقیدتمندی کی تصدیق ہو گئی تو مجھے اطمینان ہوا تو میں نے مرید کر لیا مرید کو ایسا ہی راسخ العقیدہ ہونا چاہیے۔

حضرت مخدوم مینا قدس سرہٗ دوپہر کے وقت کہ مکروہ وقت میں سجدے پر سجدے کرنے لگے۔ (نماز پڑھنے لگے) یاران ومصاحبان میں جو لوگ موجود تھے کہنے لگے مکروہ وقت میں سجدہ منع ہے۔ حضرت دونوں ہاتھ چہرے پر رکھ کر کہنے لگے۔ عزیز خدا کیلئے کچھ نہ کہو خموش رہو اس وقت معشوق نگاہوں میں ہے اس وقت مجھ میں تاب نہیں ہے کہ اس کو دیکھوں اور سجدہ نہ کروں۔ اسکے بعد آپ نے یہ دوہرہ پڑھا۔

سائیں جب چڑھے جب آئے　　　　ریت کریت نہ دیکھیں جائے

پیر دستگیر قدس سرہٗ نے فرمایا۔ صفائے باطن کے ساتھ جب ذکر کیا جاتا ہے تو بلاؤں کی سختی فراموش ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد یہ حکایت بیان فرمائی۔

حضرت کلیت بنجاری نے ایک روز اپنے ملازم سے فرمایا۔ دیکھو میرے جسم میں کوئی ایسی جگہ بھی ہے جو گرم نہ ہو، مگر زبان جو گرم نہیں ہے۔ ملازم نے کہا ایسا ہی ہے۔ حضرت کلیت بنجاری نے فرمایا ہاں کلیب ایسا ہی ہے کہ تمام جگہ گرم ہے۔ مگر زبان کو ذکر و شکر کیلیے مخصوص کیا ہے اور دل کو فکر و حضوری کے لیے۔ جس کی وجہ سے بلاؤں کی سختی ہیچ ہے۔

یہ بھی کہتے ہیں کہ حضرت کلیت بنجاری کسی سفر میں ایک میدان میں مقیم تھے۔ ایک رات چند افراد گئے اور ان کے گرد جمع ہو گئے کہ اس حالت میں خدا سے وہ کیا کہتے ہیں کان لگائے ہوئے تھے۔ لوگوں نے سنا وہ کہہ رہے تھے۔ میرا نام کلیت ہے۔ چند دم سے موسوم ہوں میری غذا فاقہ کشی کے بعد ہے۔ تو جبریل علیہ السلام اس میدان بلا میں کہاں ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ دعویٰ محبت میں میرا مقابل کون ہے۔

لوگوں نے یہ حکایت بھی کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ممشاد دینوری بیمار ہوئے۔ بلاؤں میں مبتلا تھے۔ لوگوں نے پوچھا آپ کی تکلیف کیسی ہے۔ آپ نے فرمایا تکلیف سے پوچھو کہ وہ مجھ کو کیسا پا رہی ہے۔ لوگوں نے پوچھا آپ کے دل کا کیا حال ہے؟ فرمایا تیس سال ہوئے کہ دل گم کر چکا ہوں، سختی، تکلیف اور دل کا حال کیا پوچھتے ہو؟

منقول ہے پیر دستگیر نے فرمایا۔ کسی مرید نے اپنے پیر سے کہا چاہتا ہوں کہ ایک اجنبی کی طرح اس مکان میں جاؤں اور کچھ روز حکمران (ثروتمند) کو دیکھوں۔ پیر نے کہا اگر وہاں سے واپس نہ آنے دیں تو کیا کرو گے؟

منقول ہے کہ پیر دستگیر میں جو شان حلیمی تھی مصطفیٰ کے والشاذ و نادر ہی کسی میں ہوگی۔

ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ ایک حجام ہاتھ میں اینٹ لیے ہوئے غصے سے بدست گالیاں دیتا ہوا آپ کے پاس آیا۔ آپ نے کچھ رقم اس حرکت کے جواب میں اس کے ہاتھ میں رکھ دی اور چھٹکارا حاصل کیا۔ وہ دوڑ کر آیا اور آپ کے قدموں میں گر گیا۔

منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص آپ کی خدمت میں تحفۃً کھیرے لایا۔ آپ نے چکھا۔ سخت تلخ تھا خود کھا گئے۔ اسی طرح ہر ایک کو چکھا سب تلخ کسی کو نہ دیا۔ یہ بات چوں کہ خلاف عادت تھی اسلیے لوگوں کو تعجب ہوا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ سب تلخ تھا اسلیے نہیں دیا کہ حاضرین مجلس میں کوئی تلخی کی شکایت کرے اور لانے والے کو شرمندگی نہ محسوس ہو۔

منقول ہے حضرت پیر دستگیر فرماتے تھے۔ جس زمانے میں میں حضرت قوام الدین قدس سرہٗ کے روضے پر مقیم تھا۔ بہت پریشان خاطر رہا کرتا۔ کبھی ایسا ہوتا مسافران بہت آجاتے کھانا تھوڑا ہوتا دہی سامنے رکھ دیتا پھر چراغ کی روشنی درست کرنے کے بہانے سے اٹھتا، چراغ بجھا دیتا، تاریکی میں سب کھانے میں مشغول ہوتے میں ہاتھ ڈالتا لیکن کھاتا نہ تھا تاکہ سب سیر ہو جائیں۔ میں اس طرح بھوکا رہ جاتا ایک

روز کئی فقیر مخدوم کی درگاہ میں اترے۔ والدہ حیات تھیں میں نے کہا مہمان آگئے ہیں کچھ کھانے کو ہے۔ انھوں نے فرمایا ہوگا تلاش کرو۔ میں نے تلاش کیا بہت مختصر سا آٹا ملا۔ میں نے کہا روٹی پکا دیجیے۔ یہ کہہ کر چلا گیا۔ مگر اس مختصر آٹے کی روٹی پکنے میں بہت تاخیر ہوئی۔ جب کھانا تیار ہو گیا والدہ کے پاس گیا اور دریافت کیا اتنے مختصر آٹے پکانے میں اتنی دیر کیوں ہوئی۔ فرمانے لگیں۔ تمہارے سب ہی بھائی بہن جاگ رہے تھے۔ میں نے خیال کیا ان کے سامنے پکاؤں گی تو یہ بھی مانگیں گے اس طرح مہمانوں کے کھانے میں اور بھی کمی ہو جائے گی۔ بچوں کو سلانے میں مشغول ہو گئی جب سو گئے تو اس وقت روٹی پکائی۔ لیجاکر مہمان کو کھلاؤ۔ میں نے وہی مختصر کھانا مہمانوں کو کھلایا۔ لیکن ان بچوں کے بھوکے رہنے سے دل بہت محزون رہا۔

پھر مخدوم فرمانے لگے۔ اس وقت یہ فارغ البالی جو مجھے حاصل ہے۔ وہ میرا گمان ہے کہ اسی رات کا صدقہ ہے اور یہ روشنی جو اس وقت نظر آتی ہے، وہ والدہ کی خدمت کی بدولت ہے۔

منقول ہے پیر دستگیر نے فرمایا۔ ایک بزرگ خراسان سے شام گئے دریافت کیا یہاں کوئی عالم متقی ہے کہ میں ملاقات کروں۔ لوگوں نے شیخ سعد الدین مفسر کا نام لیا۔ جب وہ بزرگ وہاں پہنچے دیکھا گوبر پانی میں گھول رہے ہیں تاکہ مکان کی دیوار لیپیں۔ یہ دیکھ کر وہ فوراً واپس لوٹ گئے اور کہا کیسے عالم متقی ہیں کہ ایسی پلیدی کو دیوار میں لگائیں گے۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ ط

منقول ہے ایک مرتبہ حضرت سعد قدس سرہٗ اپنے پیر شیخ مینا سے رخصت ہو کر اپنے وطن اودھ میں اپنے والدین سے ملاقات کیلیے جا رہے تھے۔ برسات کا موسم تھا۔ جب قصبہ موہان کے قریب پہنچے دیکھا ہر طرف جل تھل ہے۔ جدھر نگاہ جاتی پانی ہی پانی، سیلاب ہے کہ اپنی شدت سے رواں ہے فرماتے تھے میں گھوڑے پر سوار تھا۔ میں نے چاہا کہ گھوڑے پر چڑھے ہوئے ہی پانی پار کرلوں۔ گھوڑا پانی میں ڈال دیا۔ ابھی چند ہی قدم گیا تھا کہ گھوڑے نے ٹھوکر لی۔ میں گھوڑے سے گر پڑا۔ پانی غرقاب تھا۔ ڈوبنے لگا۔ پیر دستگیر کو یاد کیا ان کو اپنا شفیع گردانا۔ اور اللہ سے دعا کی۔ حضرت پیر دستگیر کو قریب پایا۔ انھوں نے اس غرقاب سے نکال کر آگے ڈال دیا۔ میرے وہ ساتھی جو تیز جانتے تھے، کھینچ کر باہر لائے۔

حضرت سعد خیر آبادی اپنا ایک دوسرا واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ رمضان کا مہینہ تھا، مجھے سخت بخار آیا ہوا تھا۔ چند روز فاقے بھی کیے حالت نہ بدلی۔ تپ غالب ہی رہی تیرہویں رمضان شریف کو حالت بہت تشویشناک ہو گئی۔ بے چینی سخت تھی۔ نہ زمین میں قرار نہ آسمان میں چین۔ یہاں تک کہ رات ہو گئی۔ ایک شخص کو پریشانی کی حالت کہہ کر پیر دستگیر کی خدمت میں بھیجا۔ پیر دستگیر حضرت نصیر الدین چراغ دہلی کے عرس کیلیے کھانے کے انتظام میں مشغول تھے۔ تلمیذ کہ یہاں سے تقریباً ایک روٹی روغن اور شکر میں تربتر آئی ہوئی تھی۔ ایک روٹی میرے پاس بھیجدی اور فرمایا سب کی سب کھا جاؤ ایک ذرہ بھی نہ چھوڑو۔ طبیعت ناساز اس پر کئی دنوں کا فاقہ۔ طبیعت کھانے کی طرف بالکل مائل نہ ہوتی تھی۔ مگر حکم کی پابندی اور عقیدتمندی کی وجہ سے طبیعت پر جبر کر کے میں سب کھا گیا۔ غذا کرنی تھی کہ مجھے

نیند آگئی۔ میں نیند ہی میں تھا کہ مجلس سماع شروع ہو گئی۔ میری آنکھ کھلی دیکھا تما بالکل نہ تھا۔ میں اٹھا وضو کیا اور محفل سماع میں حاضر ہو گیا۔ صوفیان سماع سن رہے تھے میں کھڑا تھا۔ قوال نے یہ شعر پڑھا۔

رفتم بہ کلیسائے ترسائے جہود ترسا و جہود را رخ بتو بود

مجھے ذوق پیدا ہوا اور ناشہ کھڑا ہوا۔ اور سماع سننے لگا۔ جب دیر کے بعد میں بیٹھا تو پیر دستگیر نے مجھے پکڑا اور اپنے کمرے میں لے گئے وہاں مجھے قرار آیا۔ محفل سماع برخواست ہونے کے بعد اپنی سیاہ دستار اپنے سر سے اتار کر مجھے عنایت فرمائی۔

منقول ہے پیر دستگیر نے فرمایا۔ ابدالوں کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی کو اپنی جماعت میں لینا چاہتے ہیں تو تصفیہ قلب کیلیے زعفران آش میں ملا کر اس شخص کو پلا دیتے ہیں۔ اس کو اثر ظاہری و باطنی کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کے پاس ایک چیز اور بھی پائی جاتی ہے جو پانی کی طرح ہوتی ہے۔ یہ کئی رنگ کی ہوتی ہے، سفید بھی سرخ بھی زرد بھی اور سیاہ بھی۔ بوزن چند درم یہ بھی مستعمل ہے بسیاہ، روشن اور خوش منظر ہوتی ہے۔ یہ چیز ایسی خوشبو ہوتی ہے کہ کیا کوئی چیز ایسی ہو گی۔ نہایت مفرح قلب، ان لوگوں سے لوگوں نے پوچھا یہ کیا چیز ہے۔ ان لوگوں نے کہا . . . . . بنی اسرائیل ایک درخت ہے یہ اسی درخت کا پانی ہے۔

منقول ہے ایک بڑھیا شدید کھانسی میں مبتلا تھی کہ زندگی دوبھر۔ حضرت سے اس نے عرض حال کیا، فرمایا گائے کا گھی کھاؤ۔ چند روز اس نے کھایا بالکل صحت مند ہو گئی۔

پیر دستگیر حضرت مخدوم شیخ مینا قدس سرہ کا وصال ۸۸۴ھ میں ہوا۔ در بست[۲۳] وسوم ماہ صفر سنہ اربع و ثمانین و ثمانمائۃ۔

••

# ذکر مخدوم قطب العالم شیخ سعد خیرآبادی قدس سرہ

آپکے جدِ اعلیٰ قاضی قدوہ روم سے ہندوستان آئے تھے۔ بادشاہ وقت نے اودھ کا ایک علاقہ جاگیر میں دیدیا تھا۔ اور اسی شہر میں ان کا مدفن بھی ہے۔ اُن کے ہمراہ کثیر جماعت آئی تھی جس میں علماء بھی تھے۔ بلکہ کئی دایہ اور غلام بھی دانشمند تھے۔

مشہور ہے کہ ایک دانشمند ایک مسئلہ میں بہت غلطاں وپیچاں تھے۔ کسی دانشمند سے وہ مسئلہ حل نہ ہو رہا تھا۔ قاضی قدوہ کے دروازے پر آئے۔ قاضی صاحب زنان خانہ میں تھے۔ ایک ماما دروازے میں جھاڑو دے رہی تھی۔ دانشمند نے کہا قاضی صاحب کو خبر کردو۔ کنیز نے پوچھا کیا کام ہے؟ دانشمند نے کہا تو کیا جانتی ہے جا اور قاضی صاحب کو خبر کر۔ جب کنیز کے اور دانشمند کے درمیان دو ایک گفتگو ہوئی تو دانشمند نے اپنا مقصود بیان کردیا۔ اس نے فوراً مسئلہ کا جواب دیا، اور کہا یہ قاضی صاحب سے پوچھنے کی کون سی چیز ہے۔؟ میں آپکے جواب کیلیے کافی ہوں۔ دانشمند کو انتہائی حیرت ہوئی اور اپنے مکان لوٹ گئے۔

ہندوستان میں قاضی قدوہ کی اولاد بہت ہوئی اور اب بھی موجود ہے۔ قطب العالم نے اپنے رسالہ شرح رسالہ مکیہ میں یہ عبارت لکھی ہے۔

"اکثر شجرہ قاضی قدوہ کہ من یکے از اولاد قاضی مذکور نور اللہ مرقدہٗ (ہستم) بہ بینی، بدانی عین صورت لوح محفوظ است"۔ (یعنی سب ہی شجرے یکساں ہیں کوئی فرق نہیں۔)

اولاد کی تفصیل اس طرح ہے۔ قاضی قدوہ کے تین بیٹے تھے۔ قاضی موفق، جو قصبہ اونام میں متوطن ہوئے۔ قاضی اعز الدین رسولی میں مقیم ہوئے۔ قاضی نظام الدین نے سرسند میں بود وباش اختیار کی۔

قاضی موفق کے چار لڑکے ہوئے۔ قاضی علاء الدین، قاضی نصیر الدین، قاضی تاج الدین، قاضی زین الدین۔ حضرت سعد خیرآبادی قاضی موفق کی اولاد میں ہیں۔ قطب العالم شیخ سعد خیرآبادی بن قاضی بدھن بن شیخ محمد بن مسعود بن زین الدین بن موفق بن قدوہ بن داؤد شاہ بن مبارک شاہ بن علا مبرک شاہ بن عمر شاہ بن مزد شاہ بن سلیمان شاہ بن یہودہ شاہ بن یعقوب پیغمبر علیہ السلام۔

حضرت قطب العالم (سعد خیرآبادی) بڑے پایہ کے بزرگ تھے۔ علم ظاہر وباطن میں کمال حاصل تھا بلکہ پایہ اجتہاد تک پہنچے ہوئے تھے۔ تصانیف بہت ہیں۔ ازاں جملہ شرح حواشی کافیہ، شرح حواشی مصباح، شرح اشعار لباب الاعراب جسکا نام تحفۃ المسعودیہ ہے۔ یہ کتاب اپنے بھتیجے شیخ محمود کیلیے لکھی تھی۔ یہی صاحبزادے بعد میں آپکے جانشین ہوئے۔ اس رسالہ کے دیباچہ میں اپنا نام اس طرح لکھتے ہیں۔

"اضعف العباد الی اللہ القوی العالی سعد بن کرم المعروف قاضی بدھن الملتانی الوشولی"۔

اور بعض جگہ اپنا نام یوں بھی لکھا ہے" سعد الدین بدھن" ان کی تصنیف شرح رسالۂ کیہ تمام علوم کو جامع ہے ایک رسالہ اباحت سماع میں ہے۔ اور بھی متعدد رسالے ہیں۔

حضرت قطب العالم کو بیعت و خلافت پیر دستگیر مخدوم شاہ مینا قدس سرہٗ سے تھی پیر دستگیر شاہ مینا قدس سرہٗ کی پیروی قولاً و فعلاً ہر حال میں کرتے تھے۔ فرماتے تھے۔ صدق و اخلاص کے ساتھ جس شخص کو پیر کا اتباع حاصل ہے تو سمجھ لو کہ ان کو دونوں جہاں کی دولت حاصل ہے۔

منقول ہے کہ ایک روز حضرت قطب العالم کہیں جانے کیلئے اپنی خانقاہ سے اٹھے، جوتا موجود نہ تھا۔ ایک شخص نے اپنا "پاافراز" (اونچی ایڑی کا جوتا) پیش کیا۔ کچھ دور چلے پھر یہ کہ کر اتار دیا کہ خلاف سنت ہے۔ ہمارے پیر نے کبھی پاافراز جوتا نہیں پہنا ہے۔

اس عالم ظاہری میں حضرت قطب العالم کے استاد، ملک العلما بدر الصلحا قاضی مسیح بن شیخ مرتضیٰ تھے۔ یہ استاد الائمہ منتجب بن علاء کے بھتیجے تھے۔ قطب العالم چار پانچ برس تحصیل علم میں مشغول رہے۔ اس کے بعد اپنے وطن امام کو چھوڑ کر لکھنؤ آ گئے۔ بیس برس اپنے پیر مخدوم شاہ مینا کی خدمت میں رہے۔ اپنے پیر دستگیر کے وصال کے بعد بھی چھ برس تک لکھنؤ میں رہے۔ اس کے بعد خواب میں بشارت ہوئی کہ تم خیرآباد میں جا کر اقامت گزیں ہو جاؤ۔ اس کے بعد خیرآباد میں آ کر اپنا مسکن بنایا۔ بتیس ۳۲ برس تک بقید حیات رہے۔ اس اثنا میں ایک عالم کو علم ظاہری و باطنی، دینی و دنیاوی سے مرتبہ کمال پر پہنچاتے رہے۔ جس طالب علم نے ایک سبق بھی پڑھ لیا، آخر ایک روز عالم ہو کے رہا۔ کہتے ہیں کہ حضرت قطب العالم کی زبان مازون حکمت ہو گئی تھی جو بات بھی زبان مبارک سے نکلتی تھی یقینی ہو کے رہتی تھی۔

حضرت قطب العالم کے اونتیس ۲۹ خلفا تھے۔ سب سے پہلے گیارہ خلفاء کو حضرت مخدوم شیخ مینا قدس سرہٗ کے اس اشارے سے جو آپ کو خواب میں معلوم ہوئے تھے ایک ہی روز خلافت عطا فرمائی۔ بقیہ دیگر کو ان کے بعد جس کی تفصیل بعد میں آئے گی۔ قطب العالم نے اپنا خواب نامہ اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

## ترجمہ خواب نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم داعی کا فہ اہل اسلام سعد کہتا ہے کہ چودھویں ۱۴ صفر ۹۰۵ھ خمس و تسعمائۃ شب جمعہ کو خواب میں پیر دستگیر قطب العالم مخدوم شیخ مینا قدس سرہٗ کو دیکھا کہ اپنی خانقاہ میں سجادہ پر بیٹھے ہیں یہ فقیر سامنے آ کر بیٹھ گیا۔ فرمایا جاتا ہے کہ تم محزون ہو؟ مرد خدا بنے رہو غیر خدا کے کچھ معنی نہیں ہیں ؂

گر مرا ہیچ نباشد نہ بہ دنیا و نہ عقبیٰ      چوں تو دارم ہمہ دارم دگرم ہیچ مباد

میں کچھ دیر خموش رہا۔ اظہار محبت اور التفات بہت فرماتے رہے۔ میں نے صوفیوں اور عوام کی طرف نظر کی۔ میرے دل

میں یہ بات آئی کہ جو عزیزان میرے زیر تربیت ہیں ان کو حضرت کے سامنے پیش کروں جنکو حضور قبول فرمائیں ہر ایک الباس خرقہ کردوں۔ میں نے عرض کیا بعض صوفی میرے زیر تربیت ہیں جن کو آپ قبول فرمائیں میں ان کا الباس خرقہ کر دوں تاکہ مخلوق مستفید ہو۔ میرے خیال میں یہ صورت اچھی ہے آگے جو حضور کا فرمان ہو۔

پیر دستگیر (شیخ مینا) نے فرمایا۔ "کہاں شمعی کجا درویشی کجا پیری کجا مریدی"۔ پھر میں اور پیر دستگیر دیر تک روتے رہے، گریہ کے بعد دیر تک مراقب رہے۔ پھر سر اٹھا کر فرمایا۔ تمہیں یاد ہے کہ میں نے کہا تھا کہ تم مقبول خدا ہو گئے، فرشتے گواہی دیتے ہیں۔ میں دوڑ کر آپ کے قدموں میں گر پڑا۔ عرض کیا اس کمینے نفس کے سوا میرے پاس کیا عمل ہے۔

فرمایا جس کو تم قبول کرو (اجازت وخلافت دو) تو پیروں کی سنت کو پیش نظر رکھو۔ اس کے بعد تین مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ پڑھا۔

اس کے بعد اس فقیر نے نظر دوڑانی شروع کی سب سے پہلے شیخ محمود ملی لکھنوی پر نظر پڑی میں نے مخدوم کے روبرو پیش کیا۔ یہ شیخ محمود ملی شیخ مکرم کے لڑکے ہیں۔ ان کا الباس خرقہ ہو چکا ہے آپ بھی عنایت فرمائیں۔ مخدوم نے ایک خرقہ نہالچے کے نیچے سے کھینچا اور پہنا دیا اور فرمایا مخدوم زادے تم اس خرقے کے زیادہ مستحق ہو۔ اس لباس کی حرمت نگاہ میں رکھو اوقات ضائع نہ کرو اور تلقین فرمائی خوف خدا سے آنکھیں تر رکھو خصوصاً وقت سحر بارگاہ الٰہی میں گریہ وزاری کرو اور ایک سفید کاغذ بھی ان کے ہاتھ میں دیا۔

پھر میں نے شیخ مبارک کو پیش کیا اور عرض کیا ان کے بارے میں کیا خیال ہے۔ فرمایا میں کہہ چکا ہوں جس کو تم قبول کروگے اس کو میں بھی قبول کروں گا۔ ایک خرقہ نہالچے کے نیچے سے نکالا اور پہنا دیا اور فرمایا علم حاصل کرو۔ اور اس لباس کا حق ادا کرو اپنے کو صحیح معنوں میں اس کا مستحق بناؤ۔ وقت ضائع نہ کرو۔ وقت سحر کیلیے ذکر بھی تلقین فرمایا اور ایک کاغذ بھی عطا فرمایا۔ اسکے بعد ہاتھ پکڑ کر کان میں دعا بھی پڑھی۔

اس کے بعد قاضی محمد کو طلب فرمایا۔ بولے وضو کر کے حاضر ہوتا ہوں۔ اس کے بعد شیخ ملک حسین آبادی سامنے آئے میں نے ان کو پیش کیا نہالچے کے نیچے سے ایک خرقہ نکال کر پہنا دیا۔ اور فرمایا جاہ و مرتبے کے طلبگار نہ ہو۔ اوقات ضائع نہ کرو۔ لایعنی باتوں سے پرہیز کرو بوقت سحر ذکر جہر کی تلقین فرمائی۔ اور ایک کاغذ ہاتھ میں دیدیا۔

اس کے بعد میں نے چاہا کہ قاضی محمد جو حاضر مجلس تھے ان کو پیش کروں۔ قاضی محمد سامنے آئے۔ قاضی محمد مدن بن شیخ احمد عرف قاضی محمد بن امین ساکن کاکوری کو پیش کیا۔ دیر تک مراقبے میں رہے پھر فرمایا قاضی محمد تمہارے بارے میں، میں بہت متردد ہوں۔ خرقہ نیچے سے نکال کر پہنایا اور فرمایا، زیادہ غصہ اور تضیع اوقات سے دور رہو۔ کسی کی اہانت اور غیبت نہ کرو۔ جاہ و منصب کے طلبگار نہ ہو جو میں کہتا ہوں کان کھول کر سنو وقت سحر ذکر کی تلقین فرمائی۔

اس کے بعد قاضی محمد بھی حاضر ہوئے فرمایا شیخ احمد سے کہو سفید کاغذ بھی دیں۔

اسکے بعد شیخ مبارک لکھنوی کو میں نے پیش کیا فرمایا تم میرے دوست کے لڑکے ہو۔ شیخ محمد مولانا پن چھوڑ دو۔ درد عاشقانہ کے ساتھ گریہ وزاری میں لگے رہو۔ رعایت شب کا لحاظ رکھو، ذکر جہر بوقت سحر کی تلقین فرما کر خرقہ نہالچے کے نیچے سے نکالا اور پہنادیا۔ اور آہستہ سے میرے کان میں کہا زیادہ سبق سے منع کردو۔ سفید کاغذ بھی عطا فرمایا۔

اس کے بعد میں نے شیخ چاند کو بھی پیش کیا فرمایا مخدوم زادے رعایت شب کو ملحوظ رکھو۔ صفت مولائی سے باز آجاؤ۔ بال بچوں کی محبت دل سے نکال کر اس راہ میں آؤ۔ ہمارا عاشقانہ وصف نالہ وزاری ہے۔ ذکر جہر بوقت سحر کی تلقین کر کے نہالچے کے نیچے سے خرقہ نکال کر پہنادیا۔ اور سفید کاغذ ہاتھ میں دے دیا۔

اس کے بعد قاضی راجو یعنی راجہ میاں خیر آبادی کو میں نے پیش کیا فرمایا، رعایت شب ملحوظ رکھو۔ جب دنیا کو چھوڑ دو تو صفت پرکار بند رہو۔ صفت عاشقاں گریہ وزاری اختیار کرو۔ ذکر جہر بوقت سحر، کہ یہی اس راہ میں بنیاد ہے۔ اس کا التزام کرو۔ اوقات ضائع نہ کرو۔ اس کے بعد خرقہ نہالچے کے نیچے سے نکالا اور پہنادیا۔ کاغذ بھی ہاتھ میں دیدیا۔

اس کے بعد میاں سکندر کو میں نے پیش کیا۔ فرمایا شیخ سکندر نصر اللہ خیر آبادی بذات خود صاف ہیں مگر ان کی مجلس میں دنیا کا ذکر بہت ہوتا ہے۔ رسم ورسوم میں مبتلا ہیں ان سے دور ہی رہو۔ اس کے بعد خرقہ نہالچے کے نیچے سے نکالا اور پہنایا۔ اسکے بعد فرمایا، تلقین پر کاربند ہو۔ اوقات ضائع نہ کرو۔ ذکر جہر بوقت سحر کی ہدایت فرمائی۔ اور کاغذ بھی دیدیا۔

اس کے بعد قاضی بڈھ کو پیش کیا۔ فرمایا قاضی بڈھ عماد بلگرامی، مقتدائی کی صلاحیت بہت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالی ان کو تصفیہ عطا فرمائے گا۔ ان سے کہ دنیا سر استرے سے صاف کردیا کریں۔ اس کے بعد جب وہ آئے تھے تو سر منڈا ہوا تھا۔ شیخ بڈھ کو دوبارہ ہدایت فرمائی۔ مخدوم زادے سنت جدی کا لحاظ رکھو۔ وقت ضائع نہ کرو۔ جاہ ومنصب کے درپے نہ ہو۔ ذکر جہر بوقت سحر کی تلقین کے بعد نہالچے کے نیچے سے خرقہ نکال کر پہنادیا۔ سفید کاغذ بھی ہاتھ میں دیدیا۔

اس کے بعد ایک اور شخص کو میں نے پیش کیا، یاد نہیں وہ کون تھا۔ فرمایا بہت ہوا۔

اسکے بعد روانگی کا ارادہ فرمایا۔ میں نے عرض کیا ہر ایک کے ہاتھ میں سفید کاغذ کس غرض سے دیا گیا ہے؟ فرمایا ہر ایک کو جس طرح تم کو اجازت نامہ دیا گیا ہے نقل کر کے دیدو۔ مجھے فرصت نہیں، میں نے عرض کیا کیوں فرصت نہیں ہے؟ فرمایا مجھے ہر شب جمعہ کو بارگاہ عالی میں حاضری دینی ہوتی ہے اور شاہ سے میں مشغول رکھتے ہیں۔ چوں کہ تم بہت زیادہ میری طرف متوجہ تھے۔ اسلیے کچھ دیر تمہارے پاس آگیا۔ اب میں دہلی جا رہا ہوں۔ اسی اثنا میں شیخ شاہین اودھی پہنچ گئے۔ میں نے عرض کیا شیخ شاہین اودھی آئے ہوئے ہیں۔ فرمایا وہ اپنے شیخ سے اجازت وخلافت رکھتے ہیں۔ میں نے عرض کیا وہ خلافت کیلئے نہیں آئے ہیں۔ بلکہ ملاقات کیلیے آئے ہیں۔ بندگی مخدوم دو ذکر گئے مصافحہ کیا اور اس گرم جوشی سے ملاقات کی کہ آپ کی دستار مبارک سر سے گر گئی میں نے اٹھا کر پیش کی۔ فرمایا تم بلند ہمت ہو سامان

تو منع بھی لاؤ۔ اس کے بعد ایک گزینہ میں لایا کیوں کہ زمینا موجود نہ تھا۔ فرمایا "الموجود مغناوہ" گزینہ کا ٹکڑا میں نے لایا تھا۔ وہ آپ نے ان کو دیدیا۔ پھر جانے کا ارادہ کیا۔ السلام علیکم اے عزیزان فرما کر چند قدم چلے، پھر واپس ہوئے۔ شیخ شاہین کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا شیخ شاہین تم خوب جانتے ہو کہ خراب دل سے اگر ایمان بھی ظاہر ہو تو وہ محض کفر ہے۔ اور اگر آباد دل سے کفر بھی صادر ہو تو وہ محض ایمان ہے۔ ان تمام عزیزوں سے کہو درد مند رہو تاکہ تمہارے دل کو آباد اور معمور کر دیں کہ غیر کی گنجائش نہ رہے اسلئے میں دعا کرتا ہوں۔

دعا کے بعد اس فقیر کا ہاتھ پکڑ کر اور تنہا روانہ ہوئے معانقہ کیا۔ ہاتھ پکڑ کر دعا رخصت پڑھی استودع اللہ دینک و دنیاک و خواتیم عملک و من معک و ما معک۔ اسی حال میں تھا کہ میری نیند ٹوٹ گئی، عشا کی نماز نہ پڑھی تھی۔ فوراً اٹھا۔ وضو کیا اور عشا کی نماز ادا کی۔ خواب کی باتیں پوری طرح یاد تھیں۔ چراغ اور کاغذ منگوا کر اسی شب میں نے لکھ کر رکھ لیا۔

اس خواب کے بعد آپ نے ان لوگوں کو جن کو خواب میں دیکھا تھا۔ دو مریدخصوص شیخ ابراہیم بھوجپوری اور شیخ ابراہیم راجو (جو حضرت سعد کے بھتیجے بھی تھے) ان تمام لوگوں کو ایک ہی روز خلافت و اجازت سے نوازا جن کے نام یہ ہیں میاں شیخ صفی عالم ساکن ساسپور شیخ کدن خیرآبادی، شیخ معظم گوپاموی میران سید حامد لکھنوی۔

نکے بعد تین اور آدمیوں کو ایک ہی روز اجازت و خلافت عطا ہوئی۔ بندگی شیخ محمود محمد صاحب سجادہ شیخ نصیر الدین راجو برادر زادہ شیخ اعظم ساکن قلعہ نوا۔ بعدہ میران سید کشائین بخاری ان کے بعد میران سید خورد ساکن کھیری۔ ان کے بعد شیخ نور اسحٰق بھنوری لکھنوی ان کے بعد چار دوسرے لوگ جو ایک ہی روز مجاز ہوئے۔ شیخ قاسم ساکن اہولی، شیخ بدھن مبارک میرٹھ میاں شیخ علاء الدین اناٹی میاں قادر بخش، ساکن دانشو۔

ان کے بعد دو آدمی اور بھی ایک ہی روز مجاز ہوئے۔ شیخ مبارک ساکن ردولی، میران سید پیارے جونپوری، اس کے بعد شیخ کدن مصالح لکھنوی۔ میاں شیخ برہان رحیم اللہ تعالیٰ۔

یہ انتیس خلفاوہ ہیں جو اپنے وقت کے عالم باللہ اور مقتدائے دین تھے دوسرے مریدین کی فہرست کا یہ مختصر رسالہ متحمل نہیں ہے۔

اس کرامت و بزرگی شیخی و مقتدائی کے باوجود حضرت قطب العالم کا یہ حال تھا گریہ کرتے اور فرماتے اگر اس ناہموار زمانے میں ہم لوگ سلامتی ایمان کے ساتھ اس دنیا سے چلے جائیں تو گویا جنید و شبلی کے مقام کو پائیں اور یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

نہ طفلے بر سرِ ماش نہ بر نائے سر کوئے نہ پیرے بر درِ مسجد ہمیں خالی ہماں خالی

اپنے تلقین ذکر کے متعلق حضرت قطب العالم نے شرح رسالہ مکیہ میں اس طرح لکھا ہے۔

"حضرت سعد بن بدھن ثبتہ اللہ علی صراط المستقیم۔ • حضرت شیخ محمد بن قطب المعروف بہ شاہ مینا۔ قدس سرہٗ • حضرت برہان السالکین شیخ سارنگ قدس سرہٗ • حضرت مخدوم یوسف ایرچی قدس سرہٗ • حضرت مخدوم جہانیاں جلال الحق والدین قدس سرہٗ

• حضرت شیخ امام الدین گازرونی قدس سرہٗ • حضرت شیخ اوحد الدین عبداللہ بن مسعود قدس سرہٗ • حضرت شیخ اصیل الدین قدس سرہٗ • حضرت شیخ رکن الدین ابی القاسم قدس سرہٗ • حضرت شیخ قطب الدین بن ابی رشید احمد بن محمد بن صفی نہری قدس سرہٗ • حضرت شیخ ضیاء الدین ابو نجیب عبدالقاہر بن عبداللہ سہروردی قدس سرہٗ • حضرت شیخ ابی احمد غزالی قدس سرہٗ • حضرت شیخ ابی موضع عمر بن محمد عمویہ قدس سرہٗ • حضرت شیخ ممشاد دینوری قدس سرہٗ • حضرت شیخ جنید بغدادی قدس سرہٗ • حضرت شیخ سری سقطی قدس سرہٗ • حضرت خواجہ معروف کرخی قدس سرہٗ • حضرت شیخ خواجہ داؤد طائی قدس سرہٗ • حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس سرہٗ • حضرت خواجہ حسن بصری قدس سرہٗ • حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الشریف • حضرت خواجہ کائنات خلاصہ موجودات محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم"

بندگی مخدوم شیخ سارنگ کی تلقین جس طرح حضرت یوسف ایرچی سے ہوئی ہے۔ بندگی شیخ قوام الدین سے بھی ہوئی ہے لیکن شیخ یوسف ایرچی سے ترک اشغال دنیاوی کے بعد ہوئی ہے اور بندگی شیخ قوام الدین سے مشاغل دنیوی کے زمانے میں جیسا کہ ان کے ذکر میں آچکا ہے نیز خود حضرت قطب العالم نے اپنے رسالہ شرح رسالکیہ میں اپنی تلقین کا ذکر کیا ہے۔

"جب حضرت پیر دستگیر (مخدوم شاہ مینا) نے میری تلقین کا ارادہ کیا۔ صوم روزہ کی شرائط مذکورہ (در کتب) کی پوری تعلیم دی۔ پھر نماز عشاء کے بعد غسل کرکے حاضری کا حکم دیا۔ خود قبلہ کی طرف پشت کی اور مجھ کو قبلہ رو بٹھایا۔ تھوڑی خوشبو بھی منگوائی، اس فقیر کو دی اور خود بھی محاسن شریف میں لگائی اور سند تلقین اکابراً عن اکابر پڑھ کر سنائی۔

حضرت قطب العالم حضرت پیر دستگیر مخدوم (شیخ مینا) کے وصال کے بعد چند برس اور لکھنؤ میں مقیم رہے، اس زمانے میں اکابر علماء اور مخادیم لکھنؤ میں بہت تھے۔ اس حد تک کہ اگر کوئی دعوت کرنی چاہے تو بیس طشت کھانے کا انتظام کرے۔

ایک مرتبہ کسی نے دعوت کی۔ اکابر کی ایک بڑی جماعت مجتمع ہوگئی۔ ان لوگوں نے آپس میں مشورہ کیا اور قطب العالم کا نام لیکر کہا ایک بیرونی آدمی ہیں ہمارے شہر میں آکر مسند نشین بن گئے ہیں آج کوئی بھی ان کو صدر میں بیٹھنے کی جگہ نہ دے۔ جب حضرت قطب العالم مجلس میں تشریف لائے۔ ان لوگوں کے بھید سے واقف ہوگئے۔ اور پائین مجلس میں بیٹھ گئے۔ ابھی کھانے کا دسترخوان نہ چنا تھا کہ خبر ہوئی سید خاں لودی کہ جو سلطان لودی کے امراء میں تھے اور دس ہزار سوار اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے قصبہ رنبیر پور جو ایک مشہور قصبہ ہے۔ وہاں سے حضرت قطب العالم کی ملاقات کیلئے لکھنؤ آئے تھے۔ حضرت سے ملاقات نہ ہوئی تو اسی راہ اس مجلس میں آکر قطب العالم کے قدموس ہوئے اور قطب العالم کے قریب ادب سے بیٹھ گئے۔ لشکریوں نے وہ ہجوم کیا کہ کسی اکابر کو اپنی جگہ پر رہنے کی گنجائش نہیں رہی۔ ان کی جگہ پر لشکریوں نے قبضہ کر لیا کتنے اکابر کی دستار تک گم ہوگئی جو لوگوں کے قدموں سے روندی گئی۔ اس کے بعد کھانا کھا کر مخلوق اپنی اپنی جگہ پر روانہ ہوگئی۔ تمام اکابر قطب العالم کی کرامت کے قائل ہوگئے اور اپنے کردار و خیال سے توبہ کی اور سخت شرمندہ ہوئے۔

اس کے بعد حضرت قطب العالم کو خیال ہوا کہ اس شہر کے بسنے والے حاسد ہیں یہاں رہنا اچھا نہیں ہے۔ اسی زمانے کے لگ بھگ پیر دستگیر کا اشارہ بھی ہوا کہ خیرآباد میں سکونت اختیار کرو جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہے۔

منقول ہے کہ شیخ قوام الدین کا مقام جو حضرت پیر دستگیر شاہ مینا کو ملا تھا وہ آپ نے قطب العالم کو عطا فرما دیا تھا۔ جب حضرت قطب العالم خیرآباد کی طرف متوجہ ہوئے تو اس محلہ اور خانقاہ کو برادرزادہ شیخ نصیر الدین کو عنایت فرما دیا۔ شیخ نصیر الدین کے بعد ان کے فرزندوں نے اس اراضی کو جو اس محلے میں خانقاہ قوام الدین سے متعلق تھی بیچ کر کھا گئے۔ اس محلے اور ان اراضیات پر دوسرے لوگ قابض ہوئے کہ اب تک قابض ہیں بجز حضرت قوام الدین کے روضہ کے کوئی جگہ باقی نہیں رہی ہے۔

قطب العالم نے اس خانقاہ کے علاوہ ایک دوسری خانقاہ لکھنؤ میں دریا کے کنارے اور راکی کے قریب ایک سرائے بھی بنوائی اگرچہ اب خانقاہ باقی نہ رہی لیکن سرائے کی تھوڑی آبادی ابھی باقی ہے۔ اس محلہ کے باشندوں میں بعض صنعت کار ہیں۔ فی الحال وہ سرائے حضرت قطب العالم کے نام سے مشہور ہے۔ خانقاہ اور آستانۂ حضرت مخدوم شاہ مینا جو فی الحال موجود ہے وہ حضرت قطب العالم کا تعمیر کیا ہوا ہے۔ اور ایک خانقاہ ناگرمؤ میں بھی بنائی تھی، جو اپنے بھتیجے شیخ ابراہیم کو عنایت فرمائی۔

منقول ہے کہ قطب العالم جب خیرآباد میں تشریف لائے اس وقت خیرآباد کے حاکم میاں راجی اور میاں موسیٰ تھے جو سکندر لودی کے داماد بھی تھے۔ جس جگہ قطب العالم نے خیرآباد میں سکونت اختیار کی وہ ویران تھی قلعہ شہر سے آپ کی جائے قیام تک کوئی آبادی نہیں تھی۔ شہر میں بھی شرفا اور معززین کم تھے سب ہی قطب العالم کی وجہ سے ہر جانب سے آکر بسنے لگے۔ میاں راجی اور میاں موسیٰ کے وکیل جن کا نام برخوردار تھا قطب العالم کے مرید ہوئے۔ ایک روز دونوں بھائی میاں راجی اور میاں موسیٰ شکار کو نکلے۔ بارش نہیں ہو رہی تھی مخلوق پانی کی حاجتمند تھی۔ دونوں بھائیوں نے میاں برخوردار سے کہا، اگر آج بارش ہو تو ہم تمہارے پیر کی کرامت سمجھیں، عین بارش میں اسی راہ سے جائیں اور مرید ہوں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ دونوں کو جداگانہ کلاہ عطا کریں۔ بحکم قضا و قدر یکبارگی ابر نمودار ہوا اور پانی برسنے لگا۔ اسی لباس میں عین بارش میں آئے اور مرید ہوئے۔ دونوں بھائیوں نے اپنی خواہش کے مطابق کلاہ پائی۔ ایک کو سبز اون کی ایک کو زرد اون کی۔ دونوں بھائیوں نے دو گاؤں ایک دو سو بر اساری خرچ خانقاہ کیلیے دیدی۔

منقول ہے کہ امرائے سلطان سکندر لودی میں ایک شخص قطب العالم کا مرید تھا۔ سلطان اس سے غصہ ہوا اور حکم دیا کہ اس کی آنکھوں میں سلائی پھیر دی جائے۔ حکم کی تعمیل کی گئی۔ قطب العالم خیرآباد میں اپنی خانقاہ میں درس دینے میں مشغول تھے کہ ناگہاں قطب العالم کے دونوں ہاتھوں کی پشت پر سلائی سے جلنے کا سیدھا نشان الف کی طرح ظاہر ہوا۔ لوگوں کو حیرت ہوئی۔ چند دنوں کے بعد سلطان کے لوگوں نے بتایا کہ اس شخص کی دونوں آنکھیں سلامت اور بینا ہیں۔ اس شخص کو بلا کر حقیقت پوچھی اس نے کہا سلائی پھیرنے کے وقت اپنے پیر کو میں نے یاد کیا تھا۔ دیکھا کہ میرے پیر کے دونوں ہاتھ میری دونوں آنکھوں پر ہیں اور میری آنکھوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔ لوگ

کہتے ہیں یہ تقریب تھی کہ سلطان نے قطب العالم کو طلب کیا کہ ایسا شیخ میری حکومت میں ہو اور میں اس کو نہ دیکھوں۔ اس ارادے پر قطب العالم آگرہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ راستے میں بردہ میں فروکش ہوئے سرائے کے قریب ایک تالاب تھا جس کے کنارے ایک بتخانہ تھا ہر طرف کے لوگ بارہ بارہ، تیرہ تیرہ کوس سے آتے تھے اور شیر برنج فیرنی پکا کر لاتے تھے اور بتخانے میں بت کے آگے لاکر رکھتے تھے۔ قطب العالم کے ہمراہی صوفیوں میں ایک صوفی میاں دینی تھے۔ وہ تالاب کے کنارے جاکر دیکھتے رہے تھے اس بتخانے میں چلے گئے دیکھا کہ کئی طباق جکو ہندو تھالی کہتے ہیں شیر برنج سے بھرے ہیں چاہا کہ اٹھالیں ان کا ہاتھ بندھ گیا بایاں ہاتھ اٹھایا وہ بھی بندھ گیا۔ حضرت قطب العالم کے نام کو وسیلہ بنایا دیکھا کہ قطب العالم کی صورت نمایاں ہوئی اور بتخانے کے ایک گوشے سے ایک دیوانہ فریاد کرتا ہوا ایک گوشے سے برآمد ہوا کہ مجھے چھوڑ دیجیے پھر کبھی ادھر نہ آؤں گا۔ میاں دینی تمام فیرنی کی تھالیوں کو خالی کرکے اٹھا کر لے آئے اور حضرت قطب العالم کے سامنے قصہ بیان کیا۔ اس واقعے کے بعد لوگوں کا بیان ہے کہ وہ بتخانہ منہدم و معدوم ہو کر مٹی کے برابر ہو گیا پھر کبھی اس جگہ کسی نے بت پرستی نہیں کی۔

جب قطب العالم آگرہ پہنچے ایک جگہ قیام کیا بادشاہ کو خبر ملی طلب کیا۔ قطب العالم تشریف لے گئے۔ بادشاہ کسی کام سے اندر گیا ہوا تھا۔ جب نماز کا وقت قریب ہوا، آپ بھی کھڑے ہو گئے اور اپنی قیامگاہ میں چلے آئے سلطان اس خبر کو سنتے ہی قطب العالم کی قیامگاہ کی طرف گیا۔ شام کے وقت قطب العالم نوافل میں مشغول تھے۔ سلطان دیر تک کھڑا رہا لیکن قطب العالم اپنی نماز میں مشغول رہے اس کی حالت کی طرف توجہ نہ کی۔ دلگیر ہو کر اپنے محل واپس ہو گیا۔ دونوں کے درمیان صحبت راست نہ آئی۔ بارہ دنوں تک قطب العالم آگرہ میں مقیم رہے مگر ملاقات کی کوئی صورت نہ ہو سکی۔ ملاقات نہ ہونے کی وجہ سے بادشاہ کے دل میں کینہ بیٹھ گیا۔

بادشاہ کے ایک لشکری ایک دیہات کو جو مطیع الاسلام تھا لوٹ کر اس کی اشیا بازار میں لے جاکر بیچتے تھے اسلئے علما سخت پریشان تھے۔ قطب العالم کے دائرے میں خوب لنگر موجود ہوتا تھا۔ لوگ کھاتے تھے مگر آپ خود نہ کھاتے تھے کھانے کے وقت موجود رہتے تھے۔ لوگ سمجھتے تھے کہ جب رہتے ہیں تو کھاتے بھی ہوں گے۔ یہاں تک کہ بارہ روز اسی صورت میں گزر گئے۔ بارہویں روز قاضی محمد بن من اللہ کو خبر ہوئی۔ بادشاہ کے لشکر میں یہ ایک ایسے امیر تھے کہ اکل حلال میں بہت احتیاط رکھتے تھے حتیٰ کہ کلوخ کی مٹی بھی کسی غیر کی زمین سے نہیں لیتے تھے۔ یہی قاضی محمد اپنے گھر گئے اور کچھ کھانے کا سامان لائے تو آپ نے کھایا۔

حاصل کلام جب قطب العالم اور بادشاہ کے درمیان صحبت راست نہ آئی اور ملاقات نہ ہو سکی تو آپ اپنے وطن کی طرف متوجہ ہوئے۔ بادشاہ نے پوشیدگی سے اپنے سپاہیوں کو کہا کہ جس وقت شیخ کشتی میں سوار ہوں اور کشتی غرقاب میں پہنچ جائے تو مست ہاتھی کو لے کر کشتی کو غرق کر دیں۔ ان بدبختوں نے ایسا ہی کیا جب کشتی غرقاب میں پہنچی ایک مست ہاتھی کہیں سے لے آئے اور کشتی کو غرق کرادیا۔ تمام اہل کشتی دریا میں گر پڑے۔ جاسوسوں نے بادشاہ کو خبر پہنچائی کہ کشتی غرق ہو گئی میاں رجبی اور میاں موسیٰ دونوں قطب العالم کے مرید اس مجلس میں موجود تھے۔ بادشاہ ان کی طرف متوجہ ہو کر بولا تمہارے پیر غرق ہو گئے۔ ان دونوں نے کہا ہمارے پیر ایسے نہیں ہیں کہ

ایسی ندی میں غرق ہو جائیں ؎

ہر کہ از بحر بگذرد چوں برق — کز سیل نہار گردد غرق

جو سمندر سے بجلی کی طرح گزر جاتا ہو وہ ایسی ندیوں کے سیلاب سے کیا غرق ہو گا۔ آخر ایسا ہی ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے دریا کو پایاب کر دیا۔ قطب العالم اپنی پوری جماعت کے ساتھ کنارے آ گئے مگر صرف ایک صاحب، میاں قاضی خان جو حضرت کے مرید صادق، عالم و فاضل اور بہت خوش طبع تھے، کشتی میں سوار ہوتے وقت خوش طبعی سے بولے اگر ہم سب غرق ہو جائیں تو کیا خوب ہو عذاب قبر سے بچ جائیں۔ میاں قاضی راجو جو قطب العالم کے خلیفہ بھی تھے بولے اے سیہ زبان کیا بدفالی کرتے ہو۔ میاں قاضی خان نے کہا میں تو اپنے بارے میں کہہ رہا ہوں، تم سب بسلامت گزر جاؤ۔ آخر وہی ہوا جو انھوں نے کہا تھا۔ ہر چند ملاحوں نے ان کی تلاش میں کوشش بلیغ کی مگر کوئی نشان ان کا نہ ملا۔ اگرچہ غرق ہونے کے وقت بعض دوستوں نے ان کی مدد کی ہاتھ پکڑ کر کھینچا مگر زمین میں پہنچ گئے۔ قطب العالم نے فرمایا، ان کو چھوڑ دو، ان کے ملنے سے ہاتھ اٹھا لو۔ خضر علیہ السلام نے ان کے دونوں پاؤں پکڑ لیتے ہیں۔

منقول ہے قطب العالم دہلی سے خیر آباد کی طرف لوٹ رہے تھے۔ بدایوں سے گزر ہوا۔ حضرت مخدوم شیخ بدالدین جو اس دیار کے صاحب ولایت ہیں۔ ان کے مزار کی زیارت کیلئے تشریف لے جا رہے تھے۔ چنڈول میں سوار مقبرہ کی چہار دیواری میں داخل ہوئے ایک خادم اپنی چھوٹی بچی کو گود میں لیے بات کر رہا تھا۔ جب مخدوم قطب العالم کی طرف نظر کی تو کہا اے شیخ ادب کرو۔ چنڈول سے اتر جاؤ۔ قطب العالم نے فرمایا تم بچیوں سے کھیلنے میں مشغول رہو۔ اس کے بعد ہر ولادت جو اس کے یہاں ہوئی کل بچیاں ہوئیں یہاں تک کہ تعداد سات آٹھ تک پہنچ گئی۔ آخر حضرت بدرالدین کی بارگاہ میں التجا کی کہ کوئی لڑکا پیدا ہو جو آپ کے آستانے کی خدمت کرے۔ خواب میں شیخ بدرالدین کو دیکھا فرماتے ہیں کہ یہ شیخ سعد کے نفس کی تاثیر ہے، ان کے پاس جاؤ اور انھیں سے التماس کرو، وہ خیر آباد آیا قطب العالم نے اس کو دور سے دیکھا فرمایا، برادرم شیخ بدرالدین نے بھیجا ہے۔ جاؤ اللہ تعالیٰ تم کو ایک بیٹا عنایت فرمائے گا۔ آخر اس کو ایک لڑکا ہوا۔ ایک مدت تک آستانہ کی خدمت کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ میرے باپ کو کوئی بیٹا پیدا نہیں ہوتا تھا میں حضرت سعد کی جوتیوں کے صدقے میں ہوا ہوں۔

منقول ہے کہ لکھنؤ میں ایک شخص نے حضرت قطب العالم کی دعوت کی آپ پاپیادہ ہی روانہ ہو گئے راستے میں ایک درزی کی دکان تھی جس کا نام سلیمان تھا وہ بیٹھا ہوا کپڑا سی رہا تھا۔ اس کی زبان سے یہ جملہ نکل گیا شیخ جیو کام میں مشغول ہوں ورنہ آپ کی تعظیم کیلئے میں اٹھتا۔ قطب العالم نے فرمایا بیٹھے رہو۔ اس کے بعد وہ وہاں سے نہ اٹھ سکا ویسے پڑا رہا۔ اور یہ نقص اس کی اولاد میں بھی سرایت کر گیا۔ البتہ اس کی زیارت میں ایک دو شخص کو یہ تکلیف ہوتی ہے۔ یہاں پر حضرت بایزید بسطامی کی حکایت یاد آتی ہے۔ ایک شخص ان کے پاؤں پر چڑھ گیا۔ چند دنوں کے بعد اس شخص کے پاؤں میں تکلیف پیدا ہوئی۔ اس کا اثر اس کی اولاد میں بھی سرایت کر گیا کسی شخص نے حضرت بایزید سے عرض کیا گناہ کوئی کرے اور سزا میں دوسرے بھی پکڑے جائیں؟ آپ نے فرمایا کڑی کمان کا تیر بہت دور تک جاتا ہے" فی الواقع ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ اگر کسی شخص نے حسد، بدنیتی، یا بطور تمسخر کوئی نازیبا حرکت آپ کے مقابلے میں کی ہے اور زبان مبارک سے کوئی جملہ نکل گیا تھا وہ ہو کر رہا۔

منقول ہے کہ ایک شخص پرگنہ امروہہ کے اطراف کا رہنے والا نہایت موٹا بھدّا فیل تن میاں مدن نام، وضع قطع بھی عجیب خیرآباد آیا اور قطب العالم کی خانقاہ میں ٹھہر گیا۔ آدمی خوش لحن اور خوش آواز تھا، گانا بجانا حضرت قطب العالم اسکا گانا سنتے تھے۔ اہل تواجد کیساتھ وجد بھی فرماتے تھے حضرت کے وصال کے بعد ہندی زبان میں آپکی مدح بھی لکھی ہے جو اس علاقے کے قوال گایا کرتے ہیں۔ قنوج کی ایک مطربہ نہایت صاحب جمال خیرآباد آئی ہوئی تھی۔ میاں مدن دیکھتے ہی ریشہ خطمی ہو گئے اور ایسے بیتاب ہوئے کہ عقد کا پیغام بھی بھیج دیا۔ وہ مطربہ بالکل راضی نہیں ہو رہی تھی حضرت قطب العالم کی خدمت میں اس بات کو پیش کیا۔ قطب العالم نے ان کیلیے سفارش کر دی۔ اس نے کہا قطب العالم کیا اس سیاہ مشکے کو قبول کر دوں آپ نے فرمایا، اگرچہ مشکا سیاہ ہے مگر شربت سے بھرا ہوا ہے۔ اس سے جو اولاد ہوگی وہ شاہی درباروں میں مقبول ہوگی۔ مطربہ نے کچھ سوچ کر منظور کر لیا چنانچہ ایسا ہی ہوا عقد کے بعد متعدد اولاد ہوئی اور وہ سب شاہی درباروں سے منسلک رہی فی الحال میاں مدن کے پوتے سند خاں بادشاہ کے مقرب گوئیے ہیں۔

منقول ہے کہ یوسف خاں غازی نے جو گزشتہ بادشاہوں کے امرا میں تھے شہر خیرآباد کو آباد کیا۔ اہل اسلام کو بسایا، اور قلعہ کی تعمیر کی۔ ان کا مقبرہ بھی خیرآباد میں واقع ہے۔

جب یوسف خاں غازی کا انتقال ہو گیا، لشکری مختلف اطراف و جوانب میں نکل گئے۔ شہر میں اہل اسلام کمزور ہو گئے۔ جس زمانے میں حضرت قطب العالم تشریف لائے ہیں اسوقت یوسف خاں کے ایک بیٹے نصرت خاں نہایت پیر فرتوت زندہ تھے ملاقات کے لیے آئے اور کہنے لگے میرے والد کہا کرتے تھے کہ میں تو محض حاکم ہوں ایک گھر بنا رہا ہوں، لیکن وہ دوسری شخصیت جو اس کی مالک ہوگی وہ میرے بعد آئے گی۔ کئی برسوں کے بعد قطب العالم کی شکل و صورت بھی بیان کی تھی۔ اب تحقیق ہوئی کہ وہ آپ ہی کے بارے میں کہا کرتے تھے، یہاں کے صاحب ولدیت آپ ہیں جو تشریف لائے۔ قطب العالم بہت تواضع سے پیش آئے اور بہت تعظیم و اکرام کے ساتھ اُن کو انکے گھر رخصت فرمایا۔

منقول ہے کہ ایک روز ایک جوگی حضرت قطب العالم کی خانقاہ میں آیا چند روز ٹھہرا، اس نے دیکھا کہ خانقاہ میں صوفیوں، طالب علموں، مسافروں اور مجاوروں کے لیے خرچ بہت ہے مخلوق خدا کو کھانا کھلاتے ہیں مگر خود لاغر ہیں۔ اس نے سوچا یہ لاغری متعلقان کے خوراک کی فکر کی وجہ سے ہے اور اسی لیے غمگین رہتے ہیں۔ حضرت کے پاس آیا اور ایک سلائی جو کیمیاگری سے تیار کی تھی بغل سے نکال کر پیش کی اور کہا یہ سلائی آپکی خانقاہ کے چند سال کے خرچ کیلیے کافی ہے۔

آپ نے فرمایا اس کو کسی محتاج کو دیدو مجھے اسکی حاجت نہیں پھر میاں صفی جو آپ کے خلیفہ تھے حکم دیا کہ اس جوگی کو حجرے کے اندر لیجاؤ۔ جب وہ حجرے میں گیا اس کو نظر آیا کہ تمام دیوار نیچے سے اوپر تک سونے کی اینٹوں سے تعمیر کی گئی ہے اسوقت اس نے یہ سمجھا کہ جو اس تصرف کا مالک ہے اسکو کیمیا کی کیا حاجت ہے۔

منقول ہے کہ قطب العالم کے ایک مرید قصبہ بنولی سے خیرآباد آ رہے تھے۔ شیخ بدھن کی خانقاہ میں ٹھہرے۔

شیخ بدھن نے دریافت کیا کہاں جارہے ہو؟ وہ بولے خیرآباد اپنے پیر کی ملاقات کے لیے۔ شیخ بدھن نے کہا تمہارے پیر مسخرے ہیں یعنی سماع سنتے ہیں۔ وہ مرید جب قطب العالم سے قدمبوس ہوئے تو شیخ بدھن کی بات نقل کر دی۔ قطب العالم نے ہندی زبان میں فرمایا "کنڈھب ناچ گا" ایک مدت گزر جانے کے بعد قطب العالم کا گزر قنوج میں ہوا۔ شیخ بدھن کی خانقاہ میں فرود کش ہوئے۔ جو تعظیم و تکریم کرنا چاہیئے تھی وہ انھوں نے کی۔ قطب العالم کے ساتھ قوال بھی تھے۔ گانا شروع ہوا شیخ بدھن اٹھکر زنانخانہ میں چلے گئے اور دیر تک نہ آئے۔ انکی اہلیہ نے کہا۔ ایک معزز مہمان آئے ہوئے ہیں آپکے لیے مناسب نہیں ہے کہ آپ زنانخانہ میں بیٹھے رہیں اگر آپ سرود نہیں سنتے ہیں تو کان میں روئی ڈال کر بیٹھیے آخر وہ مہمان ہیں۔

قطب العالم کو کیفیت تھی شیخ بدھن بھی دست بستہ کھڑے تھے۔ یکبارگی قطب العالم نے شیخ بدھن کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔ وہ اپنا ہاتھ چھڑانے لگے۔ دوسری مرتبہ پھر قطب العالم نے ان کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔ شیخ بدھن کو عجیب و غریب وجد پیدا ہوا، کہ خانقاہ میں بھی نہ ٹھہر سکے کوچہ و بازار کا رخ کیا۔ قوال انکے پیچھے گاتے تھے، تمام روز اور تمام رات اسی طرح جو قطب العالم کی زبان سے نکلا تھا، ایک ہاتھ سر پر اور ایک ہاتھ کمر پر رکھے ہوئے حال کرتے رہے۔ جب اپنی حالت میں آئے تو وہ بے ادبانہ بات جو منہ سے نکلی تھی یاد آئی توبہ کی معافی چاہی پھر تو طالب صادق ہو گئے، نوے سال کے بوڑھے کہ یہ معاملہ پیش آیا۔ ہمیشہ حسرت و افسوس کرتے تھے اور کہتے تھے "بڑھیا نے شادی رچائی مگر جوانی برباد۔" اپنے احوال انھوں نے ہندی اشعار میں لکھے ہیں جو تا حال قوال گایا کرتے ہیں۔ یہ اشعار انھوں نے پہلے حضرت سعد کی خدمت میں پیش کیے تھے۔

منقول ہے کہ میراں راجو قتال بخاری جو حضرت جلال الحق والدین مخدوم جہانیاں کے فرزندوں میں تھے قنوج میں رہا کرتے تھے۔ مخدوم جہانیاں کا خرقہ متبرکہ اور لکڑی کا پیالہ سلسلہ بہ سلسلہ حضرت راجو کو پہنچا تھا۔ آپکے کئی صاحبزادگان تھے ان میں سب سے چھوٹے میراں سید علاءالدین تقریباً تین چار سال کے تھے۔ حضرت راجو قتال کی خواہش تھی کہ یہ جبہ اور کاسہ چوبیں سب سے چھوٹے صاحبزادے علاءالدین کو ملے مگر اس خیال سے کہ اگر میں اعلان کر دوں تو بھائیوں میں رشک و حسد کا جذبہ پیدا ہوگا اور ممکن ہے اس چھوٹے بچے کو گزند پہنچے اظہار نہیں کرتے تھے۔

میراں سید علاءالدین کی والدہ علیحدہ رہتی تھیں اور میراں سید راجو کی خدمت کرتی تھیں۔ میراں راجو قتال نے ان سے کہا یہ جبہ اور پیالہ جو میرے پاس ہے کس کو دوں کہ علاءالدین کو ملے کہ اس کی برکت سے بھائیوں کے ضرر سے محفوظ رہے اسکو تم محفوظ رکھو۔ میرے انتقال کے بعد شیخ سعد کو دیدینا۔ اور جو فیصلہ وہ کریں اور جسکو وہ عطا کریں اس پر سب راضی رہیں۔

حضرت راجو قتال کے انتقال کے بعد جب فاتحہ چہارم میں حضرت قطب العالم قنوج پہنچے، تمام فرزندان مجلس میں حاضر ہوئے۔ خرقہ وغیرہ لاکر رکھا گیا اور جو کچھ مخدوم راجو نے فرمایا تھا کہا گیا۔ میراں علاءالدین کو انکی دایہ گود میں لیے مجلس کے کنارے

کھڑی تھی۔ قطب العالم کی نظر میراں علاء الدین پر پڑی۔ بلاکر اپنے زانوؤں پر بٹھایا اور ان کی پیشانی کا بوسہ دیا۔ اور خرقہ اٹھا کر میراں سید علاء الدین کے کاندھے پر رکھدیا۔ تمام بھائی دل دجاں سے رنجیدہ ہوئے۔

قطب العالم نے فرمایا مجھ سے دل گرفتہ نہ ہو۔ مخدوم جہانیاں اور تمہارے والد کے اشارے سے میں نے ایسا کیا ہے اسی روز میراں سید علاء الدین اور اکثر بخاری مرد و زن قطب العالم سے مرید ہوئے۔ اب تک وہ خرقہ اور پیالہ میراں سید علا والدین کے گھر بطور میراث چلا آتا ہے۔ اکثر افراد نے جکی نظر سید علاء الدین کی پیشانی پر پڑی ہے ایسا نظر آتا ہے جیسے ستارہ چمک رہا ہے یہ اسی بوسے کا اثر ہے جو قطب العالم نے ان کی پیشانی کا لیا تھا۔

منقول ہے ایک مرتبہ قنوج میں آپ چنڈول میں سوار کہیں جارہے تھے۔ ایک گلی میں ایک مجذوب کھڑے تھے بولے اے شیخ انسان ہو کر کہاروں کے کاندھے پر سوار ہو کر کہاں جارہے ہو۔ چونکہ کہار غیر مسلم کافر تھے آپ نے فوراً یہ آیت تلاوت کی اولئک کالانعام بل ھم اضل سبیلا۔ کفار حیوان ہیں بلکہ حیوان سے بدتر۔

منقول ہے۔ رجولی کے رہنے والے ایک طالب علم میاں بھکاری حضرت سعد کے مدرسے میں پڑھتے تھے۔ پڑھ لکھ کر بڑے صاحب صلاحیت ہوگئے۔ لیکن صورت نہایت حقیر تھی۔ تنگ دست اور نہایت مفلس تھے۔ ایک شخص جنکا نام انجمن تھا، خوشحال دولت مند اور قوم میں مقتدائی کی شان رکھتے تھے۔

ایک روز قطب العالم نے فرمایا۔ شیخ انجمن! اپنی بیٹی شیخ بھکاری سے بیاہ دو۔ شیخ انجمن نے کہا آپ کے حکم سے سرتابی نہیں لیکن قوم مجھے طعنہ دے گی کہ کیسے مفلوک الحال سے بیٹی بیاہ دی جسکی صورت بھی خوب نہیں۔ قطب العالم نے فرمایا، صورت کو کیا دیکھتے ہو۔ سیرت کو دیکھو میں تو یہ دیکھتا ہوں کہ یہ بادشاہ کا وزیر ہوگا اور بہت دولت کمائے گا کہ تم اور دوسرے لوگ اس سے مستفید ہوں گے۔ آخر شیخ انجمن نے ناخواستہ خاطر لڑکی ان سے بیاہ دی

ایک مدت کے بعد سکندر لودی نے حضرت سعد قدس سرہ کو خط لکھا کہ اپنے شاگردوں میں کسی با استعداد شاگرد کو جو علمی صلاحیت کے ساتھ خوش تقریر بھی ہو، شاہزادہ ابراہیم کی تعلیم کیلیے بھیجدیجئے۔

آپ نے میاں بھکاری مذکور کو بھیجدیا یہ شاہزادے کو تعلیم دیتے تھے۔ کافی دولت حاصل کی۔ سکندر لودی کے انتقال کے بعد شاہزادہ ابراہیم بادشاہ ہوا تو اس نے انکو اپنا وزیر مقرر کرلیا۔ اور بہودہ جو سکندر لودی کا وزیر تھا اس کو شکنجے میں کس کر مار ڈالا۔ اس شکنجہ کشی کی وجہ یہ ہوئی کہ ایک روز سلطان ابراہیم نے میاں بہودھ سے پوچھا کہ بادشاہ کلاں (سکندر لودی) نے محمد خان جو کالا بہادر پٹھان کے نام سے مشہور تھے، نہایت موٹے سیاہ فام، گویا محمد خان مشک سیاہ کہئے۔ ان میں کیا خوبی ملاحظہ کی تھی کہ مقرب خاص بنا لیا تھا؟ میاں بہودھ نے جواب میں کہا۔ بادشاہ خود بھی مشک سیاہ تھے۔ ان کا دہانہ اتنا بڑا تھا۔ کہ اگر منہ کھولتے تو عالم غرق ہوجاتا۔

سلطان ابراہیم کا ایک مصاحب جسکو میاں بہودہ سے پرخاش تھی ،اسکو موقع ملا۔اس نے بادشاہ سے کہا، کتنی بری گستاخانہ بات انھوں نے بادشاہ مغفور کی شان میں کہی۔ بادشاہ کو بھی یہ بات بری معلوم ہوئی، حکم دیا کہ انکو شکنجے میں کس دیں۔

ان تمام واقعات کی تفصیل کا مقصد یہ تھا کہ قطب العالم کا تفاؤل درست تھا۔ آخر شیخ بھکاری بادشاہ کے وزیر ہوئے۔ شیخ انجھن' اور اکثر مخلوق خدا انکی دولت سے مستفید ہوئی۔

منقول ہے کہ میران سید خورد ساکن کھیری' ان کا اصل وطن بازید پور خورد تھا۔ قطب العالم کے مدرسہ میں آئے اور طلبہ کے ساتھ مل کر پڑھنے لگے۔ ایک روز قطب العالم کی نظر کیمیا اثر ان پر پڑی۔ بلایا اور پوچھا کہاں سے آئے ہو، اور کیا پڑھتے ہو۔ انھوں نے تمام حقیقت بیان کی۔ فرمایا۔ خورد ہی بزرگ ہوتے ہیں۔ خورد و بزرگ تم سے مستفید ہوں گے۔ اب مجھ سے پڑھو، تھوڑی ہی مدت میں قطب العالم کی توجہ سے دانشمند ہو گئے۔ مرید ہو کر خلافت بھی پائی۔ حکم ہوا کھیری ہی میں جاکر سکونت اختیار کرو۔ اور درس و تدریس کا سلسلہ جاری کرو۔ کہتے ہیں اس زمانے میں کھیری میں مسلم آبادی کم تھی۔ کھیری کے حاکم نے قطب العالم کو ایک گاؤں کھبنام کا بطور فتوح نذر کیا تھا۔ وہ گاؤں میراں سید خورد کو طالب علموں کے اخراجات کیلیے عنایت فرمادیا۔

میران سید خورد نے جب کھیری میں سکونت اختیار کی تو کھیری کے چودھری کو جو کافر تھا یہ بات پسند نہ آئی۔ اور آپ کی عزت و قبولیت سے جلنے لگا۔ میران خورد جس طرح بھی ہوا تحمل سے کچھ مدت گزارتے رہے۔ ایک مرتبہ خیرآباد آئے اور قطب العالم سے عرض کیا کہ میں کھیری میں مسافر وار زندگی گزارتا ہوں اگر چند بیگھہ زمین اور حویلی ہوتی تو باغ لگاتا اور تالاب بنوا دیتا۔ تاکہ طلبہ کو بھی فراغت حاصل ہوتی۔

قطب العالم نے فرمایا جاؤ اللہ آسان کرے گا۔ کچھ دنوں کے بعد قطب العالم کھیری تشریف لائے اور کھیری کے حاکم کو کہلا بھیجا کہ دس بیگھہ زمین اور ایک حویلی مجھ کو دو۔ حاکم نے اپنی سعادت کونین جانکر باکرام تمام قبول کرلیا۔ قطب العالم نے اس اراضی کو میراں سید خورد کے حوالہ کیا۔ اور خیرآباد چلے آئے۔

میراں سید خورد نے اس اراضی میں آم کا باغ لگایا۔ چند روز گزرے تھے کہ چودھری نے کسانوں کو تیار کیا کہ رات کے وقت تمام آم کے تھالوں کو بنیاد سے اکھاڑ کر کسی اندھے کنوئیں میں پھینک دیں۔ ان لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ صبح کو میراں سید خورد کو معلوم ہوا۔ اٹھے اور سیدھے خیرآباد آئے تمام حقیقت قطب العالم کو بتائی

قطب العالم نے فرمایا۔ میراں سید خورد غمگیں مت ہو تمہارے دین کی جڑیں پاتال تک پہنچیں اور مضبوط و مستحکم ہوئیں اس کافر نے خود اپنی بنیاد کھودی ہے۔

تھوڑی مدت میں اس کا یہ حال ہوا کہ مع اپنے خاندان اور ساز و سامان کے آیت کریمہ **ھل تحس منھم من احدٍ**[۱]

---

۱۔ کیا تم انھیں کہیں محسوس کرتے ہو یا کہیں ان کی بھنک بھی پاتے ہو۔

اد تسمع لھدرکزا کا مصداق بن گیا۔ اور تمام قصبہ میراں سید خورد اور انکی اولاد کے تصرف میں آگیا، کا ہیں سرا، باغات تالاب اور کنوئیں بنوائے۔ اوامر ونواہی میں جو حکم دیتے کوئی مانع نہ ہوتا۔ آج تک ان کے فرزندان کی حکومت اس قصبہ بلکہ اس پرگنہ میں جاری ہے۔ اور اکثر زائر جو اس جگہ کو دیکھتے ہیں قطب العالم کے اسی تفاؤل کے امیدوار ہیں۔

منقول ہے کہ قطب العالم حضرت پیر دستگیر مخدوم شیخ مینا قدس سرہ کے مزار پر فاتحہ خوانی کے لیے خیرآباد سے لکھنؤ جایا کرتے تھے۔ راستے میں ایک گاؤں ہے موضع کندھولی وہاں قیام فرماتے تھے۔ اس گاؤں کا چودھری ایک ہندو تھا۔ بہت بڑا کاشتکار آس پاس کے گاؤں میں بھی اس کی کاشتکاری تھی تقریباً ہزار بارہ سو من غلہ پیدا ہوتا تھا۔ قطب العالم کا بہت معتقد تھا جب آپ کندھولی میں منزل فرماتے تو آپ کے ساتھ تمام قافلہ کی خاطر مدارات کرتا تھا۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ قطب العالم نے اس دیہات میں قیام فرمایا۔ جیسی خدمت کرنی چاہیئے تھی حسب معمول اس چودھری نے نہ کی۔ قطب العالم نے اس کے چہرے پر غم کا اثر دیکھا، دریافت فرمایا کہ کیا حال ہے۔ کسی شخص نے ظاہر کیا کہ عنقریب ہی ایک حادثہ پیش آیا ہے۔ کہ تمام کھلیان جس میں تقریباً دس بارہ من غلہ گندم ہوگا دشمنوں نے جلا کر خاکستر کر دیا ہے۔ قطب العالم نے فرمایا کوئی کھلیان باقی رہا ہے۔ اس نے کہا ایک نیم سوختہ خرمن جس میں تقریباً دس بارہ من غلہ گندم ہوگا۔ فرمایا غم مت کرو اس کھلیان کو صاف کرو اور ایک کوٹھی میں رکھدو سرپوش سے چھپا دو اور ایک سوراخ چھوڑ دو جب تمکو ضرورت ہو اُسی سوراخ سے نکال کر صرف کرو اللہ تعالیٰ اسی میں کفایت فرمائے گا۔ اس نے ایسا ہی کیا آئندہ سال نوتک وہ اخراجات میں خرچ کرتا رہا کوئی کمی نہیں ہوئی جب نئی فصل کا وقت آیا تو تخم کے خیال سے اس کے گھر والوں نے کوٹھی کا سرپوش کھولا، دیکھا تو چار پانچ سیر کے قریب گندم بچ رہا تھا اس کے بعد وہ برکت جاتی رہی، ورنہ اس سے پہلے وہ اپنی ضرورت کے علاوہ آس پاس کے دیہات والوں کو قرض بھی دیتا رہا تھا۔ اب گھروالے حسرت و افسوس کرتے تھے کہ ہم نے سرپوش کھول کر برکت کھودی۔ ورنہ تمام عمر ہمارے لیے کافی تھا۔

بعض حضرات سے یہ واقعہ اس طرح منقول ہے۔ کہ جب قطب العالم کو یہ واقعہ معلوم ہوا، تو یہ بات بھی منکشف ہوئی کہ گندم محفوظ ہیں صرف گندم کے پتے اور ڈنٹھل جلے ہیں زیر خاکستر گندم محفوظ ہے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا راکھ ہٹا کر دیکھو گندم محفوظ ہے۔ جب راکھ ہٹائی گئی بہت عمدہ بڑے بڑے سرخ گندم برآمد ہوئے۔ قرینہ یہ ہے کہ یہ دو جداگانہ واقعہ ہے۔

منقول ہے کہ قطب العالم جب لکھنؤ اپنے پیر دستگیر کے مزار پر فاتحہ خوانی کیلئے جاتے واپسی میں قصبہ مکوان میں بھی سلطان العاشقین برہان السالکین مخدوم شیخ سارنگ کے مزار پر حاضری دیکر خیرآباد واپس آتے تھے ہمیشہ یہی عادت تھی۔

ایک مرتبہ پیر دستگیر کی زیارت و فاتحہ خوانی کے بعد براہ راست خیرآباد چلے آنے کا ارادہ کیا۔ دوپہر کو ایک دیہات

میں ٹھہرے قیلولہ میں مشغول تھے۔ عالم خواب میں دیکھا کہ میں سلطان العاشقین کے روضہ پر حاضر ہوں۔ حضرت مخدوم سارنگ قوالوں سے فرما رہے ہیں ہندی کا یہ کلام پڑھو۔

"آ ہو یہ کا ہے جاؤں — ٹوٹا دیکھن چھوپڑا"

قطب العالم اٹھے، سمجھا کہ یہ اشارہ ہے اس پر کہ میں وہاں کی زیارت چھوڑ کر کبھی نہیں گیا ہوں۔ فوراً اٹھے اور اسی راہ سے روضۂ سلطان العاشقین پر پہنچے۔ قوال ساتھ تھے، حکم دیا کہ یہی کلام سناؤ۔ قطب العالم دیر تک بکیف رہے۔ رات وہیں گزاری پھر خیرآباد کیلیے روانہ ہوئے۔ اس کے بعد کبھی بھی مکھوان کی زیارت ترک نہیں کی۔

منقول ہے کہ میاں مدن، قطب العالم کے ایک صادق العقیدہ مرید تھے۔ مرگین جو پرگنہ پالی کا ایک دیہات ہے ان کا وطن تھا، ایک مرتبہ حاکم پالی نے اس دیہات میں جاکر لوٹ مار کی سرمایہ، سامان و اسباب غلہ وغیرہ لوٹ کر لے گیا۔ میاں مدن بھاگ کر خیرآباد آئے۔ اور قطب العالم کے سامنے تمام حالات بیان کیے۔ قطب العالم نے چاہا کہ اس حاکم کے پاس سفارشی خط لکھیں۔ میاں مدن نے عرض کیا کہ مبادا وہ ظالم آپ کی بات نہ سنے اور آپ کی بات زمین پر گرے۔ آپ نے فرمایا جو شخص میری بات کو زمین پر ڈالے گا خود زمین کے نیچے جائے گا۔

اس دیہات میں متعدد کوئیں غلے سے بھرے تھے وہ ظالم ایک کوئیں کی جگت پر بیٹھا ہوا اپنے عملوں کو حکم دے رہا تھا کہ اس کو نکال کر بیچ دو۔ اسی وقت میاں مدن قطب العالم کا خط لیکر پہنچے، سخت غصہ ہوا، اور اسی کوئیں میں خط ڈال دیا۔ پھر اٹھنے کا ارادہ کیا، اس کا پاؤں پھسلا، گردن کی طرف سے کوئیں میں گرا گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی اور اسی وقت مر گیا۔

منقول ہے کہ میاں مدن کسی حاکم کے ساتھ کسی ایسے پہاڑی علاقے میں جا رہے تھے۔ جہاں کا پانی زہر ہلاہل تھا۔ وہاں کے پانی کا حال حضرت قطب العالم سے بیان کیا آپ نے ایک "آفتابہ گل" (مٹی کا لوٹا) عنایت فرمایا۔ اور کہا جو اس آفتابے سے پانی استعمال کرے گا، پانی کے برے اثر سے محفوظ رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جن رفقا نے اس لوٹے سے پانی استعمال کیا وہ امراض سے محفوظ رہے اور جن لوگوں کو یہ نعمت میسر نہیں تھی وہ بیمار پڑے ہلاک ہوئے۔ جو زندہ رہے وہ نہایت ضعیف و کمزور ہو گئے۔

منقول ہے کہ فتح خاں۔ خیرآباد کا حاکم تھا، اب تک سرائے فتح خاں مخلوق کی زبان پر ہے اسی کی بنائی ہوئی ہے، بڑا ظالم شخص تھا۔ معافی داروں، زمینداروں اور رعیت کو بہت ستاتا تھا، پرگنہ باڑی بھی اسی کی حکومت میں تھا۔ ایک مرتبہ باڑی سے خیرآباد کی طرف روانہ ہوا کہ زمینداروں کو ستائے۔ مخادیم میں انتشار پیدا ہوا۔ سب حضرت سعد کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ واقعہ اس طرح ہے۔ فرمایا شیخ نظام الدین کا قول ہے "ہنوز دلی دور است" ابھی دلی دور ہے۔ پھر پریشان ہو کر

حاضر ہوئے، کہ شہر کے نزدیک پہنچ گیا۔ آپ نے وہی جملہ دوہرایا" ہنوز دہلی دور است" جب مکانات شہر کے قریب پہنچا، تو کسی سے کچھ کہنے کیلئے گردن موڑی، ایسے جھٹکے سے موڑی کہ رگ چڑھ گئی گردن ٹیڑھی ہوگئی۔ ہر چند چاہا کہ اطبا علاج کریں لیکن فائدہ نہ ہوا، آخروہ سمجھ گیا کہ یہ کس سبب سے ہے۔ حضرت قطب العالم سے بالحاح وزاری عرض کیا۔ کہ میری گردن سیدھی ہو جائے۔ حضرت نے ایک آئینہ اس کے پاس بھیجا کہ اس میں چہرہ دیکھنے کی کوشش کرو۔ گردن تو سیدھی ہوگئی مگر کیا فائدہ کہ موت قریب آگئی تھی، آئینہ دیکھنے سے گردن تو سیدھی ہوگئی مگر دو ایک روز کے بعد مر گیا۔

منقول ہے کہ خیرآباد کا ایک چودھری جو ذات کا چمار تھا، اس کا نام کھیرو تھا۔ تمام شہر پر پورا اقتدار رکھتا تھا۔ آپ کی خدمت میں آتا تو آپ اسکی طرف التفات فرماتے اور اس شہر کی حرمت کا لحاظ رکھتے۔ ایک روز قاضی راجا نے کہا قطب العالم کیا اس ظالم کافر کی تعظیم کرتے ہیں؟۔ آپ نے فرمایا، میں تو تم لوگوں ہی کے خیال سے کرتا ہوں، آئندہ نہ کروں گا۔ اسکے بعد جب وہ آیا آپ نے اس کی طرف بالکل توجہ نہ دی، انتہائی دلگیر ہوکر گیا۔ ایک بلا خیرآباد کے سر پر لا ڈالی کہ سب پریشان ہوکر قطب العالم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اظہار واقعہ کیا۔ اور کہا کچھ لکھ کر اس کے پاس بھیجئے۔ ورنہ ہم لوگ اب شہر سے جلاوطن ہوتے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں نے نہیں کہا تھا کہ میں تم لوگوں ہی کی وجہ سے اسکی حرمت ملحوظ رکھتا ہوں۔ آپ نے قاضی راجا کو خط دیکر اس کے پاس بھیجا۔ قاضی راجا نے زبانی بھی بہت کچھ کہا، شیخ کی بددعا سے بھی ڈرایا، مگر اس کی آتش نخوت تیز سے تیز تر ہوتی گئی۔ اس نے کہا، کیا اس قدر ڈراتے ہو، کیا تمہارے شیخ کی کرامت سے میرا بیٹا مر جائیگا۔؟

قاضی راجا نے یہ بات قطب العالم کے سامنے بیان کردی۔ قطب العالم نے فرمایا باپ بیٹے کے حق میں جو بات کہتا ہے وہ یقیناً مستجاب ہوتی ہے۔ اگرچہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔ جو کچھ اس کی زبان سے نکلا ہے وہی ہوگا۔

اس کا لڑکا گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں جارہا تھا، گھوڑا دوڑانے میں گھوڑے سے گر گیا۔ گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی، نیم مردہ حالت میں گھر پہنچایا گیا۔ کھیرو، دوڑا ہوا قاضی راجا کے پاس آیا کہ قطب العالم سے کہئے کہ میرے بیٹے کو دیدیں میں توبہ کرتا ہوں قاضی راجا نے گزارش کی، قطب العالم نے فرمایا تیر نشانے پر بیٹھ چکا ہے۔ آخر کار کھیرو کا بیٹا اسی روز مر گیا۔

منقول ہے کہ کھیرو مذکور بیٹے کے مرنے کی وجہ سے ائمہ خیرآباد کی طرف سے دل میں کینہ رکھنے لگا۔ حاکم خیرآباد کے پاس آگرہ میں جاکر ایک لاکھ سکھ کا ٹیکس ان ائمہ پر قائم کرادیا۔ یہ خبر ائمہ خیرآباد کو ملی سخت پریشان ہوئے۔ قطب العالم سے کہا اس کافر کے ہاتھ سے ہم لوگ ویران ہو رہے ہیں۔

قطب العالم نے اپنے خلیفہ شیخ صفی سے کہا دفع شر ظالماں کیلئے سیفی پڑھو۔ میاں صفی شہر سے باہر ایک تالاب کے کنارے بیٹھ کر کچھ پڑھنے لگے، مگر کوئی اثر ظاہر نہ ہوا۔ قطب العالم نے فرمایا درویش جو رات کو سوئے رہتے ہیں شب بیداری

نہیں کرتے رات عبادت وطاعت میں نہیں گزارتے ان کے دعا پڑھنے سے کیا فائدہ ہوگا۔ آج میری تسبیح لے جاؤ، اور چند مرتبہ اس پر پڑھو۔ ابھی دو تین ہی مرتبہ پڑھا تھا کہ ایک نورانی بزرگ نمودار ہوئے اور کہا کہ قطب العالم کو میرا سلام و دعا کہو اور کہدو کہ کھیرو مرکر جہنم واصل ہوا۔ لوگوں نے تاریخ لکھ لی تھی۔ اتفاقاً اسی روز کھیرو مذکور حاکم سے رخصت ہوکر آگرہ سے روانہ ہوا تھا۔ کچھ اس کے بھی مخالفین تھے انھوں نے حاکم سے کہا، کھیرو کے ذمہ خود ہی بہت کافی لگان باقی ہے جو اس نے ادا نہیں کیا ہے، حاکم نے واپس بلانے کا حکم دیا۔ جب لوٹ کر حاکم کے حضور میں آیا، حاکم نے کہا اپنا بقایا لگان ادا کرو وہ بقایا سے صاف انکار کر گیا، حاکم غضب ناک ہوا اور اسکو شکنجے میں کس دینے کا حکم دیا، آخر اسکو قتل کر دیا گیا۔ جو قتل کا مستحق تھا قتل کیا گیا اس سے بہتر کیا بات ہوگی۔

منقول ہے کہ راجو اور موجو، قطب العالم کے مرید میاں برخوردار کے لڑکے تھے، بد مست ہوگئے تھے ہر وقت فسق و فجور میں وقت گزارتے تھے۔ رات کے وقت لوگوں کے مکانوں میں گھس جاتے، ایک تالاب کھدوا رہے تھے۔ اس کے لیے ہر روز قطب العالم کی سرائے کے باشندوں اور محنت کشوں کو زور و تعدی سے پکڑ کر لے جاتے اور بہت ظلم سے کام لیتے۔

چونکہ میاں برخوردار کا مکان قطب العالم کی سرائے ہی میں تھا۔ اور لوگ ان دونوں کے ظلم وستم سے تنگ آگئے تھے، قطب العالم کی خدمت میں دادخواہ ہوتے۔ حکم ہوا، اللہ تعالیٰ جلد ہی ان کے دست ظلم سے رہائی بخشے گا۔ اس حوض "آب ناخوردہ" (خشک) سے یہ شربت مرگ ہی چکھیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، دونوں بھائی جوان مرگ ہی دنیا سے گئے۔ وہ حوض آج بھی موجود ہے، مگر کافی عمیق ہونے کے باوجود برسات میں بھی خشک رہا کرتا ہے۔ اس خشکی کی وجہ قوم میں مشہور ہے کہ چونکہ حضرت قطب العالم نے اسکو "حوض آب ناخوردہ" (بے پانی کا تالاب) کہا تھا۔

منقول ہے کہ میاں برخوردار کے دونوں بیٹے جب انتقال کر گئے اس وقت ان کی عمر آخر ہو رہی تھی، ایک روز قطب العالم سے عرض کرنے لگے کہ میرے دونوں بیٹوں نے اپنے کیے کا پھل پایا۔ میں اب اس دنیا سے بے اولاد جا رہا ہوں۔ حضور کا کیا حکم ہوتا ہے۔ فرمایا ایک لڑکا تمکو خدائے تعالیٰ دے گا۔ انھوں نے کہا کہ مصداق اس آیۂ کریمہ کے اِنِّیْ وَھَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا۔ (میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میرے بالوں کی سفیدی پھیل پڑی ہے) فرمایا قَالَ رَبُّكَ ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ (تمہارے پروردگار نے کہا یہ میرے لیے آسان ہے) قطب العالم کی دعا سے انکو انتہائی بڑھاپے کی عمر میں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ کہ اب تک ان کی اولاد باقی ہے۔

منقول ہے کہ میاں قاضی راجا اپنے مکان کے قریب، قطب العالم کی سرائے میں کنواں کھدوانے لگے، مگر قطب العالم

---

لہ حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا، اور اللہ کا جواب حسب اللہ سے اولاد مانگی اور اللہ نے دعا قبول فرمائی اور ان کی حیرت کے جواب میں فرمایا یہ میرے لیے آسان ہے۔ ۱۲ ۔

سے اجازت نہیں لی تھی، ان کے پاس خاطر سے قطب العالم نے منع تو نہ کیا مگر یہ فرمایا کہ پانی شور نکلے گا کوئی استعمال نہ کرے گا اب بھی وہ کنواں موجود ہے انتہائی شور ہے بالکل پینے کے لائق نہیں ہے۔ ان کے پڑوسی دوسری دوسری ضرورتوں کے لیے لے جاتے ہیں۔ مگر پینے کے لیے قطب العالم کے کوئیں سے پانی لیتے ہیں۔

منقول ہے کہ ایک روز قطب العالم کی مجلس میں کھانا لایا گیا، لوگ کھانے میں مشغول تھے۔ قطب العالم کے ایک ممتاز شاگرد، صاحب درس عالم وفاضل میاں ممی خاں افغان بھی شریک طعام تھے۔ قطب العالم نے بطور مزاح دسترخوان سے ایک ہڈی اٹھائی اور میاں ممی خان افغان سے پوچھا "اس کو پسند کرتے ہو" ان کی زبان سے نکل گیا "کیا دوسرے اس پر آنکھ لگائے بیٹھے ہیں" قطب العالم نے فرمایا۔ "تم بھی مجلس میں کوشش کرو"۔

اس کے بعد انکی یہ حالت ہو گئی کہ مجلس مباحثہ، مناظرہ یا اور کسی مجلس میں کسی سوال کا جواب دینا چاہتے تو کچھ نہ بول سکتے تھے جیسے کچھ جانتے ہی نہیں ہیں۔ لیکن جب درس دینے کیلیے بیٹھتے تھے تو معلوم ہوتا تھا درس وتدریس کا فن جانتے ہیں۔ ہر باریک سے باریک نکتے حل کر دیتے۔ قاضی شہاب الدین کے حاشیہ کافیہ پر انھوں نے حاشیہ لکھا ہے۔ اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ قاضی شہاب الدین کے مفہوم کو سمجھا ہے تو ان ہی نے سمجھا ہے۔

مؤلف کتاب (خواجہ کمال) ان کا شاگرد دیکھا ہے۔ بڑے معمر بزرگ تھے۔ میرے والد نے، میرے اور دیگر طلبہ کی تعلیم کے لیے لاہرپور سے لاکر حضرت سعد کے مدرسے میں رکھا تھا۔ مدتوں درس دیتے رہے۔

منقول ہے حضرت سعد قدس سرہ فرماتے ہیں۔ میں جاڑے کی ایک سخت رات میں دریا کے کنارے گیا ہوا تھا ایک دوکان پر میں نے ایک شخص کو دیکھا، جو بالکل برہنہ تھا۔ سردی کی وجہ سے کانپ رہا تھا۔ اور فریاد کر رہا تھا۔ اس کی یہ تنگ حالی دیکھ کر مجھکو بہت رحم آیا میں اسکے قریب کھڑا ہوا۔ اور سوچنے لگا اگر میرے پاس کوئی کپڑا ہوتا تو میں اسکو دیتا۔ ابھی میں کھڑا ہی تھا کہ ایک سوار اپنے گھوڑے سے گزرا اس کی فریاد اور گریہ وزاری کی آواز اس کے کانوں میں پہنچی قریب آیا اور اپنی ریشمی دولائی اس کے کندھے پر ڈال دی اور روانہ ہو گیا میرے دل میں یہ بات گزری دنیا بھی خوب ہے اگر ایسی جگہوں میں خرچ ہو۔ علی الصباح حضرت پیر دستگیر کی خدمت میں حاضر ہوا، فرمایا، میاں سعد دنیا اگر صحیح مصرف میں خرچ ہو خوب ہے تم بھی ایسے موقع سے خرچ کرنے میں اعراض نہ کرو۔ کہ وہ تمہاری خدمت خود کرے گی۔

حضرت سعد فرماتے ہیں یہ ساری چیزیں جو تم دیکھتے ہو۔ یہ سب حضرت پیر دستگیر کے انفاس طیبہ کا اثر ہے۔ حضرت سعد کے مطبخ میں روزانہ چودہ، پندرہ من میدہ خرچ ہوتا تھا، جو صوفیوں، قوالوں، طلبہ، مجاورین ومسافرین پر صرف ہوتا تھا۔ تقریباً چار پانچ ہزار تنکہ جو بمنزلہ روپیہ کے تھا محتاجوں کی بخشش میں صرف ہوتا تھا۔ اگر ایسا موقع آجاتا کہ کچھ موجود نہ رہا تو تاجروں

سے دلوا دیتے تھے۔ پھر اپنی جیب سے ادا فرماتے۔ اکثر لشکری جنکے گھوڑے مر گئے یا از کار رفتہ ہو گئے، اپنی حاجت پیش کرتے تھے۔ آپ تلاش کروا کے جہاں بھی دستیاب ہوتے خرید کر عطا فرما دیتے۔

ایک روز ایک پریشاں حال جماعت آپکی خانقاہ میں آئی اور اپنی خستہ حالی کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا چند روز ٹھہرو اور صبر سے کام لو۔ اسی زمانے میں سوداگروں کا ایک قافلہ دو تین طویلہ اچھے گھوڑوں کے ساتھ خیرآباد میں آیا آپ کو خبر ہوئی آپنے حکم دیا کہ تمام گھوڑوں کی قیمت تشخیص کی جائے، جب قیمت تشخیص کی گئی کئی ہزار ہوتی تھی۔ سوداگروں کو یہ خیال ہوا یہ تو خود درویش ہیں اتنی قیمت کہاں سے لائیں گے۔ اس وسوسے کی بھی خبر آپکو ہو گئی۔ آپ نے سوداگروں کو اطمینان دلایا کہ جب تم کل رقم اپنی تھیلی میں رکھ لینا تب گھوڑے دینا اور میں بھی ان کو اسی وقت اپنے اصطبل میں منگواؤں گا۔ قیمت طے ہونے کے بعد آپنے ایک نوشتہ زبیرپور کے حاکم کے نام لکھ کر دیا اور سوداگروں سے کہا اگر کل روپے تمہارے مل جائیں تو لے لو ورنہ فوراً واپس آؤ۔

دوپہر کے وقت یہ سوداگر ان زبیرپور حاکم کے دروازے پر پہنچے۔ اسی وقت حاکم کو خبر دی گئی کہ خیرآباد سے قطب العالم کا رقعہ لیکر ایک شخص آیا ہے۔ حاکم یہ خبر سنتے ہی ننگے پاؤں دوڑتا ہوا آیا، سوداگر سے قدمبوس ہوا، سوداگر نے خط دیا۔ اس کو چوما آنکھوں سے لگایا، اور اسی وقت کل روپے گن کر حوالہ کیے۔ چند ہزار تنکے (روپے) ان کے اور بھی حوالہ کیے کہ آپ حضرات اتنی دور سے تشریف لائے ہیں۔ سوداگر اپنے روپے لیکر اپنے تصرف میں لائے۔ قطب العالم نے پلک جھپکتے ہی تمام گھوڑے حاجتمندوں کو تقسیم کر دیئے۔

قطب العالم فرماتے تھے اکثر اولیا محمدی نذور قبول نہیں کرتے ہیں نبیؐ کی اتباع میں۔ کیونکہ نبیؐ نے فرمایا ہے۔ کوئی نبی ایسا نہیں جسکی نظیر میری امت کے اولیا میں نہ ہو۔ بعض بے ہمت ان اولیائے سلیمان صفت کے لینے اور تقسیم کرنے کے منکر ہیں وہ کاملین کے مرتبہ سے محروم ہیں۔ اے نادانو یہ عزت محمدی ہے کہ اس امت کے اولیا انبیائے پیشیں کے مصداق ہیں کہ عالم میں تصرف کرتے ہیں۔ جیسے احیائے موتیٰ، پیدائشی اندھے کو آنکھ والا بنانا وغیرہ۔

منقول ہے کہ حضرت قطب العالم کی ایک پھوپھی تھیں بی بی صابرہ بڑی عابدہ زاہدہ مریم صفت؛ ان کے پاس ایک بڑا طباق تھا جو انکے مصرف میں رہا کرتا تھا۔ حضرت قطب العالم کی پیدائش سے پہلے آپ کے تین بھائی پیدا ہو چکے تھے۔ جب کسی بھتیجے کے پیدائش کی خبر ملتی خوش ہوتیں اور کہتیں میرے بھائی کے یہاں بیٹا پیدا ہوا ہے۔ لیکن قطب العالم کی پیدائش کے وقت کہا میرے بھائی کے گھر جو بچہ پیدا ہوا ہے وہ ایک روز قطب العالم ہوگا۔ جب انکے انتقال کا وقت ہوا تو وہ طباق قطب العالم کے حوالہ کر دیا۔ کیونکہ وہ پھوپھی کی خدمت بھی بہت کیا کرتے تھے۔

حضرت قطب العالم فرماتے ہیں کہ ہمارے خاندان میں جن مستورات کو شادی میں شرکت کا اتفاق ہوا ہے۔

انھوں نے دیکھا ہوگا کہ بی بی صابرہ کے ورع و تقویٰ کی نسبت سے اسی طباق میں پارسا مستورات کو شیرینیاں پیش کرتے ہیں۔

منقول ہے، بی بی ملکہ جو قطب العالم کی بھتیجی تھیں انکو صرف ایک بچی پیدا ہوئی، اور چند ماہ کی ہوکر انتقال کر گئی پھر ایک مدت تک اولاد نہیں ہوئی حضرت قطب العالم سے خاندان کی عورتوں نے دعا کی درخواست کی، حکم یہ ہوا کہ انکی قسمت میں نہیں لکھا ہے۔ آخر بی بی ملکہ دنیا سے بے اولاد ہی گئیں۔

منقول ہے کہ میاں عبد الرحیم ساکن بلگرام خود کہتے ہیں کہ میرے بچپن میں میرے والد نے مجھے قطب العالم سے مرید کرا دیا تھا۔ ایک مدت کے بعد کلاہ مجھ سے گم ہوگئی۔ میں نے سنا کہ قطب العالم تشریف لائے ہوئے ہیں۔ میں آیا کہ دوسری کلاہ عرض کر کے لے لوں۔ اس وقت ایک عجیب و غریب حالت میں نے دیکھی خلق اللہ جمع تھی لیکن حضرت کسی کی طرف ملتفت نہ تھے بلکہ یادِ خدا میں مشغول تھے، میں متحیر کھڑا تھا، یکبارگی میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا، عبد الرحیم خوب پہنچے جو کلاہ تم کو دی تھی گم کر دی پھر اپنے سر مبارک سے سبز اونی کلاہ اتاری اور مجھ کو عنایت فرمائی۔

شیخ عبد الرحیم کہتے تھے مجھے جب سخت مشکل پیش آتی ہے تو ہزار بار یہ اسم پڑھتا ہوں "مخدوم شیخ مینا، مخدوم شیخ سعد" یقینی وہ مشکل حل ہو جاتی ہے۔ جبکہ دوسروں کی حاجتیں اسمائے اعظم اور سیفی وغیرہ سے پوری ہوتی ہیں۔ مجھے یہی دو اسم کافی ہیں۔

جاروب کش آستانہ اس کتاب کا مولف (خواجہ کمال) کا بھی راسخ عقیدہ یہی ہے۔ جب کبھی سخت مہم میں ان اسما کو باخلاص و بصدق دلی پڑھتا ہوں یقینی مشکل حل ہوتی ہے۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے۔ دنیا کا ثبات و قیام طالبان حق اور عاشقان الٰہی کے قدوم میمنت لزوم سے ہے۔ رات دن کے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔ ہر گھنٹے میں اللہ تعالیٰ نوے ہزار آدمیوں کو خلعت وجود عطا فرماتا ہے۔ اسطرح ہر سال ساٹھ کروڑ اکاسی لاکھ اور ساٹھ ہزار آدمی عالم وجود میں آتے ہیں۔ ان میں نوے ہزار عاشقان الٰہی ہوتے ہیں۔ بقیہ جتنے ہیں سب بے عشق ہیں۔ یہی نوے ہزار عاشقانِ الٰہی ہیں، جنکی بدولت یہ دنیا قائم ہے۔ ہر سال نوے ہزار عاشقان الٰہی اللہ تعالیٰ پیدا کرتا ہے اور ہر سال نوے ہزار عالم فانی سے عالم جاودانی کو رحلت کرتے ہیں۔

ایک روایت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہے کہ نورِ عشق کا دریا عالم علوی سے دنیا کی طرف آیا ہے، اور ابر سفید کی طرح آسمان و زمین کے درمیان معلق ہے۔ ہر سال نورِ عشق چمکتا ہوا کوہ طور پر جاتا ہے۔ اور اللہ کی جناب میں دعا کرتا ہے کہ اس سال اپنے بندوں میں کس کس بندے کو میرے لیے پیدا کیا ہے اس کی خبر مجھ کو دے تاکہ انکے دلوں کو تیری طرف متوجہ کروں۔ اس وقت نوے ہزار آدمیوں کے نام ایک کاغذ پر لکھ کر دیدیے جاتے ہیں۔ جن لوگوں کے نام اس

کا عذر پر ہوتے ہیں ان کی تلاش میں پوری کوشش کرتا ہے۔ اور ساعت بساعت ان کے دل کو اللہ کی طرف مائل کرتا رہتا ہے۔

اے عزیزہ! عشق کے تین حرف ہیں۔ عینِ عشق۔ ع۔ عین کا مفہوم علو ہے کہ عشق رفتہ رفتہ پستی سے بلندی کی طرف لے جاتا ہے۔ منزل بمنزل اوپر بڑھتا ہوا، طالب اپنی انتہا کو پہنچتا ہے۔ یہ ناقصوں کیلیے مقدر کیا گیا ہے کہ ان کے قلوب جذب صادق سے مملو ہو کر علو کی طرف بڑھتے چلے جائیں۔ ش: شین سے آتشِ شوق مراد ہے وہ آتشِ شوق جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوں کے دل میں بھڑکائی ہے جسکے دل میں آتشِ شوق ہوتی ہے وہ ہمیشہ اسی آگ میں جلتا رہتا ہے۔

قرآن میں بھی یہ لفظ آیا ہے لیکن ایک مصلحت خاص سے، بجائے 'شین' کے 'سین' آیا ہے۔ جیسے 'حمعسق' یعنی ع س ق ہے۔ قرآن میں موسیٰ ہے اور توریت میں 'موشیٰ' شین کے ساتھ۔ چونکہ لکنت کی وجہ سے حضرت موسیٰ کو شین کے تلفظ میں دقت ہوتی تھی۔ اور آواز سین کی پیدا ہو جاتی تھی۔ اس لیے اللہ نے انھیں کے تلفظ کی رعایت سے ہر جگہ موسیٰ کا لفظ استعمال فرمایا۔ اور حروف مقطعات میں عین۔ شین۔ قاف کا موقع آیا تو رعایت موسوی ملحوظ رکھی گئی۔ اس طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔ کہ لفظ عشق قرآن میں بھی بایں صورت موجود ہے۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا، ایک دفعہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں مناجات کی۔ خداوندا! کل قیامت میں میری امت کا حساب میرے ہاتھ میں دیدے۔ کیونکہ یہ بہت ہی گنہگار امت ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ کل قیامت میں سب کے روبرو انکی فضیحت ہو۔

خداوند عالم کا فرمان ہوا، کل قیامت میں، میں خود اپنے روبرو ان کا حساب لوں گا۔ تاکہ کوئی دوسرا نہ دیکھے اور ان کی فضیحت ہو۔ اگر یہ تمہاری امت ہیں تو میرے بھی بندے ہیں۔ انکو تمہارے روبرو کیسے فضیحت ہونے دوں گا۔

پھر فرمایا، یہ بات بھی کہی جاتی ہے، جب اتنی ہی عزت و تکریم ہے تو پھر ان سے گناہ کیوں سرزد ہوتے ہیں؟

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خزانہ ضائع نہ ہو، کیونکہ اللہ کے دو خزانے ہیں ایک خزانۂ ثواب اور ایک خزانۂ مغفرت و رحمت، اگر زندگی حسن عمل کے ساتھ گزری ہے۔ تو ثواب کے خزانے کا دہانہ اس کے لیے کھلا ہے۔ اور اگر مبتلائے مصیبت ہے تو خزانہ مغفرت و رحمت سے نواز دیتا ہے۔

ایک وجہ یہ بھی بتائی گئی ہے کہ اسلیے بھی مبتلائے مصیبت کر دیتا ہے کہ ابلیس کی آنکھ بخشش کو دیکھ کر ترستی رہے اور اس کو یہ حسرت ہو کہ جسکو میں نے اپنی وسوسہ اندازی سے گناہ میں مبتلا کیا ہے کہ وہ جہنم میں دکھ اٹھائیگا۔ جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کے زیر سایہ آگیا تو اسکو دکھ ہوتا ہے۔ کیونکہ رحمت کے بھی کچھ تقاضے ہیں جو ابلیس کی نگاہ سے پوشیدہ ہیں۔ لیکن خدائے غفور و رحیم اس سے واقف ہے۔

مالی یہ جانتا ہے کہ باغ کی زمین کیسی ہے، اگر زمین سازگار ہے تو اس باغ میں سرو نصب کرتا ہے اور اس چمن کے حسن کو اور بھی دوبالا کر دیتا ہے۔

ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ بندوں سے گناہ کا صدور اللہ کی پاکی اور عزت کی دلیل بھی ہے۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے سماع کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ثابت کیا ہے، فرماتے تھے کہ جس وقت نبی ؐ کو یہ خوشخبری ملی کہ آپ کی امت کے فقرا اغنیاء سے نصف روز پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ اور یہ نصف یوم پانچ سو سال کا ہوگا۔ آپ کو بہت مسرت ہوئی اصحاب کو بلایا اور فرمایا کسی شعر پڑھنے والے کو بلاؤ ایک شعر خوان کو بلایا گیا اس نے لحن داؤدی میں یہ اشعار پڑھے ۔ لقد سلت حیۃ الھوی الکبدی۔

پیغمبر ؐ جس طرح صوفی کھڑے ہوتے ہیں کھڑے ہوئے چند قدم چلے ردائے مبارک دوش مبارک سے گر پڑی ردائے مبارک کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے یاروں میں تقسیم کر دیا گیا۔ عوارف میں لکھا ہے کہ چار سو ٹکڑے اس چادر کے ہوئے تھے۔ جو یاروں میں تقسیم ہوئے۔ یہیں سے صوفیہ سماع کو جائز سمجھتے ہیں۔

منقول ہے کہ کسی نے حضرت قطب العالم سے دریافت کیا کہ مجلس سماع سے پہلے اور بعد میں قرآن خوانی کا کیا ثبوت ہے؟ قطب العالم نے فرمایا۔ حضرت ممشاد دینوری نے اپنا واقعہ بیان کیا ہے کہ ایک شب خواب میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا۔ میں نے پوچھا یا رسول اللہ ؐ صوفیوں میں سماع کا جو طریقہ رائج ہے کیا آپ اسکو ناپسند فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا ناپسند نہیں کرتا۔ مگر ان لوگوں سے کہہ دو کہ ابتدا اور انتہا میں کلام اللہ پڑھ لیا کریں۔ میں نے کہا منکرین سماع مجھکو ایذا پہنچاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اے ابو علی صبر سے کام لو۔

قطب العالم درود خمسہ کے ثواب کو بہت مبالغہ سے بیان کرتے تھے۔ چنانچہ رسالہ مکیہ کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں۔

ایک رات کچھ دیر سو کر میں اٹھا وضو کر کے تہجد کی نماز پڑھی۔ پھر سبق پڑھانے کے لیے کتاب کے مطالعہ میں مشغول ہو گیا کہ اونگھ آنے لگی، خواب میں دو بزرگ نظر آئے ان میں سے ایک نے دوسرے کی طرف اشارہ کر کے یہ کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں" بس میں اپنی سعادت کو غنیمت سمجھ کر دوڑا، اور پائے مبارک پر بوسہ دیا آنحضرت ؐ نے شفقت فرمائی۔ اور فارسی زبان میں فرمایا "تو این بخواں" (تم یہ پڑھو) اور زبان مبارک سے یہ درود ارشاد فرمایا۔

اللھم صل علیٰ محمد بعدد من صلے علیہ وصل علیٰ محمد بعدد من لم یصل علیہ، وصل علی محمد کما تحب وترضیٰ ان تصلی علیہ، وصل علیٰ محمد لما ینبغی الصلوٰۃ علیہ ۔

اس بشارت کا اظہار میں نے اس لیے مناسب سمجھا تاکہ طالبین کا ذوق و شوق بڑھے اور وہ اس درود شریف

کے پڑھنے کی طرف مائل ہوں۔ اور سلف کی عادت بھی تھی کہ ترغیباً للطالبین اپنے بعض خصوصی واقعات وعادات کو بیان فرمادیتے تھے۔ تاکہ ان کا دل اللہ کی طرف کھنچے۔ چنانچہ احمد بن حنبل ہر مرتبہ کہ قرآن کی تلاوت کرتے تھے دیکھتے تھے، لوگوں نے دریافت کیا سمجھ کر، یا بغیر سمجھے ہوئے، فرمایا سمجھ کر پڑھیں یا بے سمجھے ہوئے خدائے تعالیٰ ہر طرح دیکھتا ہے۔ امام احمد بن حنبل نے فرمایا۔ میں نے اپنے پروردگار کو ننانوے مرتبہ دیکھا۔ تو میں نے پوچھا نجات کی کیا راہ ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس دعا کے پڑھنے سے اللّٰھم صغر الدنیا باعتبار عظم جلالک فی قلوبنا ووفقنا لمرضاتک وثبتنا علیٰ دینک یاذا الجلال والاکرام برحمتک یا ارحم الراحمین۔

منقول ہے۔ قطب العالم نے فرمایا، تمہارا کسی شے کو انتہائی دوست رکھنا اس کی عیب بینی سے آنکھ کو اندھا کر دیتا ہے پھر یہ حکایت بیان کی۔

ایک شخص اپنی بی بی سے انتہائی محبت، عشق کی حد تک کرتا تھا، عورت کی ایک آنکھ میں سفیدی تھی۔ لیکن اس کے شوہر کو اس کا بالکل احساس نہ تھا۔ جب ایک مدت گزر گئی اور عشق کا زور بھی کم ہوگیا، تو سفیدی چشم کو اس نے دیکھا، پوچھا، تمہاری آنکھ میں یہ سفیدی کب سے ظاہر ہوئی۔ عورت نے کہا جس دن سے میری محبت تمہارے دل میں کم ہوئی۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا اور عرض کیا کہ مجھے اللہ کا دیدار کرا دیجئے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے دیدار کی تمنا کی جواب ملا "لن ترانی" تم نہیں دیکھ سکتے۔ تو پھر تم کس گنتی میں ہو، اس شخص نے جواب دیا، موسیٰؑ کے زمانے میں تجلی قہری تھی اس لیے یہ جواب لن ترانی ملا لیکن دور محمد علیہ السلام میں تجلی لطفی ہے۔ ایک کہتا ہے۔ واللہ لا اعبد حتی اراہ۔ میں عبادت نہیں کرتا۔ جب تک اسکو دیکھتا نہیں ہوں "ایک کہتا ہے سبحانی ما اعظم شانی۔ میں پاک ہوں میری شان کتنی بلند ہے۔ تو ایک دوسرا کہتا ہے لیس فی جبتی سوا اللّٰہ، میری قبا میں اللہ کے سوا کچھ نہیں ایک کہتا ہے الاولیا۔ . . . رویۃ فی الدنیا والآخرۃ۔ ہمارے سردار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیکڑوں اعزاز واکرام کے ساتھ شب معراج میں لے گئے۔ اور شرف جمال سے مشرف فرمایا۔ آپ مجھے لن ترانی کا جواب سنا کر مجھکو الگ کرنا چاہتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا تم بالکل سچ کہتے ہو۔ تم کو دیدار الٰہی کی سعادت تک پہنچا دیتا ہوں پھر اس نعمت سے آپ نے اسکو مشرف فرمادیا۔

قطب العالم نے فرمایا، اللہ کے ایسے بندے ہیں جو اسی دنیا میں بچشم دل خدا کو دیکھتے ہیں۔ تجلی اسی جسمانی نظر

پر ہوتی ہے اور وہاں سے دل کی طرف منعکس ہوتی ہے۔ نیز ان آنکھوں سے بھی دیکھتا ہے۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ امت محمدیہ میں ایسے بلند ہمت اہل مکاشفہ ہیں کہ بجز رویت الٰہی کے اور کسی شے کے طلبگار نہیں ہوتے۔ ایک بوڑھے سے کہا گیا۔ کیا تم چاہتے ہو کہ خدا کو دیکھو اس نے جواب دیا نہیں کہا گیا کیوں ؟ اس نے جواب دیا موسیٰؑ نے چاہا نہ دیکھا، محمد رسول اللہؐ نے نہ چاہا دیکھا، لہٰذا ہماری طلب دیدار الٰہی کے باب میں حجاب اعظم ہے

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ شریعت طریقت حقیقت کی مثال، کشتی، دریا اور موتی کی ہے۔ موتی کا طلب گار کشتی میں بیٹھکر دریا کی سیر کرتا ہے۔ پھر غوطے لگا کر موتی حاصل کرتا ہے۔ اگر اس ترتیب کو ترک کردے موتی تک نہیں پہنچ سکتا۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ یہ نفس پلید، انواع اقسام کے توہمات اور حرکات کا مالک ہے۔ کبھی کہتا ہے، آخری زمانہ ہے فیوض منقطع ہوچکے نعلوم نتیجہ ہو یا نہ ہوسکے اس توہم و حرکات کی طرف اصلاً ملتفت نہ ہونا چاہیے۔ کیونکہ فضل غفار اور اہل طریقت کے احوال پر نظر کروگے ان کی باتوں کے سننے اور مطالعہ کرنے سے غافل نہ ہو۔ ؏ اگر قلم سروش نے نہ لکھا تو کیا ہوا۔

گر رسیدن بکعبہ نتو انم بارے از قبلہ رو نگر دانم

(اگر ہم کعبہ تک نہیں پہنچ سکتے ہیں تو قبلہ کی طرف سے منہ بھی نہیں پھیر سکتے ہیں۔)

اگر تیرا نفس کہے یہ لوگ اس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جو قوی تھے ہم انکی اقتدا نہیں کرسکتے ان عورتوں کے احوال کو دیکھو جو اہل مجاہدہ تھیں جنھوں نے راحت آسائش اور تن آسانی کا دروازہ خود پر بند کر رکھا تھا۔ اور اپنے نفس سے کہو اے نفس تو مردانگی کا دعویدار ہے لیکن کیسا کم ہمت و انتہائی خسیس ہے کہ عورتوں سے بھی تو کم تر ہے۔

پھر یہ حکایت بیان کی کہ رابعہ بصریہ کے گھر کا دروازہ نہ تھا، کسی نے کہا دروازہ لگالیا کیجئے تا کہ رات کو بفراغت آرام سے رہئیے۔ دروازہ بنانے والے کو لائے دروازہ لگایا گیا۔ صبح اٹھ کر دروازے کو جدا کر دیا۔ لوگوں نے پوچھا کیوں دور کردیا۔ فرمایا دروازہ بند کرنے میں اتنا وقت ضائع ہوتا ہے۔

رابعہ بصریہ اپنے مناجات میں کہتی تھیں۔ اے میرے مالک تو کچھ تجھ کو رابعہ کو دنیا میں دیتا ہے وہ اپنے دشمنوں کو دیدے اور جو کچھ رابعہ کو بہشت میں دیتا ہے وہ اپنے دوستوں کو دیدے۔ رابعہ کے لیے دنیا میں ترا اندوہ ہی غمگسار ہے اور بہشت میں ترے نام کی یاد ہی کافی ہے۔

منقول ہے۔ لوگوں سے یہ بات سنی گئی ہے کہ ایک شخص کی ایک پارسا جشن باندی تھی وہ شخص بازار گیا اور اس باندی

کو بازار کے ایک گوشے میں بٹھا کر دوسری ضرورتوں کے لیے جانے لگا اور اس باندی سے کہا کہ یہیں رہ یہاں سے دوسری جگہ نہ جا جب تک میں لوٹ نہ آؤں۔ جب واپس آیا اس کو نہ دیکھا سخت برہم ہو کر گھر کی طرف گیا، جب باندی نے دیکھا کہ وہ بہت برہم ہے تو مالک سے کہا جلدی نہ کیجئے آپ نے ایسی جگہ مجھکو بٹھا دیا تھا کہ وہاں ایک شخص بھی اللہ کو یاد کرنے والا نہ تھا، مجھے ڈر ہوا کہ کہیں وہ جگہ نہ الٹ دی جائے۔

وہ شخص پارسائی کی ایسی بات سنکر بہت متحیر ہوا۔ اور اس باندی کو آزاد کر دیا۔ باندی نے کہا، آپ نے برا کیا میں آپکی خدمت کرتی اور ثواب حاصل کرتی اب ایک ثواب چلا گیا۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا، ایک روز ایک صوفی، صوفیوں کا لباس پہنکر ایک صوفی کے دروازے پر آیا، اور اسکی لڑکی سے پانی مانگا، لڑکی نے خیال کیا وضو کیلیے مانگتا ہے ایک گھڑا بھر کرلے آئی۔ وہ صوفی پانی پینے لگا۔ لڑکی باپ کے پاس آئی اور کہنے لگی اے ابا تیار ہو جائیے قیامت قریب آ گئی۔ باپ نے کہا اری بڑھیا تجھکو کیسے معلوم ہوا، کیسے تحقیق ہو گئی کہ اس ہیبت اور پوری تحقیق کے ساتھ کہ رہی ہے۔

لڑکی نے کہا ابا جان میں نے دیکھا ایک صوفی صوفیوں کے لباس میں دن کو پانی پی رہا ہے۔ حیرت ہے کہ ایک صوفی صوفیوں کے لباس میں ہو کر دن میں پانی پیئے اور قیامت قائم نہ ہو جائے۔

منقول ہے کہ قطب العالم فرماتے تھے کہ خواجہ حسن صالح کی ایک کنیز تھی اسے انھوں نے فروخت کر دیا۔ جب آدھی رات ہوئی کنیز بیدار ہوئی اور اس نے کہا، "اے اہل شرع نماز نماز، لوگوں کو تعجب ہوا، بولے کیا صبح ہو گئی؟ لڑکی نے کہا آپ لوگ فرض نماز کے سوا دوسری نماز نہیں پڑھتے؟ لوگوں نے کہا نہیں۔ کنیز خواجہ حسن کے پاس واپس گئی اور کہا اے جناب بیکار آپ نے مجھے ایسے لوگوں کے ہاتھ فروخت کر دیا جو نماز تہجد نہیں پڑھتے ہیں۔ مجھکو واپس لے لیجئے۔"

اے بھائی جب اس زمانے کی کنیزوں کی یہ ہمت تھی تو اس زمانے کے خواجگان کا کیا حال ہو گا۔

منقول ہے کہ قطب العالم فرماتے تھے بندہ اخلاص حق کی بدولت شیطان سے چھٹکارا پاتا ہے۔ پھر یہ حکایت بیان فرمائی امم سابقہ میں ایک عابد خدا پرستی کرتا تھا ایک مدت تک عبادت کرتا رہا۔ ایک مرتبہ اس نے یہ سنا کہ ایک جماعت خدا کو چھوڑ کر درخت کی پوجا کرتی ہے اسکو سخت غصہ آیا کلہاڑی کاندھے پر رکھ کر اس درخت کے کاٹنے کے ارادے سے چلا ابلیس ایک بوڑھے کی شکل میں اس کے سامنے آیا اور بولا اللہ تم پر رحم کرے کہاں جا رہے ہو؟ اس نے کہا چاہتا ہوں کہ اس درخت کو کاٹ دوں، ابلیس نے کہا تم کو اسکی کیا ضرورت ہے عبادت اور مشغولی چھوڑ کر غیر کی طرف متوجہ ہوئے ہو؟ اس نے کہا یہ بھی عبادت ہے۔ ابلیس نے کہا میں تم کو نہ چھوڑوں گا۔ اب ان دونوں میں جنگ ہونے لگی۔ عابد نے اسکو پکڑا اور زمین پر پٹک دیا،

اور سینہ پر سوار ہو گیا۔

ابلیس نے کہا مجھے چھوڑ دو تاکہ تم کو ایک حکایت سناؤں۔ عابد اس کے سینے سے اتر گیا۔ ابلیس نے کہنا شروع کیا اللہ نے یہ کام تم سے ساقط کر دیا ہے۔ تم پر یہ فریضہ کردہ ہے۔ تم اس کی پرستش نہیں کرتے تو جو تمہارا غیر ہے اسکی کوئی ذمہ داری تم پر نہیں ہے۔ زمین میں اللہ کے پیغمبر موجود ہیں اگر چاہے گا ان کو حکم دے گا کہ کاٹ ڈالیں۔

عابد نے کہا مجھے اس کے کاٹے بغیر چارہ نہیں ہے۔ ابلیس نے پھر اس سے جنگ شروع کر دی۔ پھر یہ عابد اس پر غالب آگیا اور اسکو پٹک کر سینے پر چڑھ بیٹھا۔ ابلیس عاجز آگیا۔ اور اس نے کہا اے عابد کیا تم ایسی بات کی طرف مائل ہو سکتے ہو جو ہمارے تمہارے درمیان فیصلہ کن بھی ہو اور تمہارے لیے سود مند بھی ہو؟ عابد نے پوچھا وہ کیا چیز ہے ابلیس نے کہا مجھے چھوڑ دو تاکہ وہ بات تم کو بتاؤں۔ عابد نے اسکو چھوڑ دیا۔

ابلیس نے کہنا شروع کیا تم ایک درویش اور حاجتمند ہو، اپنے پاس کچھ نہیں رکھتے ہو لوگوں میں دبے ہوتے ہو۔ تمہارے لوگ تکلیف برداشت کر رہے ہیں شاید تم اس بات کو پسند کرو گے کہ اپنے بھائیوں پر فضل اور ہمسایوں کے ساتھ حسن سلوک کرو اور خود دوسروں سے بے نیاز ہو جاؤ۔ عابد نے کہا ہاں میں پسند کروں گا۔ ابلیس نے کہا اپنے اس کام سے باز آجاؤ۔ میں تمہارے سرہانے ہر شب کو دو دینار رکھ دوں گا۔ جب صبح کو اٹھو گے اس کو لے لو گے اپنی ذات پر اور اپنے عیال پر خرچ کرو گے۔ اپنے بھائیوں پر صدقہ کرو گے یہ تمہارے لیے اور مسلمانوں کے لیے سود مند ہوگا۔ تم کو اس درخت کے کاٹنے سے کیا فائدہ ہوگا کہ اسکی جگہ دوسرا نصب کر دیں گے اس کے کاٹنے سے ان لوگوں کا کچھ نقصان نہ ہوگا۔ اور نہ تم کو نفع ہے۔

عابد سوچ میں پڑ گیا اور دل میں کہا بڈھا ٹھیک ہی کہتا ہے۔ میں پیغامبر نہیں ہوں کہ اس درخت کا کاٹنا مجھ پر واجب ہو۔ خدا نے مجھکو نہیں کہا ہے کہ اسکے نہ کاٹنے سے میں گناہ گار ہوں گا۔ اس نے جو کچھ کہا اس میں نفع زیادہ ہے۔ عابد اپنی عبادتگاہ کی طرف لوٹ گیا۔ جب رات گزری اور صبح ہوئی، دو دینار اپنے سرہانے دیکھا، اسی طرح تین دنوں تک دیکھتا رہا۔ اور دینار پاتا رہا، تو اس صبح کو جبکہ اسکی کوئی چیز اپنے سرہانے نہیں دیکھی غصے میں کلہاڑی کاندھے پر رکھا ہی تھا کہ ابلیس پھر ایک بوڑھے کی شکل میں نمودار ہوا، کہا کہاں کا ارادہ ہے عابد نے کہا درخت کو کاٹوں گا۔ ابلیس نے کہا جھوٹ کہتے ہو تم اس کو نہیں کاٹ سکتے اور تمہارا دست رس وہاں تک نہیں ہے۔ تو عابد نے ہاتھ بڑھایا کہ اسکو پکڑ لے جیسا کہ اس نے پہلے کیا تھا۔ مگر ابلیس نے اس کو زمین پر دے مارا اپنے پاؤں کے نیچے گوریا کی طرح دبا کر سینے پر چڑھ بیٹھا۔ اور کہا اس کام سے باز آؤ ورنہ تمکو ذبح کر دوں گا۔ اب عابد نے خود میں اس کے مقابلے کی طاقت نہ پائی۔ تو کہا تم مجھ پر غالب آگئے مجھے چھوڑ دو اور یہ بتاؤ کہ تم پر میں نے کسطرح غلبہ پایا تھا اور اب تم نے کسطرح مجھ پر غلبہ پایا۔ ابلیس نے کہا پہلی بار خدا کے لیے تم کو غصہ آیا تھا، اور تمہاری نیت آخرت پانے کی تھی تو تم

نے مجھے مسخر اور مقہور کر لیا، اور اس وقت اپنے نفس اور دو دینار کیلئے تم غصّے میں آ گئے اسلئے تم پر غلبہ حاصل کیا اور زمین پر پٹک دیا۔ یہ حکایت اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تصدیق کرتی ہے۔ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ مشایخ نے رزق کی چار قسمیں کی ہیں ۔

رزق مضمون ، رزق مقسوم ، رزق مملوک ، رزق موعود ۔

(۱) رزق مضمون :۔ جو کچھ طعام و شراب ، اور کفاف ہے اسکو پہنچتا ہے۔ یعنی وہ رزق جس کا اللہ ضامن ہے ومامن دابۃ فی الارض الا علی اللّٰہ رزقھا۔ جتنے بھی زمین پر چلنے والے ہیں انکا رزق اللہ کے پاس ہے ۔

(۲) رزق مقسوم :۔ وہ ہے جو ازل ہی میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور لوح محفوظ میں لکھ دیا گیا ہے ۔

(۳) رزق مملوک :۔ روپے پیسے، کپڑے اور دوسرے اسباب جو بطور ذخیرہ کسی کے پاس موجود ہیں۔

(۴) رزق موعود :۔ اللہ تعالیٰ نے صالحین و عابدین سے جس رزق کا وعدہ فرمایا ہے۔ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰہَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے آسانی پیدا کر دیتا ہے، اور وہاں سے رزق پہنچاتا ہے جو اس کے گمان میں بھی نہیں ہوتا) پھر فرمایا کہ توکل رزق مضمون میں ہوتا ہے، دیگر رزقوں میں نہیں۔ جو مقسوم ہے اس میں توکل کیا کرے گا، اور جو مملوک ہے اپنے قبضہ میں ہے اس میں بھی توکل نہیں ہے۔ اور رزق موعود میں بھی نہیں کیونکہ جو وعدہ کیا ہے وہ پہنچائے گا۔

توکل دراصل رزق مضمون میں ہے یعنی یہ جانے کہ جو کچھ میری ضرورت ہے وہ اللہ تعالیٰ پہنچائیگا۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ مریض کی عیادت درست ہے مگر تین امراض میں نہیں ہے۔ یہ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَا يُعَادُوْنَ صَاحِبُ الرمد وصاحب البرص وصاحب الدمل، آشوب چشم، برص، اور دُمّل والوں کی عیادت نہیں کی جاتی۔ نیز آپؐ نے یہ بھی فرمایا۔ چھینکنے والے سے پہلے اگر نہ چھینکنے والا الحمد للہ کہدے تو دانت، کان اور پیٹ کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ امیر المومنین علی کرم اللہ وجہٗ نے فرمایا۔ جمع کرو۔ کھاؤ۔ چھپاؤ۔ دو اور لو۔ لوگوں نے پوچھا امیر المومنین اس پانچ کلمے کا مطلب کیا ہے امیر المومنین نے فرمایا۔ جمع کرو علم۔ کھاؤ غصہ، چھپاؤ لوگوں کا عیب، دو انصاف، لو بہشت۔ لوگوں نے کہا امیر المومنین آپ سچ فرماتے ہیں۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا، ایک موقع سے ابراہیم ادھم کو فرپہنچے، امام ابو حنیفہ رحمہ کو خبر ہوئی، ان کی زبان سے نکل گیا انکو چاہیئے تھا کہ علم حاصل کرتے دوسرے روز ان کی ملاقات کے ارادے سے گھر سے نکلے، انہوں نے راہ ہی میں ملاقات ہو

گئی۔ ابراہیم ادھم نے فرمایا، علماء سے مجھکو ایک حدیث پہنچی ہے۔ ترک الدنیا رأس کل عبادۃ۔ دنیا کا ترک کرنا تمام عبادتوں کی اصل ہے۔ اس پر میں عمل کرتا ہوں۔ اتنا علم جو آپ کو پہنچا ہے ان میں سے آپ نے کیا کیا عمل کیا۔ یہ سنکر امام ابو حنیفہ بیہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے اپنی کہی ہوئی بات پر بہت نادم و شکستہ خاطر تھے۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ مشائخ کبار اور صاحبانِ مقام و احوال نے جو العلم حجاب اللہ کہا ہے۔ اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ تعلیم یا علم دانی کے مخالف ہیں اور جہالت کو پسند کرتے ہیں انھوں نے تو خود علم حاصل کیا ہے اور اس پر عامل رہے ہیں۔ اور اسی کی بدولت وہ مقام عالیہ کو پہنچے ہیں۔ ہاں اپنے عمل کی کوئی وقعت انکی نگاہ میں نہیں ہے۔ اس وقت انھوں نے یہ بات کہی کہ العلم حجاب اللہ۔ (یعنی اگر غرور پیدا کردے) کیا تم نہیں دیکھتے ہو، خود ہی بزرگان کہتے ہیں ـــــ ذکر اللسان لقلقۃ ذکر القلب وسوسۃ من قال لا الہ الا اللہ فہو کافر، اس قسم کی باتیں انھوں نے اپنے احوال و مقام کے اعتبار سے کہی ہیں۔ نہ یہ کہ علم کو منع کرتے ہیں یا ذکر لسان اور ذکر قلب سے باز رکھتے ہیں۔ ایک شخص نے کہا یہی وجہ ہوگی جو بعض سالکوں نے کہا ہے۔ من قال لا الہ الا اللہ فہو کافر" آپ نے فرمایا اس قسم کی باتیں صاحبان حال، اہل مکاشفہ و مشاہدہ کی ہیں۔ ہر ایک کی رسائی یہاں تک نہیں ہے)

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ اطلبوا العلم ولو کان با الصین علم حاصل کرو اگرچہ چین میں ہو، اسکے دو معنی میں نے سنے ہیں ایک تو صین کے معنی چین سے کے ہیں کہ اس مقام تک پہنچنا انتہائی شدائد کو عبور کرنے کے بعد ہی نصیب ہوتا ہے۔ یعنی علم حاصل کرو خواہ ایسے دشوار گزار مقام ہی میں کیوں نہ حاصل ہو نیز صین کے معنی شیر کے کچھار کے بھی ہیں اور وہاں پہنچنا ہلاکت سے خالی نہیں۔ لہذا علم حاصل کرنے میں ہلاکت جان کی پروا نہ کرو۔ ہر مصیبت سہ کر علم حاصل کرو۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ جب عیسیٰؑ آسمان پر اٹھائے گئے۔ اُن کے جسم پر فرشتوں نے ایک گدڑی دیکھی جسمیں چار سو پیوند لگے ہوئے تھے اور ہر ایک دوسرے سے مختلف رنگ، اس سے انکو بہت تعجب ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر چار ہزار ہوتے تو مجھکو اور بھی پسند آتے۔ اور پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا، دنیاوی اشیا میں عیسےٰؑ کے پاس دو چیزیں تھیں ایک گدڑی اور ایک پیالہ شکستہ، ایک مرتبہ ایک شخص کو دیکھا چلّو سے پانی پی رہا ہے آپ نے وہ شکستہ پیالہ پھینک دیا کہ میں اس شخص سے زیادہ غنی ہوں۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ حضرت جنید کا ایک مرید ایک وقت اُن سے کچھ پوچھ رہا تھا آپ جواب دے رہے تھے۔ مرید نے جواب پر اعتراض کیا آپ نے یہ آیت پڑھی فان لم تؤمنوا لی فاعتزلون (اگر میری بات نہیں مانتے مجھے چھوڑ دو) وہ مرید نہایت کم فہم تھا جو حضرت جنید کے منازل و مراتب کو سمجھنے والا نہیں تھا۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے۔ آدمؑ جب زمین پر آئے تو اس پشیمانی کی وجہ سے جوان کے دل میں تھی، منہ میں انگلی ڈالی اور قے کی، زمین کے کیڑے مکوڑے، حشرات الارض از قسم سانپ اور ان کے علاوہ بھی جنکا دل اس قے کو کھانے کی طرف مائل ہو گیا اس قے کے کھانے کی وجہ سے ان کے منہ زہر آلود ہو گئے اور ان کے سر برابر ہو گئے۔ اس کے بعد جو گھاس بھی کہ اس جگہ پیدا ہوئی، اسکی خاصیت و طبیعت زہریلی ہو گئی۔ اور وہ لڑکا جسکے خون میں اس غذا کا اثر تھا یعنی قابیل منشأ کفر و فساد ہوا۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے کہ حضرت شیخ محمود آشتی کے ایک مرید جنکا نام شیخ محمد کرمانی تھا جب انکے وطن کی طرف انکو واپس کرنے لگے تو آپ نے فرمایا جب اپنے وطن میں پہنچ جاؤ تو ذکر اور خلوت گزینی میں مشغول ہو جائیو۔ شیخ محمد نے کہا اگر کسی وقت میرے کسی مسلمان بھائی کو یا دوستوں کو آرام پہنچانے کی ضرورت پیش آئے تو اسکی اجازت ہے؛ شیخ محمود نے یہ سنکر سر جھکا لیا کچھ دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا ایسے شخص پر تعجب ہے کہ مار سیاہ اس کو ڈس رہا ہے اور چاہتا ہے کہ دوسرے کے پاؤں کا کانٹا نکالے

اے عزیز! مخلوق کی نفع رسانی تمام طاعتوں میں بزرگتر طاعت ہے مگر جبکہ راہ خدا میں وہ کامل ہو جائے لیکن اسوقت انتہائی دردمندی سے مدد کرے اور وہ کام ہو بھی جائے کہ لوگ تعجب کریں۔ جو کچھ اس نے کیا ہو گا وہ عین اخلاص ہو گا ورنہ سب کچھ لاف و گزاف ہو گا کیونکہ مقصود ہی معبود ہوتا ہے۔

منقول ہے۔ قطب العالم نے فرمایا۔ حضرت مصطفیٰ فرماتے ہیں کہ ایک روز کا بخار . . . کے گناہ کا کفارہ ہے پیر دستگیر (مخدوم شاہ مینا) فرماتے تھے، یکروزہ بخار ایک سال کا کھایا پیا برابر کر دیتا ہے تو یقینی ہے کہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ بھی ہو۔

منقول ہے کہ قطب العالم فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت جنید بیمار ہوئے، وہ خود کہتے ہیں کہ میں نے اللہ سے دعا کی کہ مجھے صحت و عافیت عطا فرما۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے ان اسرار میں جو میرے اور تمہارے نفس کے درمیان ہیں، دخل نہ دو۔ جیسے رکھوں ویسے ہی رہو۔

منقول ہے کہ قطب العالم نے فرمایا۔ تفسیر عین المعانیؔ اور معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ حضرت خضر کا نام بلیا بن ملکان تھا۔ خضر ان کا لقب ہے اور کنیت ابو العباس خضر کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جس جگہ بیٹھتے تھے، وہ جگہ ہری بھری ہو جاتی تھی۔ اور تفسیر سوریاں میں سورہ کہف کی تفسیر میں خضر کا حلیہ اس طرح ہے۔ بلند سر کندھے سے کچھ خمیدہ سیاہ لمبے بال رخسار کشادہ ابرو درشت ہتھیلی اور تلوا سخت ونرمی میں معتدل مزاج مائل بہ حزن کم التفات سبک قدم، کوتاہ جامہ، خورد دستار۔ درست جامہ بے تکلف و بے رعونت، اچانک آجاتے ہیں کہ آدمی یہ بھی نہ جان سکے کہاں سے آئے، اور اچانک غائب ہو جاتے ہیں کہ پتہ بھی نہیں چلتا کہاں گئے۔

تفسیر ابو اللیث اور معالم التنزیل میں ہے کہ کسی بادشاہ کے شہزادے تھے ان کو چاہا کہ ان کو اپنی جگہ بٹھائیں انھوں

نے قبول نہیں کیا۔ باپ سے بھاگ کر دریائی جزیروں میں چھپ گئے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے۔ بنی اسرائیل کی نسل سے تھے۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ کہ خواجہ فضیل عیاض فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص تم سے پوچھے کہ خدا سے ڈرتے ہو تو خوش رہو، کیونکہ اگر تم نے نہیں کہا تو کافر ہوئے اور اگر ہاں کہا، تو یہ جھوٹ ہوگا۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے کہ ایک بزرگ سے پوچھا گیا، کس طرح رہتے ہیں بولے جسطرح وہ رکھتا ہے پوچھا گیا، کس طرح رکھتا ہے، بولے جسطرح چاہتا ہے، مجھکو اس کی خواہش سے کیا مطلب عاجزی اور انکساری کی منزل میں امیدوار رہنا چاہیئے۔

خواجہ سلطان العاشقین قدس سرہ نے کہا تیس سال تک میں کہتا رہا کہ یہ کر دے اور وہ کر دے، لیکن پہلی مرتبہ مقام معرفت پر پہنچا تو کہا خداوندا! تو میرا ہو جا اور جو کچھ تو چاہے وہ کر۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا کہ ایک روز ابوالحسن نوریؒ نے حضرت جنید کو دیکھا کہ منبر پر بیٹھے مخلوق کو وعظ کر رہے ہیں۔ فرمایا اے ابوالقاسم! تمہارا تعالیٰ عالم سے علم کی وجہ سے راضی نہیں ہوتا، جب تک عالم کو علم میں غرق نہ پائے یعنی اس علم پر عامل نہ ہو۔ تو اگر تم اس علم کے عامل ہو تو اس وقت یہ مقام (واعظ گوئی) تم پر لازم ہے ورنہ منبر سے اتر آؤ۔

خواجہ جنید اسی وقت منبر سے اتر آئے۔ ایک مہینہ تک خلق میں وعظ نہیں کہا خواجہ جنید نے اپنی ذات میں غور کیا اور جس بات کی طرف ابوالحسن نوری نے اشارہ کیا تھا وہ اپنے اندر نہ پایا۔ ایک مہینہ گھر بیٹھے رہے۔ پھر خلوت سے باہر آئے اور کہا، اگر مجھکو یہ حدیث نہ پہنچی ہوتی کہ آخر زمانے میں بیشتر پیشوائے قوم انتہائی ذلیل ہوں گے، میں ہرگز تم سے گفتگو نہ کرتا۔ اس جملے سے گویا اس بات کا اقرار کرنا مقصود تھا، کہ میں ان لوگوں میں نہیں ہوں جو لوگوں سے اپنے علم و فضل کا حق طلب کریں۔ اگر میں استحقاق علم و فضل میں سچا نہیں ہوں تو اپنے تقصیرات کے اقرار کرنے میں سچا ہوں۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کا علم تازہ (کنا) تھا، جب علمائے دنیا دار ظاہر ہوئے اسلام میں خلل آ گیا ایک بزرگ نے شیطان کو فارغ البال، بیکار بیٹھا ہوا دیکھا پوچھا تعجب ہے کہ تم فارغ البال بیٹھے ہو بولا علمائے دنیا پیدا ہو گئے میری حاجت باقی نہیں رہی حق تعالیٰ نے میری جگہ انکو لا بٹھایا ہے۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ حضرت پیر دستگیر اکثر اس فقیر کو امامت کا حکم دیا کرتے تھے، میں ادب کی وجہ سے یہ چاہتا تھا کہ سلام پھیر کر پیچھے آ جاؤں اشارے سے منع فرماتے یہاں تک کہ میں آگے ہی بیٹھ کر دس مرتبہ لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حیٌّ لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیئٍ قدیر پڑھتا۔ پھر انکے قدموں میں پڑا پڑا خلوتخانے کو چلا جاتا اور مشغول ہو جاتا۔ پیر دستگیر نے فرمایا کہ پیغامبر علیہ السلام

نے فرمایا ہے کہ صبح کی نماز کے بعد گفتگو سے قبل اور اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے دس مرتبہ لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، الخ آخر تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ہر ایک مرتبہ کے بدلے دس نیکیاں لکھے گا۔ اور بہشت میں ہر ایک مرتبہ کے بدلے میں ایک درجہ، اور ہر ایک مرتبہ کے بدلے میں ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب، اور اس رات دن میں وہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی حفاظت میں ہوگا۔ شیطان کے مکر سے کوئی گناہ از قسم شرک وغیرہ اس سے سرزد نہ ہوگا۔ نعوذ باللہ منہا۔

منقول ہے حضرت قطب العالم نے فرمایا، کہ شب قدر کی علامات میں کہ جن سے یہ مکاشفہ حاصل ہو جاتا ہے کہ کائنات کی ہر شئے سجدہ ریز ہے۔

پھر فرمایا حضرت ابوالحسن خرقانیؒ نے ایک قاعدہ بیان کیا ہے جس سے یہ معلوم کر لیا جا سکتا ہے کہ اس سال طاق راتوں میں کون سی رات شب قدر کی ہے۔ اگر رمضان کی پہلی اتوار کی ہے تو شب قدر اونتیس ویں شب ہوگی اور اگر سموار کی پہلی ہے تو اکیسویں رات، اگر منگل کی ہے تو ستائیسویں رات اگر بدھ ہے تو تیسویں رات اگر جمعرات ہے تو پچیسویں رات اگر جمعہ ہے تو ستائیسویں رات اور اگر سنیچر ہے تو تیسویں رات ہوگی۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے۔ روح بادشاہ ہے اس کا وزیر عقل ہے اور اسکے ملک کا لشکر خشیۃ الٰہی ہے۔ دوسری طرف نفس بادشاہ ہے، اس کا وزیر شیطان ہے، اور اس کا لشکر خواہشات نفسانی۔ روح و نفس میں ہر وقت جنگ رہتی ہے، جب تک روح غالب رہتی ہے تو اس وقت خیرات و حسنات اور عبادتیں وجود میں آتی ہیں۔ اور اگر نعوذ باللہ منہا، نفس غالب ہوتا ہے تو فسق و فجور وجود میں آتے ہیں۔ اور دل جس سمت کو غالب دیکھتا ہے اسی کا مددگار ہو جاتا ہے۔ عبادت و ریاضت سے پرواز کی صفت حاصل ہوتی ہے، نفس باوجود کہ کثیف ہے لیکن چونکہ روح کی طبیعت میں ہے اسلیے اسکو بھی صفت طیرانی حاصل ہوتی ہے۔ پیر دستگیر فرماتے تھے اگر روح غالب ہے تو آخرت بھی راحت پہنچے گی۔ چونکہ روح کی صحبت حاصل ہے۔ اور اگر نعوذ باللہ منہا نفس غالب ہوگیا تو باوجود روح چاہتی ہے کہ نیک عمل کرے مگر صحبت نفس کی نحوست کی وجہ سے روح کو بھی عذاب میں مبتلا کر دیتی ہے۔ کیونکہ اصل وہی ہے اور بنی آدم کا قیام اسی کی وجہ سے ہے۔ جیسے اگر کوئی لنگڑا اور کوئی اندھا ہو اور دونوں مل کر باغ میں چوری کے ارادے سے آئیں، اندھا کہے میرے کندھے پر سوار ہو کر میوہ توڑو۔ اور لنگڑا بھی اس کے کہنے کے مطابق کرے تو یہ جرم دونوں ہی کا ہے۔ اور یہ کام دونوں کے واسطے سے ہوا ہے تنہا ایک کچھ نہیں کر سکتا تھا۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے ہیں۔ ایک روز مصطفیٰؐ اور ابوبکرؓ ایک جگہ بیٹھے تھے ایک شخص آیا اور ابوبکرؓ کو گالی دینے لگا۔ ابوبکرؓ ساکت رہے، مصطفیٰ صلعم مسکراتے رہے۔ کچھ دیر کے بعد ابوبکرؓ نے اس کی بعض باتوں کا جواب دیا، مصطفیٰ صلعم کو غصہ آگیا اور اٹھکر چلے گئے۔ ابوبکرؓ آپؐ کے پاس گئے دریافت کیا، یا رسول اللہ وہ شخص مجھکو گالی دیتا رہا تو آپ مسکراتے

رہے اور جب میں نے اسکی بعض باتوں کا جواب دیا تو آپ خشمگیں ہو کر اٹھ گئے ۔؟

آپؐ نے فرمایا جب تک وہ گالی دے رہا تھا اور تم چپ تھے تو ایک فرشتہ اسکو جواب تمہاری طرف سے دے رہا تھا، مگر جب تم نے اسکی بعض باتوں کا جواب دیا تو وہاں شیطان آگیا، اور جہاں شیطان موجود ہو میں کیونکر رہ سکتا ہوں ۔

منقول ہے قطب العالم فرماتے تھے ۔ تلطف و مہربانی یہ ہے کہ خلق کے ساتھ نرمی کی جائے نہ کہ سختی۔ پھر یہ روایت بیان کی ۔ ایک مرتبہ امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے غلام کو آواز دی اس نے جواب نہ دیا۔ تو دوسری مرتبہ تیسری مرتبہ آواز دی اس نے جواب نہ دیا تو خود اٹھکر گئے دیکھا کہ اپنی جگہ پڑا ہوا ہے ۔ فرمایا تجھکو بلاتا ہوں کیا نہیں سنتا ہے ۔ کہا سن رہا ہوں ۔ فرمایا تو پھر مجھکو جواب کیوں نہیں دیا۔ بولا، آپ کی طرف سے مجھے بالکل بےخوفی ہے اس لیے جواب نہ دیا۔ امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا میں نے تجھکو آزاد کیا۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا، صوفیانہ اخلاق میں مشائخ کا احترام بھی واجب ہے ۔ جو لوگ سجادہ مشیخت پر جانشین ہیں یا عموماً بزرگ ہیں انکی حرمت و بزرگی کا لحاظ رکھو۔ اور انکی عدول حکمی نہ کرو۔

ایک واقعہ ہے کہ حضرت شفیق بلخی اور حضرت ابو تراب نخشبی، سلطان العارفین بایزید بسطامی کے مہمان ہوئے جب دسترخوان چنا گیا، ایک نوجوان کھانا کھلانے کی خدمت انجام دے رہا تھا۔ دونوں بزرگوں نے کہا آؤ اور ہمارے ساتھ کھانے میں شریک ہو جاؤ ۔ جوان نے جواب دیا میں روزے سے ہوں ۔

حضرت ابو تراب نخشبی نے فرمایا کھاؤ ایک ماہ کے روزے کا ثواب لو۔ اس نے کہا کیا روزہ توڑا جا سکتا ہے؟ اس کے بعد حضرت شفیق بلخی نے فرمایا۔ کھاؤ اور ایک سال کے روزے کا ثواب لو۔ اس نے انکو بھی یہی جواب دیا کیا روزہ توڑا جا سکتا ہے؟
حضرت بایزید بسطامی نے فرمایا آپ لوگ اس سے ہاتھ اٹھا لیجئے کہ یہ راندۂ درگاہ ہے۔ ابھی زیادہ مدت بھی نہیں گزری تھی کہ چوری کے جرم میں پکڑا گیا اور اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا، صوفیانہ اخلاق میں ظالم پر رحم کرنا بھی ہے۔ ایک مرتبہ حضرت معروف کرخی دجلہ کے کنارے تشریف لے گئے کہ وضو کریں، وضو کا ارادہ کیا، کلام پاک رومال پر رکھ کر وضو میں مشغول ہوئے، اتنے میں ایک عورت آئی، کلام پاک اور رومال لیکر روانہ ہونے لگی، حضرت معروف کرخی کی نظر اس پر پڑ گئی، آپ نے آواز دی اے بہن ادھر آنا۔ جب وہ آئی آپ نے دریافت فرمایا، کیا تمہارا کوئی بچہ ہے جو قرآن پڑھتا ہے؟ عورت نے جواب دیا نہیں ۔ حضرت معروف کرخی نے پوچھا تمہارے شوہر ہیں؟ عورت نے کہا نہیں ۔ آپ نے فرمایا ۔ بہن ! کلام پاک دیدو اور کپڑا لے جاؤ۔

منقول ہے، قطب العالم فرماتے ہیں۔ پیر دستگیر کی عادت تھی روزانہ شب کو آرام کے وقت پوری حضوری قلب کے

ساتھ پڑھتے تھے، دوسری چیز جو آج فرمائی وہ یہ ہے۔

خداوندا! میں قبول کرتا ہوں دین مسلمانی کو اور جو کچھ اسمیں ہے۔ اور بیزار ہوں کفر و کافری سے اور جو کچھ اس میں ہے کا توب الیہ واقول اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ واشہد ان محمداً عبدہ و رسولہ۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھتے تھے، اللّٰھمّ انی اعوذ بك من ان اشرك بك شیئاً وانا اعلم واستغفرك مما لا اعلم واتوب الیک واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ۔

منقول ہے قطب العالم نے فرشتوں کے رویت باری کے متعلق فرمایا۔ بعض کہتے ہیں تمام فرشتوں کی رویت ہوتی ہے۔ بعض توقف کرتے ہیں کہ قرآن میں کوئی نص اس کے بارے میں نہیں ہے (سب کو رویت ہوتی ہے یا کسی کو نہیں ہوتی) اور انکار بھی جائز نہیں ہے۔ دلیل کے بعد بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فرشتوں کو دیدار نہیں ہوتا ہے۔ جبرئیل علیہ السلام کو ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں ہوا تھا۔

بندگی مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری کے ملفوظ میں بیان کیا ہے کہ کل قیامت میں جس طرح مومنوں کو دیدار ہوگا کافروں کو بھی ہوگا، لیکن بس ایک جھلک پھر عذاب دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے، اس لیے کہ جان لیں کیا نعمت ہم نے کھوئی یہ رویت اس سے زیادہ نہیں ہے کہ مومنین کے لیے ان کی تکریم ہے، کافروں کے لیے سختی عذاب کے واسطے۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ آدمی جو خواب دیکھے اس کی تعبیر دانشمندوں سے پوچھے دشمن سے نہ کہے۔ کیونکہ وہ اپنے مطلب کے مطابق ہی تعبیر کہے گا۔ اچھے خواب کی بری تعبیر بدی لاتی ہے۔

اگر خواب مکروہ دیکھے تین بار اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم کہے اور ہر بار آب دہن بائیں طرف ڈالے۔ اس طرح تعوذ اور تھوک پھینکنے سے شیطان پر لعنت و پھٹکار بھیجتے ہیں۔ جس پہلو پر خواب دیکھا ہے اس پہلو کو بدل کر دوسرے پہلو پر سوئے، اور مکروہ خواب کا کسی سے ذکر نہ کرے۔ اور نہ اس خواب کی تعبیر کسی سے دریافت کرے۔ تاکہ اس خواب سے اسکو نقصان نہ پہنچے، اور اس کو مشقت و مضرت میں نہ مبتلا کرے۔

یہ حکایت سنی گئی ہے کہ حضرت خواجہ ربیع جو ایک کامل بزرگ تھے، ان کے مریدوں میں ایک مرید کو شیطان نے خواب میں یہ دکھایا کہ ایک بزرگ کہتے ہیں کہ ربیع دوزخی ہے مخلوق کو اس سے کیا فائدہ پہنچے گا۔ اس مرید کی نیند ٹوٹی پریشان حال وحشت زدہ، جو اس بالخت سیدھے حضرت ربیع کی مجلس معلیٰ میں پہنچا، ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کوئی سحر زدہ ہے بالکل گم کردہ ہوش۔

اس حال میں دیکھ کر آپ نے خیریت پوچھی اس نے خواب کا سارا حال بیان کیا۔ حضرت ربیع کو رحم آیا اپنے پاس بلایا۔ تعوذ کرتے رہے اور ہر مرتبہ اپنے بائیں جانب اپنا آب دہن تھوکتے رہے اب اس کا مزاج درست ہوا ہوش میں آیا، آپ نے

اس کو رخصت کر دیا۔

دوسرے روز پھر آیا اور اپنا خواب بیان کیا۔ آج میں نے یہ خواب دیکھا ہے کہ ایک کالا کتا میرے سامنے لایا گیا جسکی پیشانی پر جلنے کے تین داغ تھے۔

حضرت ربیع نے فرمایا یہ شیطان ہے جو کل تجھے بہکار ہا تھا اور تیری اس ارادتمندی کو مجھ سے توڑنا چاہتا تھا اس قسم کے خواب پر اعتماد نہ کرنا چاہیے۔ پیشانی کے وہ تین داغ اسی آب دہن کے نشانات تھے جو کل تعوذ پڑھکر تین مرتبہ بائیں جانب تھوکے تھے۔

منقول ہے قطب العالم نے فرمایا۔ انبیا کےلیے معجزات کا اظہار ضروری ہے مگر اولیا کے لیے اظہار کرامت نامناسب ہے البتہ اگر دین میں فتنہ برپا ہونے کا اندیشہ ہو اس وقت اظہار کرامت ضروری ہے۔ پھر یہ حکایت بیان فرمائی۔
ایک مرتبہ خلیفہ مستنصر باللہ کے زمانے میں ایک فلسفی جسکا نام فاراب تھا بغداد میں آیا، خلیفہ تک رسائی ہوئی۔ چونکہ خلیفہ کو خود بھی فلسفیانہ مباحث سے دلچسپی تھی، اس لیے اس کو بہت قریب کر لیا۔ روز بحث و مباحثہ ہوتا، یہاں تک کہ خلیفہ کا میلان بھی بے دینی کی طرف ہونے لگا، کچھ سنجیدہ اور دیندار افراد نے شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ سے عرض کیا کہ خلیفہ بے دین ہو گیا تو یہ بے دینی عام ہو جائے گی۔ اس لیے اسکی روک تھام ضروری ہے۔
حضرت شہاب الدین سہروردی مقام ولایت میں بلند ہونے کے ساتھ علوم متداولہ فلسفہ و کلام میں بھی عبور تام رکھتے تھے، اور خصوصیت سے انکو متوجہ کرنے کی وجہ بھی یہی تھی کہ اپنے زور علم سے اس فلسفی کو زیر کریں گے۔
اس خبر کے ملتے ہی حضرت شہاب الدین سہروردی اٹھے۔ خلیفہ کی قیام گاہ پر پہنچے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ خلیفہ کو آپکے آنے کی خبر ملی اسی وقت خلوت خاص میں جہاں فلسفی سے مباحثہ میں مشغول تھا، آپ کو بلا لیا۔ اور آپس کی بحث بند کر دی۔
آپ نے دریافت فرمایا اس وقت کس موضوع پر آپ حضرات مباحثے میں مشغول تھے۔ خلیفہ اور فلسفی دونوں ہی نے اس کا اظہار مناسب نہ سمجھا، بات چھپائی اور کہنے لگے کوئی بحث نہ تھی دوسری دوسری باتیں ہو رہی تھیں۔
لیکن شہاب الدین سہروردی بہت اصرار اور الحاح سے کہنے لگے۔ آخر مجھ سے کیا پردہ ہے آخر میں بھی سنوں جب آپ کا اصرار بہت بڑھا تو فلسفی متوجہ ہوا۔ اس وقت بحث یہ تھی فلک کی حرکت طبعی ہے یا قسری ہے یا ارادی؟ یعنی فطرۃً گردش کر رہا ہے، یا کوئی حرکت دے رہا ہے؟ کیونکہ ارادی تو ہو ہی نہیں سکتی۔ البتہ طبعی اور قسری میں گفتگو ہو سکتی ہے۔ میرا خیال ہے فلک کی حرکت طبعی ہے۔

حضرت شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا فلسفی ہے اس شکل وصورت کا فرشتہ ہے جو اس کو حرکت دے رہا ہے۔ اللہ کے حکم سے۔

فلسفی نے کہا ثبوت؟ کس طرح؟ اور ہنس پڑا۔ اسکے بعد شیخ سہروردی خلیفہ اور فلسفی کو اس چھت کے نیچے سے جہاں یہ بیٹھے تھے باہر لائے اسوقت آسماں کی طرف رخ کرکے فرمایا۔

خداوندا! جو کچھ تو اپنے خاص بندوں کو دکھاتا ہے ان کو بھی دکھادے۔ اسکے بعد خلیفہ اور حکیم کی طرف رخ کرکے فرمایا آسماں کی طرف دیکھو۔ دونوں نے آسماں کی طرف نگاہ کی، اس فرشتے کو دیکھا کہ آسمان کو ہلا رہا ہے۔ خلیفہ اس مذہب سے پھر گیا اور مذہب اسلام پر راسخ ہوگیا۔ والحمدللہ رب العالمین۔

قطب العالم (سعد خیرآبادی) نے شب شانزدہم شہر ربیع الاول کو ایک سو آٹھ سال کی عمر میں سنہ نو سو بائیس ہجری میں انتقال فرمایا۔

---

# ذکر سراج الاسلام شیخ محمود نور اللہ مرقدہٗ

آپ قطب العالم (اسعد خیرآبادی) کے بھتیجے تھے، آپ کے والد کا نام شیخ محمد بن قاضی بدھن تھا، بیعت و خلافت قطب العالم سے تھی، قطب العالم نے حضرت سلطان العاشقین مخدوم شیخ سارنگؒ کا جبہؒ اور حضرت مخدوم مینا کا خرقہ، جو قطب العالم کو پیر دستگیر (شیخ مینا) سے ملا تھا، شیخ محمود کو عطا فرما کر اپنا جانشین بنایا۔ قطب العالم کی وفات کے بعد سراج الاسلام شیخ محمود سولہ سال زندہ رہے۔ اور سجادہ پر بیٹھے۔

منقول ہے کہ بندگی میاں صفی جو قطب العالم کے خلیفہ تھے اور قطب العالم ہی کی طرح حصور (غیر شادی شدہ) رہے، قطب العالم کی توجہ بھی انکی طرف بہت زیادہ تھی، وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ قطب العالم پیر دستگیر کا خرقہ مجھکو عنایت فرمائیں گے۔ مگر سراج الاسلام کو عطا فرمایا۔ اور روش بھی یہی ہے کہ بزرگان وہ خرقہ جو اپنے پیر سے پاتے ہیں کسی خلیفہ کو نہیں دیتے ہیں اگرچہ خلافت بہتوں کو عطا کرتے ہیں۔ لیکن وہ جامہ متبرکہ جو اپنے پیر سے پاتے ہیں وہ اسی کو دیتے ہیں جسکو اپنے پیر کے حکم پر پاتے ہیں۔ اگر میاں صفی کو اپنے زمانہ حیات میں خرقہ خلافت عطا کرتے تو ایک بات تھی۔ میاں صفی اور شیخ سراج الاسلام کے درمیان کبیدگی پیدا ہوئی۔

ایک مرتبہ قطب العالم کے عرس کے موقع پر خانقاہ میں مجلس سماع تھی اکثر خلفا اور اطراف کے افراد شریک تھے بندگی مخدوم شیخ سراج الاسلام اپنی جگہ کھڑے تھے، عرس کے موقع پر حضرت قطب العالم کی روح طالع ہوئی بندگی شیخ سراج الاسلام نے درک کیا، اور اپنی جگہ سے الگ ہو کر کھڑے ہو گئے اس چیز کا ادراک شیخ صفی کو بھی ہوا اس وقت انھوں نے سمجھا کہ کس پائے کا کشف انکو حاصل ہے اسی روز سے کبیدگی دور ہو گئی۔

یہ مقام ان کو اس بنا پر حاصل ہوا کہ سراج الاسلام تصرف دنیاوی بہت رکھتے تھے، کسی فقیر یا سائل کو ہزار تنکہ سے کم نہیں دیتے تھے۔ قطب العالم فرماتے تھے میرا فرزند اتنا عالی ہمت ہے کہ ایک روز میں لاکھ عطا کروں گا۔ ان کی عالی ہمتی کا تقاضا تھا کہ قطب العالم کے منظور نظر ہوئے۔ ماحصل یہ ہے کہ اکثر مردماں انکو اہل دنیا میں خیال کرتے تھے۔ انکے اندرونی احوال سے واقف نہ تھے۔

منقول ہے کہ میاں الہدیہ خورد خیرآبادی جو عالم دین اور صاحب سماع تھے بندگی مخدوم سراج الاسلام شیخ محمود کے مرید و خلیفہ تھے، انکے انتقال کے وقت میں حاضر تھا کہ یکایک انکے چہرے کی رنگت بدلی غمگینی اور اندوہ کے اثرات ظاہر ہوئے پھر بیہوش ہو گئے۔ کچھ دیر کے بعد ہوش میں آئے بہت خوش و خرم۔ میں نے حال پوچھا۔ بولے مجھے اپنی عاقبت کے متعلق بہت اندیشہ تھا، میں نے دیکھا کہ میرے پیر کی روح نمایاں ہوئی اور میرا ہاتھ پکڑکر مجھکو قطب العالم کے روبرو پیش کیا۔ انھوں نے پیر دستگیر مخدوم شیخ میناؒ کے پاس پہنچایا، اسی طرح سلسلہ بہ سلسلہ حضرت رسالت پناہ محمد مصطفےٰ علیہ السلام تک پہنچایا، حضرت پیغامبرؐ کی زبان پر میں نے بہت بشاشت پائی، حکم ہوا جسکو میاں مینا اور میاں سعد قبول کریں۔ وہ میری درگاہ میں بھی مقبول ہے خاطر جمع رکھو۔ اسوقت مجھے اطمینان ہوا، اب تم لوگوں سے رخصت ہوتا ہوں، میں اسی حالت میں تھا کہ رحلت فرمائی۔

منقول ہے کہ سراج الاسلام حسن و جمال میں بے مثال تھے لوگ آپکو اس امت کا یوسف کہتے تھے۔ سخاوت و کرم فرمائی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ جیسا کہ اس کا ذکر سطور بالا میں آ بھی چکا ہے۔ جب انکی سخاوت و بخشش عوام و خواص میں مشہور ہوئی حاجتمند ہر جانب سے آنے لگے۔ ہر مظلوم جو روپے کی وجہ سے کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار تھا ان کے پاس آنے لگا۔ اگر روپیہ موجود ہوتا، اسی وقت عنایت فرماتے، ورنہ ضمانت لیکر اسکو رہائی دلواتے اور وعدہ پر اسکی رقم واپس کر دیتے۔ چنانچہ ایک واقعہ ہے کہ پرگنہ فتحپور کے چودھری جنکا نام میاں جیو تھا، موضع بھوا دمیں رہا کرتے تھے، سراج الاسلام کے مرید بھی تھے۔ حاکم پرگنہ فتحپور سے کئی لاکھ روپے لگان پر زمین لی تھی، محاسبہ کے وقت بیس لاکھ روپے اُن پر باقی گرے، حاکم روپے کا مطالبہ کر رہا تھا انکی کیفیت اس آیت کے مصداق تھی۔ لایعذب عذابہ احد ولا یوثق وثاقہ احد -

جب بہت عاجز ہوئے تو کہنے لگے مجھکو خیرآباد میرے پیر کے پاس لے چلو وہیں وصول کروں گا۔ انکو لے آئے اپنے پیر سے عرض کیا میرے ضامن ہو جایئے ایک ماہ کا وعدہ کرتا ہوں روپے رعیت کے پاس ہیں وصول کرکے ادا کر دوں گا۔ حضرت شیخ نے خزانچی سے پوچھا، روپیہ موجود نہ تھا ورنہ ان کے لیے کوئی بات نہ تھی۔ مجبوراً ضمانتی خط لکھ کر دیدیا۔ وہ بے انصاف جیسے ہی اسکو جنت کا راستا، جو گیا تو گیا۔ ~

چو کنجشک در باز دیداز قفس | قرارش نماند اندراں یک نفس
چو باد صبا آن زمیں سیر کرد | بہ سیر کیہ بادش رسیدے نگرد

جب وعدہ تمام ہوا حاکم اپنی پوری جماعت کے ساتھ خیرآباد آیا، اور روپے کا مطالبہ کیا، آپ نے فرمایا یہ روپیہ بادشاہ کا ہے ہمکو بادشاہ کے پاس چلنا چاہئیے اور معاف کرانا چاہئیے۔ خزانے میں ایک لاکھ روپیہ علاوہ دیدیا گیا۔ بقیہ کے لیے بادشاہ کی طرف روانہ ہوئے۔ ایک کثیر جماعت خلفا، علما، اور طلبہ کی ہمراہ ہوگئی۔ بادشاہ وقت سلطان ظہیرالدین محمد بابر تھا۔ جب ایکدمری

کی ملاقات ہوئی بادشاہ آپکے چہرۂ مبارک کے دیدار اور گفتگو سے بہت متاثر ہوا۔ اسی وقت روپے معاف کر دیئے۔ اور بولا ایسے ایسے لوگ ہندستان میں ہیں۔

اسی زمانے میں محمد ہمایوں بادشاہ جو اس وقت شاہزادہ ولی تھا۔ باپ سے دلگیر ہو کر دہلی چلا گیا تھا۔ اس کے لیے دوسری ملاقات میں بادشاہ نے حضرت جیو کو تکلیف دی کہ کسی طرح شاہزادے کو دلاسا دیکر لے آئیں۔

رخصت کے وقت حضرت شیخ جیو نے فرمایا۔ بادشاہوں کی غیرت بہت ہوتی ہے ایسے مواقع میں اپنے پرائے کا لحاظ نہیں کرتے ہیں آپ قسم کھا کر کہیے کہ شاہزادے کو کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی تو میں لے آتا ہوں۔ بادشاہ نے قرآن کی قسم کھائی اور کہا ؎ کسے آزار جانِ خود نخواہد ہیچ آفت رواں خود نخواہد

جب آپ شاہزادے کے پاس پہنچے، شاہزادہ کو یہ خبر آپ کے پہنچنے سے پہلے ہی پہنچ چکی تھی۔ بادشاہ اس سرگزشت سے بہت خوش تھا۔ جب ملاقات ہوئی دونوں کے درمیان صحبت راست آئی۔ دو تین روز کے بعد بادشاہ کی خدمت میں روانہ ہوئے بادشاہ سے ملے۔ بادشاہ نے بہت مہربانی کا سلوک کیا۔ حضرت شیخ جیو کو سراج الاسلام کے لقب سے نوازا۔ جب شیخ جیو بادشاہ سے رخصت ہونے کے ارادے میں تھے بادشاہ بیمار ہوا۔ بیماری کی تکلیف اتنی بڑھی کہ اسی بیماری میں انتقال کر گیا۔ تخت سلطنت پر ہمایوں بادشاہ تخت نشیں ہوا، اگرچہ بابر نے سراج الاسلام کے خطاب سے نوازا تھا لیکن ہمایوں نے بھی اس پر مزید اضافہ کیا اور بیس ہزار بیگھہ اراضی کا فرمان اپنے مہر و دستخط سے مزین کر کے دیا۔ پھر حضرت شیخ جیو خیرآباد تشریف لیگئے۔ روضۂ متبرکہ و مطہرہ (اسعد خیرآبادی)، کی جملہ عمارتیں سراج الاسلام کی فرمائش سے بنی ہیں۔ اگرچہ قطب العالم نے اپنی زندگی ہی میں اسکی اساس و بنیاد رکھی تھی مگر تکمیل تک سراج الاسلام کی سعی و کوشش سے پہنچی ہے۔ ؏ خداش خیر دہد ہر کہ ایں عمارت کرد۔ کیسی عجیب و غریب، کیا صاف ستھری پر فضا اور ہوا دار ہے۔ بس یوں کہئے۔ لم یخلق مثلہا فی البلاد ۝ (ایسا کوئی شہر ہی نہیں بسا)۔

منقول ہے۔ میاں شیخ الہدیہ بزرگ خیرآبادی، ان کا اصلی وطن قصبہ سندیلہ تھا، وہ کہتے ہیں میں چھ سال کا تھا کہ میرے والد نے مجھے اپنے ساتھ لاکر قطب العالم سے مرید کرا دیا تھا پھر میں جا کر تحصیل علم میں مشغول ہو گیا۔ جب فارغ التحصیل ہو کر اپنے گھر آیا، اسوقت قطب العالم کے سجادہ پر سراج الاسلام بندگی شیخ محمود جلوس فرما تھے۔ ان کے زمانے میں علما، طلبہ، قوالاں اور دیگر مخلوق کا ہجوم زیادہ سے زیادہ تھا۔ مجھے بھی سندیلہ سے بلا کر خیرآباد میں بسا دیا۔ میں بھی بچوں کی تعلیم میں مشغول ہوا۔ میاں شیخ نظام الدین ساکن امیٹھی بھی طلبہ کو درس دیتے تھے۔ ایک روز میرے اور میاں نظام الدین کے درمیان تفسیر مدارک میں مباحثہ ہوا۔ میں نے کہا سراج الاسلام کو حکم بنائیں وہ جو فرمائیں ہم دونوں تسلیم کریں۔ سراج الاسلام قرآن کی چودہ آیتوں میں زیر بڑھتے تھے، تراویح میں ختم قرآن قطب العالم کے زمانے سے کرتے تھے اور ان کے بعد بھی کرتے رہے۔ تفسیر میں عدیم المثال تھے۔ انکی روش یہ تھی کہ نماز جمعہ کے بعد تفسیر بیان فرماتے اس کے بعد علمی بحث ہوتی اسکے بعد مجلس سماع بعد اختتام سماع کھانا آتا، خلق اللہ

کھاتی تھی۔ جب میں نے اس مباحثہ کو جو میرے اور میاں نظام الدین کے درمیان تھا پیش کیا، ابھی میں نے بات پوری بھی نہیں کی تھی کہ آپ نے فرمایا، میاں شیخ الہدیہ بس کرو میں سمجھ گیا، کہ حق تمہارے ہی طرف ہے۔ سبحان اللہ کیا نازک طبیعت پائی تھی۔ یہ بیت آپ ہی کے حق میں زیب دیتی ہے ؎

چہ خوش است ہمزبانی بحریف نکتہ دانی      کہ سخن نگفتہ باشم بسخن رسیدہ باشد

منقول ہے کہ بندگی مخدوم سراج الاسلام نے تیسری ماہ صفر ۹۳۲ھ کو رحلت فرمائی۔

---

# ذکر بندگی مخدوم شیخ کمال روح اللہ روحہ

آپ کی مدح و تعریف ہم جیسوں کے مرتبہ والوں کے لیے مناسب نہیں ہے کیونکہ ہر شخص نے اپنی استعداد اور قدر و مرتبہ کے اعتبار سے کچھ لکھ دیا ہے۔ جس نے جیسا سمجھا ویسا لکھا۔ جو کچھ لکھا وہ اسکی اپنی استعداد اور مرتبہ کے مناسب ہوگا لیکن فقیر حضرت کی خدمت سے بہرہ ور ہوا ہے، آپ کے الطاف کی خوشبو میرے مشام جاں تک پہنچی ہے۔ ان کی نوازش میرے حال پر رہی ہے۔ حضرت والا کے احوال کا اپنی استعداد کے مطابق مشاہدہ کیا ہے۔ اس لیے صداقت اور سچائی کے ساتھ پورے عجز و عقیدتمندی کی بنیاد پر کچھ احوال و اقوال حضرت والا (بندگی شیخ کمال) کے لکھ رہا ہوں۔ اللہ ان کے احوال سے ہم لوگوں کو بھی حصہ عنایت فرمائے۔

حضرت والا ابھی تین ہی برس کے تھے کہ آپ کے والد سراج الاسلام بندگی شیخ محمود قدس سرہ نے دار فنا سے دار بقا کی طرف رحلت فرمائی۔ خرقہ متبرکہ جو قطب العالم نے انکو دیا تھا انکے (اپنے بیٹے مخدوم کمال کو) حوالہ کیا، پہننے کی اجازت دیکر اپنا خلیفہ و جانشین کر دیا تھا۔

اگر کوئی یہ کہے کہ ایک بچے کو خلافت تفویض کرنی کیسے درست ہے تو میں جواب میں کہوں گا کہ ہدایۃ السعداء میں خزانۃ العارفین سے نقل کیا گیا ہے کہ حضرت رسالت پناہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جب معراج سے لوٹے تو خرقہ حضرت علی ولی کو عطا کیا جو سیرت میں بزرگ مگر صورت میں خورد سال تھے، کہ علی چہار سالہ یا سہ سالہ تھے۔ پیغامبر صلعم نے جس روز حضرت امام حسین کو خرقہ مبارک پہنایا ہے اس وقت وہ چھ سال کے تھے، حضرت حسین سے خرقہ خلافت و اجازت بطور استخلاف علی زین العابدین کو پہنچا اس وقت علی اصغر (امام زین العابدین) تین چار سال کے تھے، تو اس سے ثابت ہوا کہ بچے اور نابالغ کو خلافت دینی یا تفویض کرنی جائز ہے۔

حضرت والا ابتدائے حال سے مرتبہ کمال تک دغدغہ عشق سے خالی نہیں تھے حضرت کے تمام احوال، حجاب اور پردے ہی میں رہے۔ سر عشق کا کتمان حضرت والا کی طبیعت و فطرت تھی، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ التصوف انما ھو تلبس و کتمان، تصوف پوشیدگی اور کتمان ہے اسرار معانی کی پوشیدگی میں پوری کوشش کرتے تھے، اپنے آپ کو غیروں کی نظر سے چھپاتے تھے ابتدائے احوال میں بحکم محبت ظاہری جمیل صورتوں کے ساتھ گرفتاری کا امکان تھا اس لیے اپنی اس کیفیت کے اظہار سے محترز رہا کرتے تھے، بقدر قوت امکاں (جہاں تک ممکن تھا) اس کو چھپاتے تھے۔ اگر معانی عشق کا غلبہ اور اسرار محبت کا استیلا ہوتا طبیعت کو دوسری طرف مشغول کر لیتے تا کہ قلبی کیفیت ظاہر نہ ہو سکے

کار ما با عشق خوبانست و ہر سو عالمی  دیدۂ انکار او، او ہمچنان در کار خویش

لیکن جسوقت صور ظاہر میں شہود حقیقت کا مشاہدہ کرتے تھے۔ تو فرماتے تھے۔

چشمۂ آفتاب می بینم لیک در طشت آب می بینم

اس معاملہ میں انکی پردہ پوشی اس حد تک پہنچی ہوئی ہےکہ وہم وگماں سے باہر ہے۔ محبت کا منشا، صاحب کمال اشتغال، فیض روحانی کا دغدغہ، وسوسہ خطور نفسانی سے مقصود حصول محبت ہے۔ ان سے خوشدلی اور راحت مقصود نہیں ہے ۔ سہ

غرض از عشق تو ام چاشنی درد و غم است ورنہ زیر فلک اسباب تنعم چہ کم است

منقول ہے۔ حضرت ایشاں' فرماتے تھے ناممکن ہے کہ کوئی مرتبہ کمال ولدیت کو پہنچے، مگر اسی وقت جبکہ اللہ تعالیٰ اسکے اسرار پر پردہ ڈالدے۔ اور مخلوق کی نگاہ سے اسکو پنہاں کردے "اولیائی تحت قبائی" کے یہی معنی ہیں، یہ صفات بشریت کی قبا ہے یہ کسی کپڑے کی قبا نہیں۔ جب صفات بشری ظاہر ہوتی ہیں مخلوق اسکی باطنی کیفیت سے ناواقف ہوتی ہے لیکن حق تعالیٰ اس کی حقیقت سے واقف ہے۔ لا یعر فہم غیری کا یہی مفہوم ہے۔

حضرت والا کو بادشاہان وقت شرف صحبت کیلیے تکلیف دیتے تھے، اور آپکی صحبت کو غنیمت شمار کرتے تھے۔ خصوصاً سلطان جلال الدین محمد اکبر نے کم وبیش بیس سال آپ کو اپنی صحبت میں رکھا۔

(حضرت والا کا) یہ وہ مقام ہے جہاں اس مقام والے پر فردانیہ غالب آتی ہے۔ اپنے اور غیروں کے لیے برداشت زحمت اس مقام کی معراج ہے۔ جو لوگ اس مرتبہ پر فائز ہیں افراد کہے جاتے ہیں۔ افراد تجلی ذات سے متجلی ہیں یہ قطب مدار سے افضل ہیں۔ افراد تجلی ذات میں ہیں یہ تجلی ذات انکو اخبار و آثار کونین سے بے خبر رکھتی ہے۔

چنانچہ ایک مرتبہ سلطان فیروز شاہ نے مخدوم شیخ نصیر الدین اودھی کو کچھ دنوں ساتھ رہنے کی تکلیف دی وہ بادشاہ کے ساتھ روانہ ہوئے، جب ہانسی کے حدود میں پہنچے تو شیخ قطب الدین منور قدس سرہ نے چاہا کہ حضرت فرد حقیقت (نصیر الدین اودھی) کی ملاقات کے لیے روانہ ہوں۔ حضرت (نصیر الدین) نے خادم کو بھیجا کہ آپ نہ آئیے ہم لوگ آرہے ہیں۔ تاکہ پہلے بادشاہ آپ سے قدمبوس ہو۔ اور اس کو سعادت حاصل ہو، حضرت مخدوم (نصیر الدین) چلے بادشاہ نے سنا تو وہ بھی سوار ہو کر ساتھ چلا۔ جب نزدیک پہنچے تب بھی حضرت مولانا منور اسی طرح بیٹھے رہے۔ ہجوم کی وجہ سے نہ اٹھے۔ اور فرمایا کہ اے برادر اب بھی رخصت ہے اور روانہ ہو گئے۔ لیکن شیخ منور نے وداع نہ کہی تھی۔ راستے میں بادشاہ حضرت مخدوم (نصیر الدین) سے ملا، اور اس نے کہا کہ آج میں نے نذر مانی ہے کہ دونوں بزرگوں کو ایک ہی سجادہ پر بٹھاوں اور خود زانوے ادب تہ کرکے آپ کے سامنے بیٹھوں۔ اس سبب سے بادشاہ مخدوم نصیر الدین کو واپس لے گیا۔ پھر جب اٹھنے لگے تو شیخ منور نے مخدوم نصیر الدین سے کہا۔ اے برادر مولانا نصیر الدین اب رخصت ہے،" بادشاہ کو تعجب ہوا" اب" کا کیا مطلب ہے۔ حضرت مخدوم نصیر الدین سے پوچھا۔ (اب کا کیا مطلب)؟

حضرت مخدوم نے فرمایا جب تم سے میں نے انکو رخصت کیا تھا اس وقت انھوں نے وداع نہیں کہی تھی کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ابھی ملاقات باقی ہے۔ یہی سبب تھا کہ تم کو انھوں نے دوبارہ کھینچ لیا۔ اور یہی وجہ تھی کہ اس مرتبہ "اب" کا لفظ استعمال کیا۔ اب بادشاہ کو اور بھی تعجب ہوا، کہا اے مخدوم عالم! انکو خبر تھی کہ دوبارہ ملاقات ہوگی اور آپکو۔ مخدوم نے فرمایا نہ تھی، کیونکہ میں ان کی ولایت میں تھا، انھوں نے بادشاہ کا حوصلہ دیکھ کر یہ جواب دیا ہے۔

لیکن میر سید گیسو دراز جب حضرت مخدوم کی خلوت خاص میں پہنچے تو اصل سبب دریافت کیا، مخدوم نصیر الدین نے فرمایا میں تجلی ذات میں تھا کہ فردانیت میں ہوں مجھے کچھ اخبار و آثار کی خبر تھی، لیکن برادر مولانا منور اس وقت تجلی افعال میں تھے بقصد اخبار قلبی و عالمی ان پر روشن تھے۔

ماحصل یہ ہے کہ بعض بزرگان بادشاہوں کی صحبتوں اور انکے تکلفات کو روا رکھتے ہیں۔ اور اختیار کرتے ہیں۔

حضرت والا پر ابتدا میں سکر غالب رہتا تھا، کبھی مستی کہ کسی کو ان کے سامنے ٹھہرنے کی ہمت نہ ہوتی تھی، جو بھی انکو دیکھتا خوف سے گوشے میں چھپ جاتا۔ آپ کے خوف سے مخلوق میں دہشت اور وحشت پیدا ہوتی تھی گویا شیر ہے۔

بعض معاندین و منکرین جو ان کے حال کو دیکھتے یا سنتے تو کہتے تھے کہ شراب پی ہے اور خم کے خم لنڈھا گئے ہیں۔ نادانوں نے کیا کیا افترا اللہ کے دوستوں پر نہیں کیا ہے۔ مگر اس کا کوئی اثر بھی نمایاں ہے؟ کوئی زمانہ مفتریوں اور کذابوں سے خالی نہیں رہا ہے۔ پیغامبر صلعم پر کیا افترا کافروں نے نہیں کیا ہے۔ چنانچہ خود خدا نے خبر دی۔ ان ھی الا افتراء، اور افتری علی اللہ کذبا" اس کے علاوہ بھی کتنی جگہ کافروں کے افترا کا ذکر قرآن میں موجود ہے۔ اس قسم کے الزامات حضرت والا کی ذات کے ساتھ بھی یہی افترائی قسم کے ہیں۔

حضرت والا ریا سے بہت ڈرتے تھے، ہرگز (لوگوں کے سامنے) زیادہ نوافل نہیں پڑھتے تھے، اور نہ لبوں کی حرکت سے ورد کرتے تھے۔ اس کے باوجود باطن میں استغراق اتنا تھا کہ ایک لمحہ بھی حق سے غافل نہ ہوتے تھے: ملتے تھے ؎

ہر آں کو دوما ازوے یک زماں است — در آں دم کافر است اما نہاں است

(اس حال میں) مخلوق کی گفتگو کا شعور نہ ہوتا تھا، لیکن لوگوں کی باتوں کا جواب دیتے تھے فرماتے تھے ؎

مستم کن آں چناں کہ ندانم زبیخودی — در عرصہ خیال کہ آمد کدام رفت

فرماتے تھے حضرت پیغامبرؐ نے ابوبکر صدیق کے بارے میں فرمایا۔" انبیا و رسل کے بعد سب سے افضل ابوبکر ہیں یہ برتری اور بزرگی صوم و صلوٰۃ کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اس محبت و اشتیاق اور سوز عشق کی وجہ سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں پیدا کر دیا ہے تو اصل عمل دل کا ہے نہ جوارح و اعضا کا ہے۔ تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ عمل جو حرکات قلب سے ہو اس

عمل سے افضل ہے جو جوارح کی حرکات سے سرزد ہوتا ہے۔"

جس وقت آپکو رقت ہوتی تھی اور آنسو کے سفید قطرات آنکھوں سے ٹپکتے تھے، اس وقت مخلصین کہا کرتے تھے کہ اسوقت مقام ابوبکر صدیق میں ہیں۔ نیز صاحب اللامعہ نے تذکرۂ ابن مخدومی سے نقل کیا ہے کہ حضرت امام محمد تقی فرماتے ہیں القصد الی اللہ تعالیٰ بقلوب ابلغ من دفقاء الجوارح بالاعمال۔ یعنی دل سے اللہ کی طرف متوجہ ہونا نافع تر ہے، جوارح کو محنت میں ڈالنے سے۔ اصل چیز پروردگار کی طرف دلی توجہ ہے۔ اور جسم کا عمل اس کی فرع ہے۔ بے حضور دل کے جسمانی عمل کی مثال، تن بیجان ہے۔

حضرت والا کو کافروں سے جہاد کا بہت شوق تھا، بادشاہ مذکور (اکبر) کے ساتھ کافروں کی جنگ میں شریک رہے، اور ایک بڑے پتھر سے مجروح بھی ہوئے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے حیات بخشی، لیکن کبھی کبھی اس میں درد بھی ہوجاتا تھا۔ چند مرتبہ تن تنہا، کافروں کے بادشاہ پر حملہ آور بھی ہوئے ہیں، ان کے اکابر کو مارا بھی ہے انکو قید بھی کیا ہے۔ ہمیشہ اس بات کی طلب تھی کہ کافروں کے ہاتھ سے جام شہادت پیئں۔ بادشاہوں کے ضعف اور کمزوری کے زمانے میں جبکہ اطراف سے کافر شہر پر دوڑ پڑا کرتے تھے۔ خود بدولت سوار ہوکر شہر کے باہر چلے جاتے اور ان لوگوں کا مقابلہ کرتے تھے۔ یہاں تک کہ کفار کا لشکر محض نام سنکر واپس ہوجاتا تھا۔ یہاں تک ہوتا کہ آپ کا پائے مبارک پکڑ کر معذرت کرتے اور رخصت ہوجاتے۔ معلوم اللہ تعالیٰ کافروں کے دل میں کیا خوف و دہشت پیدا کردیتا تھا، بس کلام پاک کی یہ آیت یاد آجاتی ہے۔ وقذف فی قلوبھم الرعب فریقا تقتلون وتاسرون فریقا۔

اسی زمانے میں تنہا پیادہ پا، تلوار حمائل کرکے سر راہ میں لیکر گشت کرتے اور لوگوں سے کہتے تم آرام سے سوؤ، میں تمہارا دوست ہوں۔ کبھی اگر دل میں آجاتا تو کسی شخص کو پکڑکر کشتی لڑتے اور ہرگز مغلوب نہ ہوتے تھے سب پر غالب رہتے تھے۔

ایک روز دل میں ایک بات آئی، میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا میں سنت نبوی کا خیال رکھتا ہوں لیکن ایک بات میرے دل میں کھٹک رہی تھی۔ ایک روز لطائف (اشرفی) کے ایک لطیفہ میں دیکھا، لکھا تھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض دوستوں کے ساتھ کشتی کی ہے مجھے اطمینان ہوا۔

حضرت والا جب شعرا، علما فضلا سے گفتگو کرتے تھے تو وہ سمجھتے تھے کہ اس فن میں انکے جیسا کوئی نہیں رہے۔ اور عام لوگ یہ سمجھتے تھے کہ روزہ، نماز کے مسائل سے زیادہ کچھ نہیں جانتے ہیں۔ اور حقیقت بھی یہی تھی کہ علم ظاہر کی تحصیل زیادہ نہیں کی تھی، لیکن فیض الٰہی۔ اور مواہب لامتناہی منقطع نہیں ہوئے ہیں۔

علم موسیقی میں بھی پوری مہارت رکھتے تھے، اکثر فارسی اور ہندی اشعار کی ایسی طرزیں بنادی ہیں کہ قوالوں اور

خوش طبعوں کی زبان پر یہیں لوگ ثانی امیر خسرو کہا کرتے تھے۔

حضرت والا جب رقص و حالت میں آجاتے تھے تو شہر کے مسلم و غیر مسلم مرد و عورت جو بھی سنتا کہ آپ کے یہاں محفل سماع ہے بے اختیار دوڑ پڑتے تھے اور اگر آپ کو دیکھتے تھے، آپکی آنکھوں کا یہ حال ہوتا جیسے دو بہشتی چشمے ہیں کبھی خشک نہ ہوں گے۔ چنانچہ آپکی شورش قلبی کا اثر دوسروں پر بھی پڑتا تھا، اور کوئی شخص بے رقت نہیں رہتا تھا۔ آپ کے اسرار اس وقت منکرین اور معاندین پر واضح ہو جاتے تھے اور سب یک زبان ہو کر کہتے تھے کہ آپ عارف باللہ ہیں۔ آپکی بے قیدانہ وضع کی وجہ سے جو دوسرے قسم کا گماں لوگوں کو رہا کرتا تھا اس (کمال کا) وہ اقرار کرتے تھے اور معافی کے خواستگار ہوتے تھے مشہور ہے جس وقت داؤد علیہ السلام زبور پڑھا کرتے تھے تو ملائک اللہ تعالیٰ سے اجازت لیکر زبور سننے آیا کرتے تھے۔ اس فقیر کے اعتقاد میں بھی ایسا ہی ہے کہ فرشتے اللہ رب العزت سے اجازت لیکر آپ کے حالات دیکھنے کے لیے حاضر ہوتے تھے بخدا میرے نزدیک یہ بالکل مبالغہ نہیں ہے۔ اس کو وہی سمجھ سکتا ہے جس نے دیکھا ہے۔

عموماً آپ کا لباس کھدر ہوا کرتا تھا مگر بزرگوں کے عرس کے روز پیراہن (عبا) پہنتے تھے۔ اور عیدین میں بزرگوں کے خرقے بھی پہنتے تھے۔ خلق اللہ کو اس کی زیارت سے مشرف کرتے تھے۔ اور یہ بھی فرماتے تھے کہ مجھے شرم آتی ہے کہ بزرگوں کے لباس میرے جیسے انسان کے بدن پر رہوں۔

حضرت والا فرماتے تھے کہ میرے نزدیک اس سے بڑا کوئی جرم ہی نہیں کہ بندہ خود کو قصور وار اور مجرم نہ سمجھے۔

حضرت والا انتقال سے ایک سال قبل سے ہی دنیا اور اہل دنیا سے تعلقات منقطع کر چکے تھے۔ تنہائی اور عزلت نشینی اختیار کر لی تھی اپنے آپ کو کسی کو نہیں دکھلاتے تھے۔ اگرچہ قدیم مخلصین آتے ملاقات کے لیے الحاح وزاری کرتے مگر آپ ذرا بھی ملتفت نہ ہوتے۔ اور فرماتے ایسا سمجھو کہ فلاں اب اس دنیا میں نہیں رہا۔ جب وفات کو تین مہینے باقی رہے تو خود کو بیمار ظاہر کرتے تھے۔ کھانے پینے سے احتراز کرتے تھے، اور مخلوق کی گفتگو سننا پسند نہیں کرتے تھے کہتے ہیں سخت بیمار ہوں بات چیت مجھے اچھی نہیں لگتی ماسویٰ سے تعلق منقطع ہو گیا تھا مگر جہاد کو اب بھی دوست رکھتے تھے کبھی فقیر سے کہتے سکندر نامہ پڑھکر سنائے یہ فقیر آپ کو سکندر کی کافروں کے ساتھ جنگ کرنے کی داستان سناتا۔ افسوس کرتے کہ اللہ نے مجھے شہادت نصیب نہ کی۔ فقیر جب دیکھتا تو کوئی بیماری ظاہر نہ ہوتی، بجز اس کے کہ جب دور و زخمات کو باقی رہے تو وہی پرانا درد جو کافروں کے ہاتھ سے پہنچا تھا پیدا ہوا آخر کار اسی تکلیف میں اس جہاں سے تشریف لے گئے۔

سبحان اللہ کیا عالی مشرب رکھتے تھے کہ متقدمین سے متاخرین تک نہ کسی میں دیکھا گیا نہ سنا گیا۔ مگر بعض بے تکلفانہ باتیں شیخ فخر الدین عراقی سے بعض نسخوں میں دیکھنے میں آئی ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

آپ کی وفات تیئسویں شعبان سنہ نو سو اٹھاسی[1] میں ہوئی والد کی وفات کے بعد پچاس سال زندہ رہے۔ اور مسند سجادگی پر جلوس فرمایا آپ کی عمر تریپن سال کی ہوئی۔ پیران سلسلہ کا جو خرقہ آپ کو ملا تھا وہ محض رافت و رحمت اور شفقت کی وجہ سے اس فقیر کثیر التقصیر اس رسالے کے مؤلف خواجہ کمال حضرت قطب العالم کے آستانہ کے جاروب کش کو عنایت فرمایا اور پہننے کی اجازت دی۔ الحمد للہ علی ذلک والمنۃ اللہ۔ اگرچہ یہ فقیر ایسے بزرگ کام کے لائق نہ تھا۔ ع

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

کسی بزرگ نے فرمایا ہے تمام لوگ مردوں سے میراث پاتے ہیں مگر یہ طائفہ اولیا زندوں سے میراث پاتے ہیں۔ فقیر اس مضمون کی تصدیق ہوگئی کہ بیشک ایسا ہی ہے۔

الٰہی ان بزرگوں کے طفیل میں جنکا ذکر اس رسالے میں کیا گیا ہے اس مؤلف کو اس دار فانی سے ایمان کے ساتھ لے جا اور ان سے ملا اور ان کے زمرے میں شامل کر۔ میں اپنی بھلائی کو نہیں جانتا ہوں جیسا کہ تو جانتا ہے ان کا کام تیری طلب اور حسن عمل پر موقوف ہے اے خدا کیا ہو گا اگر تو میری جگہ بھی ان لوگوں میں بنا دے۔

تمام ہوا، رسالہ مسمیٰ بہ تحفۃ السعداء بخط احقر العباد خواجہ عبداللہ عفی عنہ بتاریخ دسویں شعبان المعظم ۱۲۰۶ ہجری الحمدللہ کہ یہ کتاب بخط بے ربط مظفر علی ساکن قصبہ مہونہ باڑی ایک پاس دن رہتے ہوئے ۱۳۰۳ھ میں اختتام کو پہنچی

---

[1] نو سو بیاسی (۹۸۲ھ) ہونا چاہیے۔ (ادارہ)

حکیم سید یوسف پھلواروی
پٹنہ

# اختتامیہ

## کچھ تحفۃ السعداء کے بارے میں

"تحفۃ السعداء" سلسلہ چشتیہ اور سلسلہ سہروردیہ سے فیضیاب چند بزرگوں کا تذکرہ ہے۔ ہندوستان میں حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی قدس سرہ ان بزرگوں میں ہیں جن کی ذات گرامی چشتیت اور سہروردیت کی جامع تھی، اس رسالے میں آپ کے شیوخ اور خلفا کا تذکرہ ہے۔

حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کے سلسلۂ نصیریہ کی ایک شاخ ان کے ایک مرید و خلیفہ شاہ قوام الدین کے ذریعہ سے پھیلی یہ بزرگ اپنے مولد و منشا سے اٹھ کر لکھنؤ چلے آئے تھے۔

شاہ قوام الدین کے کئی خلفا تھے۔ ان میں ایک حضرت شاہ مینا لکھنوی ہیں۔ جو شاہ قوام الدین کے بھتیجے بھی تھے۔

دوسرے شاہ سارنگ جو شاہ قوام الدین کے بعد شاہ مینا کے مرشد ہوئے۔ شاہ مینا قدس سرہ نے شیخ قوام الدین اور شیخ سارنگ دونوں سے فیض پایا ہے۔

شاہ مینا لکھنوی قدس سرہ کے ایک ممتاز خلیفہ حضرت سعد خیرآبادی ہیں، جو خیرآباد ہی میں سکونت پذیر ہوئے اور رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری کیا۔ خانقاہ سعدیہ خیرآباد کی ابتدا انھیں حضرت سعد سے ہے۔

حضرت سعد کے خلفا میں حضرت شیخ مبارک سندیلوی، شیخ صفی اور ان کے برادر زادہ شیخ محمود تھے، جو اپنے چچا شیخ سعد کے بعد ان کے جانشین ہوئے اور ان کی خانقاہ کا نظم و انصرام ان کے سپرد ہوا۔

شیخ محمود کے بعد ان کے خلیفہ شیخ کمال جانشین ہوئے۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے مرید و خلیفہ خواجہ کمال جانشین ہوئے۔ یہی "تحفۃ السعداء" کے مؤلف ہیں۔

خواجہ کمال نے اپنے چند بزرگوں کا تذکرہ اپنی کتاب "تحفۃ السعداء" میں کیا ہے:

حضرت قوام الدین، شاہ سارنگ، شاہ مینا لکھنوی، شاہ قطب الدین جانشین شاہ مینا قدس سرہ شیخ سعد خیرآبادی، خلیفہ حضرت شاہ مینا۔

ان بزرگوں کے تذکرہ کے علاوہ شیخ مبارک سندیلوی، حضرت مخدوم جہانیاں، مخدوم راجن قتال کے اسمائے گرامی بھی اس کتاب میں آتے ہیں اور ان بزرگوں کے بعض بعض واقعات کا علم ہوتا ہے۔

مصنف کا اصل مقصد تو حضرت سعد خیرآبادی اور ان کے جانشینوں کا ذکر کرنا ہے۔ لیکن سلسلے کی کڑی چونکہ حضرت قوام الدین کے واسطے سے حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلی تک منتہی ہوتی ہے، نیز مخدوم جہانیاں اور حضرت راجن قتال سے بھی شیخ قوام کو فیض پہنچا ہے۔ اس لئے ابتدا میں انھیں بزرگوں کا ذکر آتا ہے۔

حضرت سعد خیرآبادی سے مصنف تک تین سجادہ نشین ہیں، چوتھے خود مؤلف کتاب خواجہ کمال ہیں۔

اولیاء اللہ کا دو رجحان رہا ہے۔ ایک جماعت وہ ہے جو اہل ثروت اور بادشاہوں سے گریز کرتی رہی ہے۔ کسی ثروتمند یا بادشاہ کی طرف اس نے نظر نہیں اٹھائی۔ ہمیشہ ان سے مجتنب رہی۔ چشتی بزرگوں کا زیادہ تر یہی انداز رہا ہے۔

دوسری جماعت وہ ہے جو دولت مندوں اور بادشاہوں سے ملنا ناروا نہیں سمجھتی، ان کی ہدایت کی نیت سے وہاں جانا بہتر سمجھتی ہے۔ اس رسالہ "تحفۃ السعداء" میں جن اولیا کا ذکر آیا ہے، ان میں سے ہر ایک کو شاہی دربار سے قرب حاصل تھا۔ شاہ قوام الدین کو سکندر لودی کے دربار میں بحیثیت مشائخ قرب حاصل تھا۔ شیخ سارنگ 'سارنگ' کے خطاب سے سرفراز تھے۔

غرض سکندر لودی سے جلال الدین اکبر تک جتنے بادشاہ ہوئے ان کے دربار میں ان بزرگوں کو بحیثیت مشائخ رسوخ حاصل تھا۔ مدد معاش میں جاگیریں بھی ملی تھیں، جو لنگر میں صرف ہوتیں یا اہل حاجت کی مدد و اعانت میں صرف ہوتیں لاکھوں لٹاتے تھے مگر خود ان اموال کے استعمال میں احتیاط سے کام لیتے ایسا بھی ہوا ہے کہ فاقہ کشی برداشت کی لیکن شاہی اموال سے ایک حصہ بھی اپنی ذات پر صرف نہ کیا۔

اس رسالے میں جو تاریخی واقعات لکھے ہیں، اگرچہ ایک محقق کو اس کی تصدیق کے لئے دیگر ذرائع تصدیق کی بھی تلاش ہوگی، لیکن ان کو کلیتہً بے اصل نہیں کہا جا سکتا جبکہ ان کی خانقاہ میں سلاطین کی دی ہوئی جاگیریں موجود تھیں اور لاخراج تھیں۔ المختصر کتاب میں مختلف النوع مضامین ملتے ہیں۔ اس میں جہاں اخلاق و کردار کی درستی کا سبق ہے وہاں ذکر و اشتغال کی تعلیم بھی ہے۔ روزمرہ زندگی میں عوام و خواص کے طریق بود و ماند کی تصویر بھی جھلکتی ہے۔ جاگیردارانہ نظام کی معطلی معافی کا ذکر بھی ملتا ہے۔ شکنجہ کشی اور آنکھوں میں سلائی پھیرنے کے قصے بھی پڑھنے میں آتے ہیں۔ "کرامات الاولیاء حق" کی جلوہ گری بھی ہے۔ غرض ان چند باتوں کو جو بطور عقیدت اور غلو زیر قلم آگئی ہیں۔ نظر انداز کر دیا جائے تو یہ نسخہ ان

بزرگوں کے سوانح حیات کے لئے ایک مختصر نوٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔

اصل کتاب تحفۃ السعداؒ کی نقل ۱۲۰۶ھ میں خواجہ عبداللہ نے کی تھی۔ اسی نسخہ سے ۱۳۰۲ھ میں مظفر علی ساکن مہونہ باڑی نے نقل کیا ہے، اور یہی نسخہ اس وقت پیش نظر ہے۔

نقل در نقل ہونے کی وجہ سے اکثر عبارتیں پڑھی نہیں جاتی ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ خود کاتب کی سمجھ میں بعض عبارت نہیں آئی ہے، اور بے سمجھے بوجھے عبارت نقل کر دی ہے۔ بعض مقامات پر ایسی عبارت ملتی ہے جس کا مفہوم کسی صورت واضح نہیں ہوتا۔ ایسے ہی مقامات پر الناقل لا یعقل کی مثل یاد آتی ہے۔

پیش نظر نسخہ بظاہر دیکھنے میں بہت صاف نظر آتا ہے، لیکن کتنے مقامات ایسے ہیں جو صحیح پڑھے نہیں جاتے اور اگر کسی حد تک پڑھے جاتے ہیں تو مضمون الجھ کر رہ جاتا ہے۔ کتاب اگرچہ فارسی میں ہے لیکن یہ فارسی محض سادہ نہیں بلکہ اردو آمیز ہے۔ خالص ہندی کے الفاظ حکایتاً نہیں بلکہ لغتہً بھی استعمال ہوئے ہیں، کتنے مقامات ایسے ہیں جہاں ہندی کا لفظ فارسی کی جگہ پر استعمال کیا گیا ہے، بعض ہندی محاورے فارسی میں ترجمہ کر دیئے گئے ہیں۔